بسم الله الرحمن الرحيم

نخستین تحسین دیباج دیباچه بتحمید و تمجید خالق الحب فالق الحب مالک الملک والملکوت
ذو العزة والجبروت را سزاست که ما عرفناک حق معرفتک بحضرت کبریای
او زیباست و از هر زهره و نور نورش اظهر و به هر سر سید اجمال جمیل و جلال جلیل اجلی پدید
فالحمد لله رب العالمین و تبارک الله احسن الخالقین و نحن
علی ذلک من الشاهدین درود درود نامعدود و نامحدود بر فص
زاهر و نص باهر نفس آدم نقش اعظم سید الانبیا سند الاصفیا مقصود و ما ینطق

الشعراء تلامیذ الرحمٰن

الحمد للہ کہ درین ایام میمنت فرجام

دیوانِ دوم جاہ

من تصنیفات جناب مستطاب معلی القاب نواب سید بنیاد حسین خانصاحب بہادر

المتخلص بہ جاہ خلف الصدق نواب سید احمد حسین خانصاحب سالک مغفور

نواسۂ نواب معتمد الدولہ بہادر وزیر اعظم شاہ اودھ مرحوم

در مطبع انتظامی کانپور مطبوع گردید

عن الهوی ان هو الا وحی یوحی مصداق لولاک لما خلقت الافلاک

محمد محمود را بجاست که وجود با جودش بهر نادی و وادی هادی و رهنماست

فصلی الله علیه و آله المنتجبین المنتجبین سیما علی علی الاعلی صلوٰة عالیة

غالیة کبیرة کثیرة سپس سپاس بر درۂ نادره آرا بے ریاے

رزین و زرین احباب اطیاب مستنیر باد و مستتر مباد که تدوین دواوین نه زجرے

و نقمتے دارد نه اجرے و نعمتے آرد مانا که گلشنیست بخار آلا چون خون غنچه

گلبنیست بیکار مشغلۂ بے سود و شعلۂ بے دود شان بے نشان و نشان بی شان نیست

ترحش معلوم و فرحش معدوم از زوائل غیر زائل عاقل غافل نیست نیشش بیشش

بیش و بساط نشاط و انبساط عشر عشیر و بهجۂ مهجۂ عسیر ترح و فرح صماخ سماع از ترهات

اعادی بسیر بخلال این خیال از هنگامے که حضرت استادی الحسیب النسیب الحبر الخبیر

فاقد النظیر الناقد البصیر منشی مفتی امیر احمد صاحب امیر مینائی تکیه یکته نکته اینما تکونوا

یُدْرِکْکُّمُ الْمَوْتُ وَلَوْ کُنْتُمْ فِیْ بُرُوْجٍ مُّشَیَّدَۃٍ نمودہ داعی حق را لبیک
گفتند ذوق و شوق زائد و انشاد نماند المختصر بعد تدوینِ اول دیوان کہ بہ اسم تاریخی
و سنِ طبعش از سخنِ ثاقب ہویداست چون این دیوانِ ثانی کہ نامِ تاریخی و
سنِ طبعش از لفظ منظمِ رنگین بر می آید بالایجاز بہ تزویق و تلفیق درآمدہ مطمحِ ابصار
و مطرحِ انظار نمودم و چاپ کردم رجا کہ اگر این عبد ضئیل و ذلیل و علیل و نحیل
سید بنیاد حسین جاہ صین عن کل شین ابن النواب المغفور سید احمد حسین خان
سالک اسکنہ اللہ فی اعلی علیین جائے خطائے رفتہ باشد بہ جدل و خذل مناقضہ
و مناہضہ و نصال و نکال نکوشند و بنطاء عطاء و نوال و نوال بپوشند
والسلام علی من اتبع الہدی حررتہا فی سنہ ۱۳۲۰ ہجری علی صاحبہا
اے تبدہ الدیباچہ ۱۲

الف الف تحیۃ و بہیۃ

قصیدہ اولی در منقبت اسد اللہ الغالب حضرت علی بن ابی طالب علیہما السلام

شعر خواندن ۱۲
اختصار ۱۲
آراستن و درست کردن ۱۲

المدد فکرِ رسا آج دکھا دے اعجاز
زلفِ محبوب کی صورت ہو تری عمر دراز

تیرہ بختی کا دمِ نظم نہ ظاہر ہو اثر
اشہبِ خامہ کو طے کرنی ہے راہِ تگ و تاز

شش جہت مین ہو مری نظمِ دل آویز کی دھوم
بارک اللہ کی ہر سمت سے آئے آواز

سیرِ ہر ہفت سموات مبارک تجھکو
تا قیامت نہو کم قوتِ بالِ پرواز

ناطقہ بند ہو حیرت سے برنگِ تصویر
نغمہ سنجی جو سُنے بلبلِ باغِ شیراز

چل کے شمشیر کی صورت نہ رُکے توسنِ کلک
گر کہین رستے مین پل جائے نشیب اور فراز

گر ترے فیض سے ہاتھ آئے کلیدِ مقصود
اک اشارے مین کھُلے قفلِ سراپردۂ راز

جلد یون جائے مضامین کیطرف طبعِ بلند
عرش کے پار ہو مظلوم کی جیسے آواز

ایسے الفاظ ہون روشن کہ کہے دیکھکے چرخ
دائرے برج ہین نقطے ہین نجومِ اعجاز

چہرۂ شاہدِ معنی کی ہو یون جلد نمود
جیسے مقبول مُصَلّی کی دعا بعدِ نماز

حُسنِ معنی کی ہو الفاظ مین یون جلوہ گری
جیسے آئینے مین اشکالِ حسینانِ طراز

نظم کرنا ہے مجھے ایک قصیدہ ایسا
جسکو لیجائیں ملک پیشِ شہنشاہِ حجاز

ہے وہ دامادِ نبی فخرِ عجم میرِ عرب
بعض کہتے ہیں خدا جسکو علی سوقِ مجاز

نامِ نامی ہے علیؓ فاتحِ صفین و حنین
غازی و بت شکن و عارفِ حق بندہ نواز

سروِ بستانِ امامت گلِ باغِ عرفان
مرشدِ روحِ امین مظہرِ وحی و اعجاز

ناہیِ کفر و ضلل ماحیِ ادیان و ملل
ناہبِ اہلِ دغل تاجِ سلاطینِ حجاز
تاراج کنندہ ۱۲

آمرِ امرِ قضا نقشِ قدر نفسِ نبی
گوہرِ درجِ سخا جوہرِ آئینۂ راز

مالکِ خلدِ بریں مہبطِ جبریلِ امین
کعبۂ اہلِ صفا قبلۂ اربابِ نیاز

قاسمِ نار و جنان باعثِ ایجادِ جہان
کاشفِ سرِ نہان واقفِ ہر نکتۂ راز

مطلعِ جود و کرم مقطعِ الطاف و ہمم
منبعِ فیضِ اتم مجمعِ خُلق و اعجاز

مانعِ جور و جفا دافعِ آلام و بلا
تابعِ امرِ خدا عقدہ کشا محرمِ راز

یاورِ یونسؑ و ایوبؑ و خلیلؑ و آدمؑ
ناصرِ یوسفؑ و عیسیٰؑ شہِ کونین نواز

حرمتِ زمزم و میزاب و صفا و مروہ　　زینتِ کعبہ و محراب و حرم رکنِ نماز

حافظِ نوح و خضر ہمدمِ الیاس و مسیح　　زور بازوے نبی صاحبِ کشف و اعجاز

جانشینِ احمدِ مرسل ہے ولیِ معبود　　نائبِ ختمِ رسل واقفِ آئینِ نیاز

نوکِ فکر سرِ عرش رہے فیضِ حضور　　نور کے تازہ مضامین کا ہوا اب آغاز

ڈھل کے آیا ہے وہ اک مطلعِ برجستہ و چست　　جس پہ خود طبعِ سخنور کو ہے سو طرح کا ناز

مطلعِ دوم

ہو جو ایما ترا اے خسروِ اقلیمِ حجاز　　آگ کے بدلے ہو پانی سے ابھی شیشہ گداز

زینۂ قصرِ معلّےٰ ہے جسے کہتے ہیں عرش　　آستانِ درِ دولت فلکِ سرافراز

معدلت سے تری جاتا رہے دورِ فلکی　　معتدل دم میں ہو عالم کی ہوائے ناساز

تو اگر چاہے مقیّد رہیں آزادِ جہان　　طوقِ قمری کی طرح سرو کرے ہاتھ دراز

عدل گستر ہے وہ تو ہو جو اشارہ تیرا　　لکھ کے دے خطِ غلامی ابھی عصفور کو باز

سرد آہوں سے عنادل کی ہو صیّاد ملول　　گرمیِ آتشِ گل سے دلِ گلچیں ہو گداز

نام وہ نام کہ جو نام ہے رُکنِ اسلام　　شکل وہ شکل کہ ناز اُسپہ کرے شاہدِ ناز

نور چہرے کا ترے رشک دہِ شعلۂ طور　　لیلۃ القدر کی تفسیر ہین گیسوے دراز

تیغ ابرو کو جو کہیے تو کہان اُسمین یہ خم　　تیر مژگان کو جو کہیے تو وہ کوتہ یہ دراز

چشمۂ فیض و کرم ہین تری آنکھین شاہا　　پایۂ رحمت کے ہین وہ در جو پئے خلق ہین باز

تیری پلکین نہین لینے کو بلائین رُخ کی　　مردمِ دیدہ نے پردے سے کیے ہاتھ دراز

دو نو رخسارۂ روشن ہین کہ اللہ اللہ　　ہے جنھین دیکھ کے حیران نگہِ آئنہ ساز

کوئی تمثیل دہن کی جو نہ شاعر کو ملے　　سیدھی سی بات ہے کہدے اُسے اللہ کا راز

آپ کا سینۂ بے کینہ ہے گر مخزنِ غیب　　دونو ہاتھ آپ کے ہین فیض رسانی ہین دراز

صورتِ مہرِ مبین ضو مین ہے نقشِ کفِ پا　　یہ قدم وہ ہین جنھین کہتے ہین سب ذرّہ نواز

ہمسے ہو جائین نصیری سے جو دو دو باتین　　ہم بھی پھر کہدین خدا سوچ کے انجام آغاز

نامِ نامی ہے ترا وردِ ملایک اُس صبح　　جیسے پابندِ شریعت کی قضا ہو نہ نماز

تیری ہی ذات ہوئی وجہِ وجودِ آدم — تیری ہی ذات ہے عالم مین ہر اک سے ممتاز

کون ہے عالمِ امکان مین جو بھرتا نہین دم — ہین ہوا خواہ سلیمانؑ ترے عیسیٰ دمساز

چھیڑ دے بزمِ طرب مین جو کوئی رعب کا ذکر — پردۂ ساز مین بیٹھی رہے چھپ کر آواز

ہے عبادت بھی عبث ہو نہ اگر تجھ سے رجوع — منحرف قبلے سے ہو کر کہین جائز ہے نماز

ذرّے انجم سے ملین جا کے جو تو چاہے عروج — لے اڑے جانبِ افلاک ہوا سے پرواز

خلقتِ کج کی جو اصلاح ہو تجھ کو منظور — ہو مسطح ابھی گردون کا نشیب اور فراز

تجھ سے بہتر نہ کوئی ہوگا نہ ہے اور نہ ہوا — آگے اللہ کا بس نام ہے اے بندہ نواز

جاہ اطناب سے کیا فائدہ کر نظم کو ختم — طبعِ نازک کو ہے مرغوب ہمیشہ ایجاز

اب دعا مانگ خدا سے کہ پئے زوجِ بتولؓ — جلد دکھلا دے مجھے روضۂ سلطانِ حجاز

مجھکو دشوار بہت تجھکو نہایت آسان — مین ترا بندۂ محتاج ہون تو بندہ نواز

میری راحت کی مخل مثلِ زمانہ ہے زمین — میری بربادی کے درپے فلکِ فتنہ طراز

فکر و آلام جدا علت و اسقام جدا	دامنِ صبر پہ ہے خارِ محن دست انداز

قابلِ عفو معاصی تو نہیں ہیں یا رب	ہاں اگر ہے تو تری بندہ نوازی پہ ہے ناز

تجھکو کہتے ہیں حکیم اور رحیم اور کریم	تو ہی الطاف سے اپنے مجھے کردے ممتاز

قصیدۂ ثانیہ منقبت کہ در علالتِ خود گفتہ بودم و بفضلہ صحّتِ کلّی شد

کشاکش میں ہے جان اپنی نہو کیونکر پریشانی	اِدھر اسقامِ جسمانی اُدھر آلامِ روحانی

اِدھر امراض کی شدت اُدھر یاس و غم و حسرت	مددا اے رحمتِ باری مددا اے فضلِ رحمانی

نہ کوئی ناصر و یاور نہ کوئی ناخدا اپنا	غضب ہے بیچ دریا میں ہوئی ہے ناؤ طوفانی

رہا کرتی ہے صحبت گرم دن بھر سرد آہوں سے	سحر سے شام تک رنج و الم کی دل میں مہمانی

وہ چہرے پر پریشانی کہ حیران شامِ غربت ہو	نظر وہ یاس کی جس پر تصدق چشمِ قربانی

مجھے اذکار ہی سے اپنے اب فرصت نہیں ملتی	کسے کہتے ہیں شعر و شاعری کیسی غزلخوانی

مرا دل ہی مرا دشمن ہے اب راحت کہاں ممکن	چو کفر از کعبہ برخیزد کجا ماند مسلمانی

مری آہیں جو سنتی ہے تڑپ جاتی ہے بجلی بھی　　وفورِ گریہ نے میرے کیا ہے ابر کو پانی

میں اک مدت سے پابندِ محن ہوں آ کے دنیا میں　　ملی ہے رنج و غم کو میرے کیسی عمرِ طولانی

کوئی دم جورِ دستِ چرخ سے راحت نہیں ملتی　　ہوئی تھی کیا اسی کے واسطے بنیادِ انسانی

سمجھتا ہوں کہ شاید دوسری دنیا کا انساں ہے　　جو کوئی سامنے آتا ہے میرے خندہ پیشانی

وہی میں ہوں کہ اک آنسو نکلتا تھا نہ آنکھوں سے　　وہی میں ہوں کہ ہے دو دو پہر اب اشک افشانی

مری آنکھیں وفورِ گریہ سے دریائے بے پایاں　　ہر اک آنسو کا قطرہ رشکِ مروارید عمّانی

وہی میں تھا کہ واقف ہی نہ تھا کچھ نا امیدی سے　　وہی میں ہوں کہ حسرت کی ہے اب دل میں فراوانی

برابر اشکِ خوں جاری رہا کرتے ہیں آنکھوں سے　　گرا کرتے ہیں دامن پر مرے لعلِ بدخشانی

اطبّا کی بنا چاری کبھی ہے ناز برداری　　کبھی احباب سے ذکرِ ثوابِ فاتحہ خوانی

اُدھر دل کو نہایت ہے کہ یہ جانِ ناتواں پیاری　　اِدھر خواہانِ جاں ہر وقت بیخِ خانہ ویرانی

حسینوں کی ادا میں نقص ڈالے میری قسمت نے　　کبھی نظروں سے لی اور زلفوں سے پریشانی

وہی میں ہوں وہی گردوں وہی تقدیر کیوں بدلی — خدا جانے بدل جانے میں اب کیا مصلحت جانی

مجھے کچھ بخت کا شکوہ نہ گردوں سے شکایت ہے — فقط ہے التجا اُس سے جو ہے محبوبِ یزدانی

علیِ فاتحِ خیبر امامِ اوّلین حیدر — حبیبِ داورِ محشر علیمِ سرِّ ربّانی

شریکِ حالِ موسیٰ یاورِ عیسیٰ ستہِ عالم — خلیلِ آدمؑ و حوّا عزیزِ ماہِ کنعانی

ولیِ مالکِ مطلق وصیِ مصطفیٰ برحق — شفیعِ اُمّتِ عاصی مطیعِ امرِ سبحانی

علی اعلیٰ علی مولا علی اولےٰ علی آقا — علی کشّافِ ہر سرِّ خفی و رازِ پنہانی

علی ہادی علی حامی علی طاہر علی اطہر — سراپا رحمتِ داور مجسم فضلِ ربّانی

قوی و غازی و غالب علی ابنِ ابی طالب — معینِ حاضر و غائب سراپا نورِ یزدانی

لکھوں اک کوششِ خورشید مطلع شانِ حضرت میں — کہ اُن کی دید سے آنکھیں ہوں روشن دل ہو نورانی

مطلع

ترے نقشِ کفِ پا کی اگر دیکھے درخشانی — نہ ہوتا خضرِ رہ روشن مشعلِ غولِ بیابانی

وہ سلطانِ زمن تو ہے کہ ہے سارا جہاں تابع — سکندر کو ہے دارائے درِ دولت کی دربانی

نقابِ چہرۂ انور کسی دن گر سرک جائے — زلیخا بھول جائے صاف حُسنِ ماہِ کنعانی

جو تو ہادی نہو شاہا ضلالت اسقدر پھیلے — گلے مین ڈال لے بلقیس زنّارِ سلیمانی

نگاہِ قہر گر ہو تفرقہ انداز عالم مین — نہ ممکن ہو کبھی پھر اتحادِ جسمی و جانی

اگر منظور ہو تجکو نشان ظلمت کا مٹ جائے — دلِ کافر مین بدلے نورِ حق سے نارِ نیرانی

معینِ اہلِ دنیا فیضِ عالی گر نہو جاتا — نہ ملتی رہنے کو ہرگز سرائے عالمِ فانی

اگر مدِّ نظر ہو جمع ضدّین آپکو شاہا — شرر پانی سے پیدا ہون عیان ہو آگ سے پانی

جنابِ خضر گر لیتے نہ تیرے نامِ نامی کو — اثر زہرِ ہلاہل کا دکھاتا آبِ حیوانی

بدل جائے زمانہ تو اگر قالبِ اثر چاہے — سوادِ شامِ غربت مین عیان ہو صبحِ نورانی

جو تو چاہے تو عسرت ہو مبدّل عیش و عشرت سے — بگولون سے ہو جاے خاک افشانی زرافشانی

مریضانِ ازل پہ ہو کرم تیرا تو ہر اک گل — بنے مرہم پے داغِ پرِ طاؤسِ بستانی

ہوئی کثرت یہ آبادی کی تیرے عہدِ دولت مین — بیابان مین بسی جاکر ہر اک بستی سے ویرانی

بنائین امن کی راہین جو تیرا قہر مانع ہو
جلا کر مشعلین ڈھونڈھین اگر غولِ بیابانی

تجھے مقصود گر ہو پردہ پوشی خاکسارون کی
چھپا لے بڑھکے دریا دشت کی دم بھر مین عریانی

خود آرائی مٹانے پر جو تیرا قہر مائل ہو
جلادے دستِ نگین آتشِ یاقوتِ رمّانی

فضائل پر ترے ہین شاہدِ عادل زمانے مین
براہین و ادلہ کے سوا آیاتِ قرآنی

ترے در کا گدا جو ہے وہ مستغنی ہے عالم سے
نہ لے کوڑی کے دامون خاتمِ دستِ سلیمانی

ہر اک اعلیٰ سے تو اعلیٰ ہر اک افضل سے تو افضل
تری کنہِ حقیقت ماسوی اللہ کسنے پہچانی

نگاہِ لطفِ حضرت سے پلٹ جاتی ہین تقدیرین
بدلجاتے ہین دم بھر مین خطوطِ لوحِ پیشانی

جو بحرِ فیضِ حضرت جوش مین آئے عجب کیا ہے
بنے چھالا ہر اک شیشے کا دُرواریدِ عمّانی

نہ پائے اوج عالم مین گرے ایسا نگاہون سے
نہ رکھے آکے قدمون پر اگر سر تاجِ سلطانی

وفورِ رعبِ حضرت سے قدم جمنے نہین پاتے
پریشان ہے پریشانی تحیر مین ہے حیرانی

یہ دیکھو فیضِ حضرت اب نشان غم کا نہین ملتا
ہوئی معمورۂ فرحت سراے عالمِ فانی

مصور کی بھی حیرت دیدۂ تصویر نے کھینچی ۔ چھپی ہے آئینے کے دل مین اسکندر کی حیرانی

رواج ایسا ہوا جمعیتِ خاطر کا عالم مین ۔ بسی ہے کوچۂ زلفِ حسینان مین پریشانی

فقط اس عالمِ ایجاد مین اک مین پریشان ہون ۔ مرے ہی دل مین ہے اندوہ و حسرت کی فراوانی

شہا تیرا کرم گر ہو تو جائے گردشِ قسمت ۔ ہر اک مشکل ابھی ہو سہل دم بھر مین بآسانی

مسیحائی کرے گر تو تو صحت ہو ابھی حاصل ۔ مثالِ کیمیا معدوم ہون اسقامِ جسمانی

گدائے درگہِ عالی ہے جاہِ ناتوان شاہا

نگاہِ لطف فرما اب پئے محبوب یزدانی

غزلیات

اور تو کوئی نہین ہجر مین ہمدرد مرا ۔ دم جو بھرتا ہے تو بس اک نفسِ سرد مرا

اُنکے کوٹھے پہ گئی اُڑکے مری قبر کی خاک ۔ آسمان پر ہے دماغ اب صفتِ گرد مرا

دیکھکر شکل مری سعی رقیبون نے بھی کی ۔ رنگ لایا تری فرقت مین رُخِ زرد مرا

فیصلہ کیجیے ہر روز کا جھگڑا جائے　　آپ کا ہو کے رہے یا دلِ پُر درد مرا

دل میں ممکن ہی نہیں وصل خوشی کا نشہ ہیچ　　یاں ہوا باندھے ہے اپنی نفسِ سرد مرا

خاطرِ یار میں مجھ خاک نشیں کی ہے جگہ　　گھر ہے آئینے کے دل میں صفتِ گرد مرا

دل کا ہے قول کہ دونوں میں چمک ٹھہری ہے　　یار کی برقِ تبسم ہو کہ ہو درد مرا

مژدۂ وصل نے چھڑکا مرے چہرے پہ شہاب　　اُڑ گیا شکلِ خبر رنگِ رخِ زرد مرا

ضبطِ فریاد سے آتا ہے جو چہرے پہ عرق　　پنکھے جھلتا ہے برابر نفسِ سرد مرا

میری غیرت اسے رکھے گی مرے دل میں اسیر　　پہلوِ غیر میں رہنے کا نہیں درد مرا

آتشِ غم پہ نہ چھڑکیں اگر آنکھیں پانی　　پھونک دے اور بھی سینہ نفسِ سرد مرا

عشق نے دی ہے اجازت اسے آزادی کی　　گھُٹ کے سینے میں رہے کیوں نفسِ سرد مرا

پھاڑ کر پھینک دیا یار نے محضر اے جاہ
نام لکھا ہوا دیکھا جو سرِ فرد مرا

لٹ گیا وصل کی شب آتے ہی جوبن اُنکا　　اب ہے چولی نہ گریبان نہ دامن اُنکا

دیکھ پائے جو کہین جلوۂ پُرفن اُنکا　　دم بھرے صورتِ ناقوس برہمن اُنکا

کسی ناشاد کی تربت کو کیا ہے پامال　　آج ڈالے ہوئے گردن ہے جو توسن اُنکا

جذبِ الفت نے کسی کے نہ دکھائی تاثیر　　نام جیتے ہی رہے شیخ و برہمن اُنکا

بعد مدت کے مری آنکھون کی قسمت جاگی　　چشم گریان ہے مری اور ہے دامن اُنکا

چاہیے دل کو رہے پاسِ نزاکت شبِ وصل　　بیخودی مین کہین بن جائے نہ دشمن اُنکا

ایک بھی راز نہو فاش گنہگارون کا　　پردہ پوشی جو کرے حشر مین دامن اُنکا

دم جو عاشق کا نکلتا ہے تو ہنستے ہین وہ　　عشق کو کھیل سمجھتا ہے لڑکپن اُنکا

آنکھ ہر چند کرے پنجۂ مژگان سے کشش　　کب پلٹتی ہے نگہ دیکھ کے جوبن اُنکا

ذبح عشاق اگر ہون تو بلا سے ہو جائین　　غیرتِ تختۂ گلشن رہے دامن اُنکا

کوئی کہدے کہ یہان دستِ ہوس ہے گستاخ　　سر اُٹھائے نہ بہت وصل مین جوبن اُنکا

کسکی آہون نے ہوا باندھی ہے اے ربِ کریم — آج چہرے سے اُڑا جاتا ہے دامن اُنکا

اس قدر زیب نہین برقِ تجلی پہ غرور — تو نے مُنھ دیکھا ہے اے وادیِ ایمن اُنکا

جھک کے اے نازنہین چار قدم چلنے دے — پاے نازک کو ذرا چوم لے دامن اُنکا

قبضہ غیرون کا ہوا ہوتے ہی آغازِ شباب — لُٹ گیا فصلِ بہار آتے ہی گلشن اُنکا

اب تو سینے پہ دوپٹے کے ہین آنچل دن رات — دوہرے پردے مین رہا کرتا ہے جوبن اُنکا

حشر کے دن وہ کشاکش مین پڑے ہین آجاہ

ہاتھ پکڑے ہے کوئی اور کوئی دامن اُنکا

رنگ بدلے کس طرح کوئی چمن تصویر کا — لائقِ گردش نہین چرخِ کہن تصویر کا

سامنے آنکھون کے رہتا ہے چمن تصویر کا — سبزہ چرتے ہین غزالانِ ختن تصویر کا

شانِ تمکین سے وہ بت کچھ بات کرتا ہی نہین — بند ہے قفلِ خموشی سے دہن تصویر کا

چلبلا پن صاف ظاہر ہے تری تمثال سے — شوخ ہے تو کہہ رہا ہے بانکپن تصویر کا

رنگ غیرون کا کبھی جمنے نہین دیتے حسین — بخیہ ہوتا ہی نہین ہے پیرہن تصویر کا

محوِ حیرت ہے جسے محفل مین آکر دیکھیے — رکھتی ہے عالم تمھاری انجمن تصویر کا

قابلیت سے اثر پڑتا ہے باغِ دہر مین — خشک ہو کر کب ہوا کانٹا بدن تصویر کا

گر نہ گویائی کی قوت ہو تو انسان ہی نہین — ورنہ کہنے کو تو ہوتا ہے دہن تصویر کا

جو ازل سے ہین غنی رکھتے نہین پروائے غیر — پانی سے سینچا نہین جاتا چمن تصویر کا

ہین جو آزادِ ازل خوفِ اسیری کیا انھین — صید کے قابل نہین ہوتا ہرن تصویر کا

دیکھکر تصویر تیری کہہ رہے ہین اہلِ دل — لے گیا پہلو سے دل کو بانکپن تصویر کا

ہین بری آلودگی سے پاکبازانِ ازل — شوب کے قابل نہین ہے پیرہن تصویر کا

مستقل جو ہین تلوّن کو بھلا کیا انمین دخل — لائقِ صرفِ خزان کب ہے چمن تصویر کا

حرصِ اربابِ ہوس کی کچھ نہایت ہی نہین — ہو اگر ممکن تو لے لین پیرہن تصویر کا

دور ہی سے دیکھیے جب ان بتون کو دیکھیے — فاصلے سے اور ابھرتا ہے بدن تصویر کا

انقلابِ آسمان سے کچھ عجب اسکا نہین حبست کی قوت کرے پیدا ہرن تصویر کا

اُنکار عبث حُسن کہتا ہے کہ وہ آئے یہان جو زبان غنچے کی رکھتا ہو دہن تصویر کا

جوشِ جوبن کا عیان ہے یار کی تمثال سے دو ورق کاغذ سے اُبھرا ہے بدن تصویر کا

چرخ کا ناقابلون سے بس نہین چلتا کبھی دھوپ سے کالا نہین ہوتا ہرن تصویر کا

رہ گئے اکثر قوائی سخت مجبوری سے چاہ
سب ہنسین سے گرگ بے شمعِ لگن تصویر کا

غیرون پہ کُھلے راز نہ اصلا مرے دل کا آواز نہ دے ٹوٹ کے شیشا مرے دل کا

الفت مین بدلتا نہین نقشا مرے دل کا گھٹتا نہین بڑھکر کبھی دریا مرے دل کا

چھپکے مین لگاتے ہین نگینا مرے دل کا لٹکاتے ہین وہ عرش پہ جھولا مرے دل کا

تلوار کا کھچنا تھا کہ یہ دوڑ کے آیا دیکھو تو مری جان کلیجا مرے دل کا

غیرون سے تجھے عشق مجھے تجھسے محبت حافظ ہے خدا اب سے دل کا مرے دل کا

ہر گام پہ رفتار میں برپا ہو قیامت — سیکھے تری پازیب جو نالا مرے دل کا

میں دل کا جو دشمن ہوں تو دل ہے مرا دشمن — صورت ہے جو میری وہی نقشا مرے دل کا

پوچھے مرے دل سے کوئی کعبے کی حقیقت — اور کعبے سے پوچھے کوئی رتبا مرے دل کا

اچھا ہے اگر زخمیِ شمشیرِ ادا ہو — ٹھنڈا ہو کسی طرح کلیجا مرے دل کا

دل دیتا ہوں اک ہاتھ کٹاری کا لگاؤ — ہے کوڑیوں کے مول یہ سودا مرے دل کا

رخسارۂ گلرنگ پہ یہ خال نہیں ہے — بوسے ترے لیتا ہے سویدا مرے دل کا

ہے نقش ہر اک دل پہ مرے دل کا ٹھپا — اترا ہے ہر آئینے میں نقشا مرے دل کا

اغیار کی نظروں میں ہے غفلت مرے دل کی — تُلتا ہے انھیں کانٹوں میں سونا مرے دل کا

دیکھو جو کنکھیوں سے تو جائے خلشِ غم — اس موچنے سے کھینچ لو کانٹا مرے دل کا

اسرارِ محبت ہیں عیاں زردیِ رخ سے — سونے کے ورق پر ہے نوشتا مرے دل کا

تم دیدۂ تر سے مرے دل میں اتر آؤ — دریا کی ترائی سے ہے رستا مرے دل کا

کیا کٹ گئے ہین ناخنِ شمشیرِ ادا بھی — کُھلتا نہین مقتل مین جو عقدہ مرے دل کا

ٹکڑے مرے دل کے جو نکل آئے ہین اے چاہ

پھولون کی چھڑی ہو گیا نالہ مرے دل کا

دل کا آنا تھا کہ قابو سے تھا جانا دل کا — ایسے آنے سے تو بہتر تھا نہ آنا دل کا

چاہ بھولے سے نشان تم نہ بتانا دل کا — لاکھ پوچھے نگہِ ناز ٹھکانا دل کا

ہم نہ کہتے تھے محبت کی بُری ہین رسمین — کھیل سمجھے تھے مری جان لگانا دل کا

آہِ عاشق سے ڈرو کہتے ہین پچھتاؤ گے — دیکھو اچھا نہین ہوتا ہے ستانا دل کا

ہاتھ لا کھول تو مٹھی ہین ذرا دیکھون تو — اُس دغا باز سے سیکھا ہے چُرانا دل کا

ہنسکے بولے جو ہوا دل ہدفِ تیرِ نگاہ — دیکھ اس طرح اُڑاتے ہین نشانا دل کا

مرحبا کہکے لگاتا ہے ستمگر تلوار — کوئی سیکھے مرے قاتل سے بڑھانا دل کا

نیچی نظرین ہین تو ہوون ہین قدر انداز آنکھین — آنکھ جھپکی تو اُڑا دینگے نشانا دل کا

اشک آغازِ محبت مین روان ہوتے ہین　　قافلہ پہلے سے ہوتا ہے روانا دل کا

اُف رے ظالم یہ ادا بھی نہ کبھی بھولیگی　　رُوٹھ جانا ترا اور ٹوٹ کے آنا دل کا

چشمِ گریان کی کبھی تو وہ حقیقت پوچھین　　اِسی پردے مین سناؤنین فسانا دل کا

بنکے تصویر نگاہون مین پھرا کرتا ہے　　شوق وہ حسن پرستی کا وہ آنا دل کا

اِس طرف آ ترے ہاتھون کی بلائین لیلون　　کس صفائی سے اُڑایا ہے نشانا دل کا

مفت بھی دین تو نہ اب لے اِسے کوئی لے جاہ
چل دیا ساتھ جوانی کے زمانا دل کا

نظارہ کیجیے سینے پہ داغون کے گلستان کا　　کھُلا رہتا ہے دروازہ مرے چاکِ گریبان کا

ہمیشہ دل پہ کھایا زخم تیغِ نازِ جانان کا　　کبھی لوہا نہ مانا ہمنے اِس شمشیر بران کا

چڑھاتا ہے یہ منھ بڑھ بڑھکے ہر اک زخم خندان کا　　بہت ہی پھٹ گیا ہے دیدہ اب چاکِ گریبان کا

حیا جائے تو نکلے دل سے ارمان وصلِ جانان کا　　یہ قیدی منھ تکا کرتا ہے زندان مین نگہبان کا

جنھیں ہے درد کی لذت وہ ہیں درماں سے مستغنی
ہوا محتاجِ مرہم زخم کب چاکِ گریباں کا

سیہ بختی بھی میری حسن سے خالی نہو یا رب
اگر قسمت میں پیچ آئے تو اُس زلفِ پریشاں کا

لبِ معجز نمائے یار سے قربِ سکو حاصل ہے
عجب کیا بول اُٹھے طوطی خطِ رخسارِ جاناں کا

خبر فصلِ بہاری کی یہاں وحشت میں ملتی ہے
صدائے خندۂ گل ہے مجھے پھٹنا گریباں کا

ازل سے بات جو مخفی ہے افشا ہو نہیں سکتی
کسی سے خط پڑھا جاتا نہیں تقدیرِ انساں کا

معائب سے ہمیشہ اہلِ جوہر پاک رہتے ہیں
دھواں دیتا نہیں شعلہ کبھی لعلِ بدخشاں کا

ہمیں تسبیح سے کیا کام ہے وحشت میں اے واعظ
بہت ہے استخارے کے لیے کنٹھا گریباں کا

جو عالی ظرف ہیں گردِ علائق سے مبرا ہیں
کبھی دھویا نہیں جاتا ہے چہرہ ابرِ باراں کا

وفورِ لاغری سے گر نشانِ جسم مٹ جاتا
نگاہوں میں نہ مجھکو تولتا کانٹا بیاباں کا

نہ کوتاہی کرینگے دستِ وحشت بھی جو تار آئے مجھے
خدا ہی ہے چکے قصہ مرے دست و گریباں کا

تمھارے روئے انور سے گھر ایسا ہو گیا روشن
چراغِ خانہ پروانہ بنا شمعِ شبستاں کا

ترقی کا سبب ہوتی ہے صحبت پاک باطن کی
بنا موتی صدف مین جا کے قطرہ آبِ نیسان کا

کہین ایسا نہو وحشت کا پردہ فاش ہو جائے
چھپانا چاہیے دامن سے منھ چاکِ گریبان کا

جو ہین مشہور خون ریزِ دو عالم ہین یہی پلکین
یہی نشتر لہو پیتے ہین عاشق کی رگِ جان کا

رُخِ رنگین کو تیرے دیکھ کر ہر پھول حیران ہے
برنگِ نکہتِ گُل رنگ اُڑتا ہے گلستان کا

سحر طالع ہوئی شمعین اُٹھین سے ہم بھی جاتے ہین
خدا حافظ ہے اب اے بیکسی گورِ غریبان کا

جو ہین ذی آبرو رکھتی ہے قسمت اُنکو گردش مین
قدم چکر ہی مین رہتا ہے اکثر دُرِّ غلطان کا

وہ محروم شہادت ہون نہ پائی ذبح کی لذت
گلے پر رہ گیا خط پڑ کے شمشیرِ بران کا

لہو مین لوٹتے ہین کشتگانِ خنجرِ الفت
عروسِ مرگ غازہ ملتی ہے خونِ شہیدان کا

تمھاری چال سے جی اُٹھے ہین مُردے مزارون مین
ورق اُلٹا ہوا ہے دفترِ شہرِ خموشان کا

متاعِ حسن کی میزان ہین نہ آنکھین عشقبازون کی
انھین پلّون مین سونا تُلتا ہے رخسارِ جانان کا

عدم کا راہرو اب راستے مین رُک نہین سکتا
کفن پایا کہ پروانہ ملا شہرِ خموشان کا

بہارِ باغ رخصت ہوتی ہے اے جاہ گلشن سے
کفِ افسوس مَلتا ہے ہر اِک پتّا گلستان کا

مُرقّع کھینچتا ہے روز صنعتہائے یزدان کا
جوابِ خامۂ کُن کلک ہے میرے قلمدان کا

نہ ٹوٹا تجھ سے گر اے دستِ وحشت ایک بھی ٹانکا
ہمیشہ دانت پیسے گا رفو چاکِ گریبان کا

میسّر خواب ہی مین وصل ہو اُس راحتِ جان کا
الٰہی تا کجا خالی رہے آغوشِ ارمان کا

یہ ہے طرّارِ گیسو اُس عدوے دین و ایمان کا
بدل دیتا ہے دم بھر مین عقیدہ ہر مسلمان کا

جگہ کچھ دستِ وحشت کے لیے تھوڑی سی رہنے دے
زیادہ پاؤن پھیلائے نہ چاک اپنے گریبان کا

خدا جانے ہوا ترکِ فلک سے کون فریادی
شفق محضر لیے ہے ہاتھ مین خونِ شہیدان کا

اسیرانِ چمن کنجِ قفس سے مر کے نکلے ہین
ہوئی جب شامِ غربت تب کھلا دروازہ زندان کا

ہزارون ایسے ایسے آفتابِ حشر نکلین گے
ذرا پوچھا تو جانے حال مجھ سے روزِ ہجران کا

حسینانِ جہان روزِ ازل سے پردہ کرتے ہین
لیا ہے منہ پہ آنکھون نے بھی پلّہ تیرِ مژگان کا

ہماری لاغری مجنون سے اب دیکھی نہین جاتی
نگاہون مین چھپا کرتا ہے یہ کانٹا بیابان کا

بیابان مین کبھی گر آسمان پر ابر آتا ہے
سمجھتا ہون کوئی ٹکڑا اڑا ہے میرے دامان کا

الٰہی بخیہ گر کے ہاتھ ٹوٹین کیا ستم ڈھایا
نصیبا ہی الٹ کر رکھدیا چاکِ گریبان کا

لڑی ہین قتلگہ مین قبضۂ شمشیر سے آنکھین
ہر اک تارِ نظر ڈورا بنا ہے تیغِ برّان کا

نہ لکھا وصل کا وعدہ کہ دو دن اور جی جاتا
نہ تھاما ہاتھ اُسنے قاصدِ عمرِ گریزان کا

بھلا مانین گے ہم کیا آفتابِ حشر کی گرمی
کہ وہ بھی ایک پھاہا ہے ہمارے داغِ ہجران کا

لگا ہے ڈر تمھارے تشنہ کامانِ شہادت کو
چُرا لین چور زخمون کے کہین پانی نہ پیکان کا

ملا دی آبروے ضبطِ گریہ خاک مین اُسنے
زمین پر جو گرا آنسو ہماری چشمِ گریان کا

الٰہی بخیۂ وحشت کی قوت اور بڑھ جائے
ابھی لینا ہے مجھکو جائزہ صحرا کے دامان کا

بگڑتا ہے وہ کافر وصفِ رخ سے زلف کیصورت
بنا لیتا ہے منھ جب ذکر آجاتا ہے قرآن کا

بیاضِ صبحِ محشر نام سب نے جسکا رکھا ہے
ورق ہے اک ہمارے دفترِ حالِ پریشان کا

کبھی کھلتا نہین قسمت کا لکھا وائے ناکامی
لفافہ بند رہتا ہے خطِ تقدیرِ انسان کا

فلک پر برق بنجاتا ہے فرطِ بیقراری سے
نکلتا ہے جو منھ سے کوئی شعلہ داغِ نہان کا

ہماری بدگمانی اُنکی قسمین سُنکے کہتی ہے
وہ کافر ہو یقین آئے جسے اِس عہد و پیمان کا

دمِ رخصت کہان الفت گئی تھی یاد کر ظالم
جھٹک دینا وہ ہاتھون کا چھڑا لینا وہ دامان کا

جو میرے قتل پر وہ عیسیِ دوران کمر باندھے
فلک سے مانگ لون خنجر ہلالِ عیدِ قربان کا

قیامت تک نہ بھولیگی سیاہی مجھکو فرقت کی
رہیگا حشر تک آنکھون مین کاجل شامِ ہجران کا

طبیعت بجھ گئی ہے جاہ چھٹکر مرنیوالون سے
دلِ مُردہ چراغِ کشتہ ہے گورِ غریبان کا

کھچا گر قیامت مین خنجر کسی کا
بنے گی کفن صبحِ محشر کسی کا

لڑے گا بھلا کیا مقدر کسی کا
ہوا ہے نہوگا وہ کافر کسی کا

کسی کا کلیجا دکھانے سے حاصل
ستایا کرو تم نہ دل ہر کسی کا

غضب ڈھا رہا ہے ستم کر رہا ہے — نکیلا وہ جوبن ابھر کر کسی کا

گلے سے لگانے کا مشتاق پا کر — بہت کھچ کے مِلتا ہے خنجر کسی کا

نظر وہ لگاوٹ کی ترپا رہی ہے — مِرے دل مین ڈوبا ہے نشتر کسی کا

اِدھر بیخودی مین وہ لینا بلائین — اُدھر کوسنا ہاتھ اُٹھا کر کسی کا

جو ہو درد دل مین تو آنسو نہ نکلین — نہ چھلکے بھرے لاکھ ساغر کسی کا

کسی سے جو آنکھ اپنی مِلتی نہین ہے — کیا ہے نظارہ میسّر کسی کا

سلامت رہے ایک ہی بیوفا ہے — نہین آشنا وہ ستمگر کسی کا

ہوا تشنۂ خون گلے مِل کے مجھ سے — ستم کی چلا چال خنجر کسی کا

چھپانے چرانے سے لینے سے حاصل — کسی کو اگر دل ہے دوبھر کسی کا

مسہری پہ چھوڑ آئے ہم دل کے ٹکڑے — بسا آئے پھولون مین بستر کسی کا

ترس کھائیے جاہ کی بیکسی پر

کہا مانیے بندہ پرور کسی کا

شراب پی کر دیا ہے تمنے جو ہمکو جامِ شراب آدھا
ازل سے لکھا ہوا تھا شاید کہ پائیں ہم تم ثواب آدھا

یہی تردد ہے بار آدھا چکے گا الفت کا قصہ کیونکر
ہوا ہے محشر کا روز آخر ابھی ہے باقی حساب آدھا

گلے لگا کر لیا تھا بوسہ ہوے تھے راضی وصال پر بھی
تڑپ نے دل کی جگا دیا کیوں ابھی تو دیکھا تھا خواب آدھا

فلک سے کہدو سحر قریں ہے گئی وہ ظلمت ہوئی شب آخر
شفق حنا لیکے پھر آئے کہ اڑ گیا ہے خضاب آدھا

یہاں ہے زورِ دروں نہ یا توانی وہاں نہ اکتے ہے بات مشکل
نہ کس طرح ہو سوال آدھا ملے نہ کیونکر جواب آدھا

میں اپنی الفت کا حال لکھوں بیانِ حسنِ صنم کو پڑھکر
اشارہ یہ ہے جو سادہ رکھا ورق میانِ کتاب آدھا

چھپا لیں ہاتھوں سے اسنے آنکھیں الٹ جو دی ہے نقاب رخ سے
رکے نہ دستِ ہوس کی شوخی رہے یہ جبتک حجاب آدھا

تمھاری اٹھتی ہوئی جوانی جو دیکھ پائی ہے شناوری میں
وفورِ حیرت سے رہ گیا ہے ابھر کے ہر اک حباب آدھا

قدم بڑھا بھی نہیں ہے لیکن اتر گیا ہے ابھی سے چہرہ
یہ کیسی دہشت سے رہ گیا ہے جو یک پا در رکاب آدھا

بس اب یہ غفلت نہیں مناسب ن کی طاعت کو جاہ چھوڑو

ذرا تو چونکو چلی جوانی گذر گیا ہے شباب آدھا

دیکھیں گے آج چاند وہ گلشن میں عید کا — تختہ کھلے گا لالۂ خونِ شہید کا

راضی ہوے وہ وصل پہ تقدیر جاگ اٹھی — اختر چمک گیا مرے بختِ سعید کا

ارمان کوئی جو کشتہ ہوا شوقِ قتل میں — دل میں مزار اور بنا اک شہید کا

مضمونِ اشک کان میں تیرے پڑا رہے — موتی ہے گوشوارۂ عرشِ مجید کا

طفلی کا عہد ملکِ عدم کو پہونچ گیا — سبزہ نہیں نمود یہ خط ہے رسید کا

شمشیرِ یار سرخ ہوئی چل کے حلق پر — غازہ ملا ہلال نے خونِ شہید کا

جاہل ہوں دخل پائے اربابِ علم میں — ابجد کے قفل میں نہیں موقع کلید کا

ہوتی جو ان بتوں کو دلِ سخت کی تلاش — پتھر چراتے کعبۂ بیتِ مجید کا

دل میں عروسِ معنیٔ حجلہ نشین کو دیکھ — یہ آئینہ ہے شاہدِ مضموں کی دید کا

پیرایۂ کلام میں ہے تازگی سے حسن — محتاج ہر سخن ہے لباسِ جدید کا

ادنےٰ ہوئے نہ صحبتِ اعلےٰ سے مستفیض　　برسا نہ ابرِ جلسہ کلامِ مجید کا

لازم ہے دیکھ کر مہِ شوال حکمِ قتل　　خلعت مین ہو شریک کفن صبحِ عید کا

تصویرِ یار دل کے سویدا پہ نقش ہے　　کندہ ازل سے ہے یہ نگینہ حدید کا

معکوس پھول لالے کا دیکھا جو خاک پہ　　ہمکو یقین ہوا کہ ہے گنبد شہید کا

گاہک متاعِ حسن کا ہو کون دیکھیے جان　　بازار تیز ہے نہین موقع خرید کا

امداد کیجیے گا قیامت مین یا علیؑ
کھٹکا لگا ہے چاہ کو یوم الوعید کا

وہ چاہ کیا ہوئی وہ ترا پیار کیا ہوا　　یہ دو ہی دن مین دل کو ترے یار کیا ہوا

ہمنے تو سر پٹک کے فلک کو ہلا دیا　　انکو خبر نہین پسِ دیوار کیا ہوا

جب سے جوان وہ شوخ ہوا بڑھ گئین ضدین　　نادان بنا وہ اور بھی ہشیار کیا ہوا

دیکھے نہ میرے اشکِ مسلسل جو وصل مین　　بولے وہ موتیون کا ترا ہار کیا ہوا

مشہور ہے علیل کی ہے راے بھی علیل — بگڑا اگر مسیح سے بیمار کیا ہوا

جتنے حسین ہین کرتے ہین سب عاشقون سے ناز — ہم سے کھنچی جو یار کی تلوار کیا ہوا

اتنے ہی ذکرِ ہجر سے گھبرا گئے جناب — سُنیے تو دردِ دل ابھی اظہار کیا ہوا

جاتا ہون جس طرف مین اُنھین ڈھونڈھتا ہے دل — یوسف کو ہے تلاشِ خریدار کیا ہوا

محشر مین روک ٹوک نہین اذنِ عام ہے — میلہ ہوا حضور کا دربار کیا ہوا

اللہ ری لاغری مری اللہ ری بیخودی — خود ڈھونڈھتا ہون مین کہ تنِ زار کیا ہوا

اے چاہ کہنے بیٹھے ہو فرمایشی غزل
دیکھو کسی جگہ نہو بیکار کیا ہوا

بوسہ لینا لبِ رنگین کا اگر یاد آیا — مُنھ کو سَو بار کلیجہ دمِ فریاد آیا

سُرمہ آنکھون مین لگائے وہ پریزاد آیا — اُس بلا کی یہ چھری کھینچکے جلّاد آیا

اے اجل نزع مین آتی ہے جو پیہم ہچکی — شاید اُس وعدہ فراموش کو مین یاد آیا

سُسکتے آہین جو وہ بیچین ہوئے ہجر کی رات — چومنے مُنھ مرا نالۂ دمِ فریاد آیا

تیری تصویر کا کھنچنا نہین آسان ظالم — ہاتھ کھینچے گا اگر ہوش مین بہزاد آیا

ہون وہ بلبل نہ ملی خوفِ اسیری سے نجات — جس طرف اُڑکے گیا تاک مین صیّاد آیا

پھونکتا ہستیِ اغیار کو ہنسنا تیرا — کیسی یہ برق ہے خرمن نہ جسے یاد آیا

نقدِ جان دینے مین مجھسے تو نہوگا انکا — ہاتھ پھیلائے اگر خنجرِ بیداد آیا

وقت پڑتا ہے تو کچھ اپنے ہی کام آتے ہین — دردِ دل اُٹھکے جگر تک دمِ فریاد آیا

آکے غصّے نے بتائے تمھین آئینِ جفا — خود وہ کیا کم تھے کہ اک اور یہ استاد آیا

فصلِ گل آئی ہے نالون کی مناہی ہوگی — مُنھ مرا سینے کو پھر موسمِ فریاد آیا

حلق پر طوق کا وحشت مین جو پڑتا ہے نشان — مین سمجھتا ہون کہ مجھکو خطِ جلّاد آیا

ہر ادا جان کی خواہان ہے محبت کیسی — ہاے آیا بھی تو کسپر دلِ ناشاد آیا

دیکھ لینا نہ رکے گی کہ برابر کی ہے چوٹ — دل کڑا کرکے جو آئینۂ فولاد آیا

دل کا کیا ذکر جب آنکھون کو خبر کچھ نہوئی   چھپکے چورون کیطرح ناوکِ بیداد آیا

آج کیا ہے جو طلب مجھکو کیا ہے اے چاہ

وعدۂ غیر نہ تھا مین جو اُسے یاد آیا

دل پھیر لین عاشق یہ قرینا نہین آتا   مرنا تو اِنھین آتا ہے جینا نہین آتا

اُس چاند سی صورت کو ترستی ہین نگاہین   اب عید کا برسون بھی مہینا نہین آتا

آفت نہین کب عشق مین اِس عمرِ رواں پر   کِس روز تباہی مین سفینا نہین آتا

آہون سے حسینون کے کبھی دل نہ پسیجے   گرمی مین کبھی پھولون کو پسینا نہین آتا

محفوظ خرابات ہے دورِ فلکی سے   گردش مین کبھی ساغر و مینا نہین آتا

الزام عبث ہے کہ کسی مین نہین الفت   دل لینے کا خود تمکو قرینا نہین آتا

کھُلتے ہی نہین ہین دلِ معشوق کے اسرار   قبضے مین کسی کے یہ دفینا نہین آتا

دل غیر کا جنسی نہین کرتین وہ نگاہین   کُندہ کبھی ہونے یہ نگینا نہین آتا

پوشاک مین تیری نہ کرن جھمر کی ٹانکی — خیاط ہے کیسا جسے سینا نہین آتا

کہتے ہین جسے زہر بھلا اُسکا تو کیا ذکر — اشکون کا بھی عشاق کو پینا نہین آتا

رہتے ہین سدا صاف جو ہین صاف طبیعت — آئینے کے دل مین کبھی کینا نہین آتا

گر مَے نہو بیتاب رہا کرتے ہین میخوار — دل ہاتھ سے جاتا ہے جو پینا نہین آتا

مشکل ہے کہ غصے مین پسیجے دلِ قاتل — آتش مین سمندر کو پسینا نہین آتا

دنیا مین گریزان ہے مخالف سے ہر اک شے — آتی ہے ہوا جب تو پسینا نہین آتا

برگشتگیِ بخت سے میخانے مین اے جاہ
ساغر اگر آتا ہے تو مینا نہین آتا

باغ مین گرمِ فغان جب کوئی بلبل ہوگیا — دیکھ لے گلچین گریبان چاک ہر گل ہوگیا

ہجر مین جب محوِ یادِ زلف و کاکل ہوگیا — پیچ یہ کھایا کہ دودِ آہ سنبل ہوگیا

ہو اگر معشوق کو صدمہ تو عاشق کی ہے موت — پھول جب ٹوٹا چمن مین خونِ بلبل ہوگیا

عاشقون سے منت دل لینے پہ باندھی تھی کمر　　وصل کا نام آتے ہی اُن کو تامّل ہوگیا

مال و دولت کی تمنا مین گئی جانِ حریص　　اِن ہواؤن سے چراغِ زندگی گُل ہوگیا

غنچے ہنس دیتے ہین سُنکر میرے شیون کی صدا　　نالۂ عاشق چمن مین صوتِ بلبل ہوگیا

اُنکے پڑھنے کی ادا نے جان لی انجامِ کار　　ختم قُل یا ہوتے ہی اُستاد کا قُل ہوگیا

عشق مین چلتا نہین بس خواہشِ تقدیر ہے　　غم کا کھانا نعمتِ خوانِ توکّل ہوگیا

سہتے سہتے رنج اُس غنچہ دہن کے ہجر مین　　لاغری ایسی بڑھی آخر رگِ گُل ہوگیا

چار دن کی چاندنی تھی ماہِ تابان کا عروج　　چار ہی دن مین زوالِ حُسن بالکل ہوگیا

اُسنے جوڑے مین جگہ دی ہے دلِ پُر داغ کو　　پھول یہ بھی طُرّۂ دستارِ سنبل ہوگیا

خالِ جانان کو جگہ دی دل نے تب پایا عروج　　سنگِ اسود سے یہ کعبہ مرجعِ کل ہوگیا

ہون وہ دیوانہ جو زندان مین کبھی رکھا قدم　　خانۂ زنجیر مین فریاد کا غُل ہوگیا

ہاے لائے بھی عنادل کو تو کب لائے نصیب　　جب گلستان مین خزان کا دخل بالکل ہوگیا

کان ساقی کے بھرے کہہ کے مینو تونکا حال　　پیٹ کا ہلکا نہایت شیشۂ قُل ہوگیا

لاغری کا حُسن چمکا تیرگی سے بخت کی　　دیکھ اسے لیلے کہ مجنوں تارِ کاکُل ہوگیا

چاہ مینوشی کے تھے عہدِ جوانی تک مزے

اب وہ دن جاتے رہے وہ شوقِ قلقل ہوگیا

مصحفِ رخ میں جبیں کا عشق پورا ہوگیا　　سارے قرآں میں مجھے حفظ ایک سُورا ہوگیا

بڑھ گئی تکلیف وحشت میں جو کی اصلاحِ حال　　چاکِ دامن کا رفو بھی کھٹکھورا ہوگیا

ٹھوکر کی کھائی شکست آخر بتوں کے عشق میں　　اس قدر پیسا فلک نے دل کو چورا ہوگیا

چارہ گر کی آنکھ پھرتے ہی اذیت بڑھ گئی　　زخم کا انگور پھٹکر کھٹکھورا ہوگیا

فصلِ بارش میں جو پھیلا میری آہوں کا دھواں　　صورتِ ابر آسماں کا رنگ بھورا ہوگیا

مٹ گئے کاجل کے تل کچھ گھٹ گئی چہرے کی شان　　آیتیں کم ہوگئیں مصحف ادھورا ہوگیا

بوسۂ خالِ سیہ سے بڑھ گئی کچھ بیخودی　　دیکھیے الٹا اثر عنبر دھتورا ہوگیا

خط نکلنے سے مٹی رخسارِ جانان کی صفا　　تختۂ گلزارِ جنت مین بھی گھورا ہوگیا

مدحتِ گلشن مین نکلا منھ سے جسکے جو سخن　　باغبانون کی ریاضت کا اجورا ہوگیا

دم رہا جبتک لبون پر دم ترا بھرتے رہے　　ہم پہ جو گذری سو گذری عہد پورا ہوگیا

چاندنی مین جب اُلٹ دی تمنے چہرے سے نقاب　　ماہِ کامل شرم سے کٹ کر ادھورا ہوگیا

مصحفِ رُخ کی ترے تکمیل رخسارون نے کی　　جب یہ پارے مل گئے قرآن پورا ہوگیا

دیکھکر آئینہ یاد آئی ہمین لوحِ جبین　　واہ کس صورت سے ہمکو حفظ سورا ہوگیا

دوڑکر اُنسے لپٹ جائین قیامت ہو تو ہو　　چُپکے چُپکے حشر مین دل سے یہ شورا ہوگیا

بتکدے مین جبہہ فرسائی پر آیا حرف چاہ

آج یہ تقدیر کا لکھا بھی پورا ہوگیا

تیغِ قاتل مین دم ذرا نہ رہا　　ذبح ہونے کا آسرا نہ رہا

ہاتھ گردن مین تمنے ڈال دیے　　دل مین اب کوئی بھی گلا نہ رہا

غیر بھی اُن پہ جان دینے لگے　　آشنائی کا اب مزا نہ رہا

عشق کا حسن تھا جوانی تک　　اب نہ وہ ہم نہ وہ زمانہ رہا

وصل مین اختیار کیا دل پہ　　اپنے قابو مین یہ رہا نہ رہا

قبر مین بھی مٹا نہ داغِ فراق　　شب کو روشن چراغِ خانہ رہا

دل بھی وہ لے گئے کلیجہ بھی　　کوئی اب دردآشنا نہ رہا

لطف چوری چھپے کے عشق کا ہے　　حال جب کھل گیا مزا نہ رہا

دُرِ غلطان کی طرح عالم مین　　میرے ہمراہ آب ودا نہ رہا

ہوتے ہی چار آنکھ صاف تھا دل　　کوئی شکوہ کوئی گلا نہ رہا

دردِ فرقت کا غم وصال مین ہے　　رنج یہ ہے کہ مشغلا نہ رہا

میری قسمت کا تیرے گیسو مین　　ہائے دو دن بھی بل پڑا نہ رہا

رنگ مہندی کا ہائے چھوٹ گیا　　دستِ قاتل مین خونبہا نہ رہا

چاہ اُستاد کر گئے رحلت

شعر گوئی کا اب مزا نہ رہا

صراحی لیکے کس دن ساقیِ گلفام آئیگا
یہ تیرا دور کب اے گردشِ ایام آئیگا

ترا کوچہ رہیگا رہگذر حرمان نصیبون کا
کوئی ناکام جائے گا کوئی ناکام آئیگا

علاقہ عشق کا ممکن نہین مرنے پہ بھی جائے
جہان ذکر آئیگا تیرا مرا بھی نام آئیگا

شبِ ہجر اے اجل تیرے سوا ہم بیقرارون کے
نہ کوئی کام آیا ہے نہ کوئی کام آئیگا

وفورِ رشک کہتا ہے سُنا جائیگا کس دل سے
زبانی لیکے گر قاصد ترا پیغام آئیگا

نہ میخوارون کو کم ظرفی دکھا دو دن کی دنیا ہے
تجھے بھی خط طلب کا ایک دن اے جام آئیگا

شبِ فرقت ہے اے جذبِ محبت کھینچ لا اُنکو
نہ اب تو کام گر آیا تو پھر کب کام آئیگا

کہین بھی پختہ مغزانِ جنون سے وحشت چھوٹتا ہے
بھلا مجنون کے دل مین یہ خیالِ خام آئیگا

جوانی مین جلیگا خانۂ دل داغِ الفت سے
لگانے آگ گھر مین چراغِ شام آئیگا

ہمارے کام کا زاہد نہ دنیا مین نہ عقبےٰ مین   یہان کس کام آتا ہے جو وان کچھ کام آئیگا
تسلّی دل کو ہم فرقت مین یہ کہکے دیتے ہین   نہ قاصد آئیگا خط آئے گا پیغام آئیگا
اسیری ہے جو قسمت مین تو صحرا کیا گلستان کیا   جہان ہم جائینگے صیاد لیکر دام آئیگا

غم الفت اُٹھا کر جاہ ہوتا ہے یقین ہمکو
کسی پر آپ نہ بھولے سے دلِ ناکام آئیگا

حاصل ہوا وصال مقدر جو لڑ گیا   قسمت کا پیچ یار کی زلفون مین پڑ گیا
تڑپا ہے مجھکو تشنۂ دیدار دیکھکر   کانٹا زبان کا دلِ حاسد مین گڑ گیا
پلٹی نہ پھر گئی جو درِ یار پہ نگاہ   دربان سے نکلے پیکِ نظر در پہ اَڑ گیا
تیرے خرامِ ناز نے مُردے جِلا دیے   غُل ہر طرف ہے شہرِ خموشان اُجڑ گیا
مے پی کے حلق کٹتا ہے ابرو کی یاد مین   پانی تمھاری تیغ کا ساغر مین پڑ گیا
دلبستگی یہ فصل خزان سے ہوئی حصول   گلشن مین مُنہ ہر ایک کلی کا سُکڑ گیا

بگڑا تو پھر چلا نہ فلک سے کسی کا بس — پٹری نہ جم سکی جو یہ توسن اکھڑ گیا

تیور بدل گئے جو سنے آسمان کے ظلم — سفاک شکلِ اسمِ جلالی بگڑ گیا

اٹھتا تھا پاسبان کو جگہ دل جلون کی ہے — سایہ تمھارے در سے جبین کیون رگڑ گیا

تیری کڑی نگاہ سے ٹوٹا ہمارا دل — ساغر مین ساقیا خطِ شمشیر پڑ گیا

ٹھہرا نہ کوئی آہِ عنادل کے سامنے — گلشن مین پاے موجِ ہوا بھی اکھڑ گیا

تصویر میری دیکھ کے آئیگا انکو رحم — قسمت کی تیرگی کا جو سایہ نہ پڑ گیا

خارون نے لی جو نوک کی یاد آئے وہ مژہ — کانٹون سے دل کے زخم کا بخیہ ادھڑ گیا

ہے ہے غضب ہوا نہ چھپا رازِ عشقِ دوست — سنتا ہون چور زخمِ جگر کا پکڑ گیا

اہلِ عزا مین قدر ہوئی اشکِ غم کی جاہ

میرے کا نگ یہ حلقۂ ماتم مین جڑ گیا

عیان ہے عکسِ رخِ بے نقاب درتہِ آب — خدا کی شان کہ ہے آفتاب درتہِ آب

جو آؤ تم سرِ ساحل تو بہرِ پابوسی — سب اہلِ بحر ہوں پا در رکابِ تہِ آب

تمھارے دانتوں کی دیکھیں ضیا جو دریا میں — چھپائے منہ رہیں درِّ خوش آبِ تہِ آب

جو سر بلند ہیں پستی سے کام کیا ان کو — عیاں کبھی نہیں ہوتے حبابِ تہِ آب

نہیں ہے عارضِ گلگوں کا عکس دریا میں — کھلا ہے باغِ جناں کا گلابِ تہِ آب

تمھارے چہرے کا دیکھا جو عکس پانی میں — تمھارے حسن کا پایا جوابِ تہِ آب

ثنائے بتکدہ کرتے ہیں مردمِ آبی — کھلی ہے حسنِ بتاں کی کتابِ تہِ آب

یقیں صدف کو ہو مرجاں کا پائے رنگیں پر — جو غوطہ زن ہو وہ مستِ شرابِ تہِ آب

خیال سونے کا ہے جوشِ گریہ میں بیجا — نہ آئے گا کبھی آنکھوں میں خوابِ تہِ آب

جو عکس سے رخِ ساقی کے مثلِ بادہ ہو بحر — صدف بنے بطِ مے کا جوابِ تہِ آب

گہر صدف میں ہیں یا بحر میں ہیں سنگ و خذف — کسے خبر ہے کہ کیا ہے جنابِ تہِ آب

نہ جلوتِ رنگ سحاب میں حضورِ دریا پہ — بپا نہ قہر کا ہو انقلابِ تہِ آب

تمہارے دانتون کو دریا مین دیکھکر موتی　　وفورِ شرم سے ہین آب آب دُرِّ تہِ آب

نکل بھی آئین صدف سے گہر خدا کیلیے　　کہان کی شرم کہان کا حجابِ دُرِّ تہِ آب

لگائے بحرِ مضامین مین سیکڑون غوطے　　ملے یہ جب ہی تو دُرِّ خوش آبِ دُرِّ تہِ آب

یہ میکشی لبِ دریا غضب ہے پھینکو جاہ

سبو و شیشہ و جامِ شرابِ دُرِّ تہِ آب

مہمان ہو گر نہ وصل کی غیرون کے گھر مین شب　　دل سے سوا عزیز ہو میری نظر مین شب

زینت مین اُنکی جلوۂ قدرت کا ہے ظہور　　مسّی جمی ہے دانت پہ یا ہے گہر مین شب

اُس مہروش کی یاد مین تاریک ہے جہان　　دن بھی فراق کا ہے ہماری نظر مین شب

پھرتے ہین ڈھونڈھتے ہوئے اُس بت کو رات بھر　　مانندِ ماہ کاٹتے ہین ہم سفر مین شب

محبوب کیون نہو مجھے ظلمت مزار کی　　پائی ہے وصل کی یہی اک عمر بھر مین شب

وہ رُخ سے ہین نقاب اُٹھائے شبِ وصال　　روشن زیادہ دن سے ہے میری نظر مین شب

دل ہے نثارِ رخ تو کلیجا نثارِ زلف — ٹھہرا ہے دل مین دن تو بسی ہے جگر مین شب

ہر شب کو تارے گن کے سحر ہوتی ہے یہان — لٹتی ہے وان مزے سے رقیبون کے گھر مین شب

آنسون مین آج وہ دُرِ جگر بھی شریک ہے — لپٹی ہوئی ہے دامنِ بادِ سحر مین شب

سویا جو مین تو خواب مین تقدیر جاگ اٹھی — تھے میرے دونون ہاتھ کسی کی کمر مین شب

انکو شبِ وصال کا آنا یہ بار تھا — کاٹی ہے شام ہی سے دعاے سحر مین شب

ظلمت نہین مزار کی اے رہروِ عدم — دب دب کے رہ گئی ہے یہ گردِ سفر مین شب

جب نصف شب کو تو نے الٹ دی نقابِ رخ — دن ہو گیا تمام ہوئی دوپہر مین شب

دیکھی ہے جب سے ظلمتِ زلفِ سیاہِ یار — بیقدر ہو گئی ہے ہماری نظر مین شب

جب تمنے تیغ کھینچی ہے شب کو تو خوف سے — بن بن گئی ہے پھول سمٹ کر سپر مین شب

کیا کیا ترے فراق مین کھٹکی ہے رات بھر — ساہی کا کانٹا بن کے دلِ نوحہ گر مین شب

زلفون کا عکس موتیون کے ہار مین نہین — غوطے لگا رہی ہے یہ آبِ گہر مین شب

سونے نہ دیگی موے میانِ صنم کی یاد

گذریگی آج جاہ خیالِ کمر مین شب

کیا جانتے تھے جاہ نہ انجامِ محبت — رو رو کے ڈبوتے ہو عبث نامِ محبت

پیری مین ہوا عشق ہمین زلفِ سیہ کا — لو صبحِ عشرتی مین ہوئی شامِ محبت

شیرین دہنی کا تری گالی مین اثر ہے — دیتی ہے مزا تلخی دشنامِ محبت

کھاتا نہ کبھی کوئی غمِ عشقِ مجازی — ہوتا جو نہ شیرین ثمرِ خامِ محبت

الفت کبھی جانے کی نہین دل سے ہمارے — لبریز مے عشق سے ہے جامِ محبت

انسان تو ہے تابعِ دل دل کی خطا ہے — دیتے ہو عبث تم مجھے الزامِ محبت

کعبے سے بھی آکر نہ گیا عشق بتون کا — اترا نہ کبھی جامۂ احرامِ محبت

کیا قہر ہے سب حشر مین بھی ہین تری جانب — سر پھوڑتے کہان جاکے یہ ناکامِ محبت

مطلب دلِ عاشق کا کبھی کھل نہین سکتا — باریک نہایت ہے خطِ جامِ محبت

خونِ الفتِ گیسو مین بهیگا کبهی اپنا　　پهولیگی کسی دن شفقِ شامِ محبت

ہچکی جو دمِ نزع لگی ہے تو مین خوش ہون　　اِس زینے سے پہونچونگا سرِ بامِ محبت

عُشّاق پہ اچهی نہین ہر وقت جفائین　　بدنام نہ ہو جائے کہین نامِ محبت

ہر بات پہ دل آج کهچا جاتا ہے اپنا　　دیتی ہے ادا یار کی پیغامِ محبت

ہو جائیگی مر کر غمِ فرقت سے رہائی　　پهڑکین نہ اسیرِ قفس و دامِ محبت

دل داغ رسیدہ ہو اگر عشقِ بتان مین　　کہیے اُسے خورشیدِ لبِ بامِ محبت

کہتے ہین جسے صبحِ کفن اور شبِ قبر　　بس ہین یہی دو نو سحر و شامِ محبت

سب کہنے کی باتین ہین کہ انجام نہ سوچے　　آغاز مین کهلتا نہین انجامِ محبت

دل لے کے حسینون نے دیا داغِ جدائی

اچها یہ ملا جاہ کو انعامِ محبت

عشق مین گیسو پہ پیچ کے رونا ہے عبث　　موتیون کا ترے بالون مین پرونا ہے عبث

جان تو ذکر غم احباب مین کھونا ہے عبث　　جنکو مطلق نہ خبر ہو انھین رونا ہے عبث

جان تو رو رو کے شب ہجر مین کھونا ہے عبث　　چاہ پھوٹی ہوئی تقدیر کو رونا ہے عبث

جھیلنی ہے سفر ملک عدم کی سختی　　نرم تکیے ہین عبث نرم بچھونا ہے عبث

عہد پیری مین مناسب نہین غفلت اے دل　　صبح طالع ہوئی جاگ اب ترا سونا ہے عبث

رنج محبوب کے گر ہو تو صفائی ہے محال　　داغ یہ مٹ نہ سکیگا اسے دھونا ہے عبث

رو کے اشکون کی گھٹا قدر نہ بیش منعم　　آبرو گوہر غلطان کی ڈبونا ہے عبث

جاگ اٹھے شوخی رفتار سے کشتے انکے　　ہو چکا حشر بس اب حشر کا ہونا ہے عبث

جان جائے کہ رہے ہجر مین یکسان ہے چاہ

پاس جانان جو نہین جان کا ہونا ہے عبث

بیطرح کسی شوخ کی پڑتی ہے نظر آج　　اللہ بچائے مرے پہلو مین جگر آج

لو کر گئی کام اپنا وہ دزدیدہ نظر آج　　سینے مین مرے دل ہے نہ پہلو مین جگر آج

کیا جانیے مجروح ہو کس کس کا جگر آج | باندھے ہوئے پھرتی ہے چھری انکی نظر آج

جلدی ہے اِدھر جلتی اُدھر آتی ہے تاخیر | وان وصل کی خواہش پہ ہے کل اور اِدھر آج

ہوتی ہی نہین ختم شبِ ہجر الٰہی | بیٹھی ہے چھپی کون سے کونے مین سحر آج

چتون بھی غضب کی ہے جو غصّے مین ہے قاتل | تلوار نے بھی قتل پہ باندھی ہے کمر آج

آنکھون پہ گران ہونے لگا نشۂ مے بھی | اُٹھتی ہی نہین فرطِ نزاکت سے نظر آج

خورشید نے کی دست درازی پئے شبِ وصل | پچھلے سے ہوا چاک گریبانِ سحر آج

ہے سامنا آفت کا طلب آئینہ ہوگا | اچھا ہے نکل جائے کہین چھوڑ کے گھر آج

مژدہ ترے آنے کا سناتی ہے ہر اک کو | اُڑ اُڑ کے گلی کوچے مین جاتی ہے خبر آج

کیا جانیے کیون اُنکے ہین بدلے ہوئے تیور | وہ پیار کی ہے آنکھ نہ الفت کی نظر آج

نازان ہین حسین برقِ تبسّم کی تڑپ پہ | دکھلائیے اُنھین اپنی چمک دردِ جگر آج

تا شہرِ خموشان ہے تری تیغ کا قبضہ | ہم جان سے جائین تو بھلا جائین کدھر آج

اُس شوخ کی رُسوائی کا ڈر مجھے دل مین تھا　　گھُٹ گھُٹ کے رہی سینے مین کیون آہِ جگر آج

آنکھون مین چلے آتے ہین اخچن کے آنسو　　یاقوت کے نگ سیپ مین بنتے ہین گہر آج

اے جاہ یہ کس زلفِ معنبر مین بسی ہے

پھرتی ہے جو اترائی ہوئی بادِ سحر آج

شوقِ طبل و علم و رایت و لشکر ہمہ ہیچ　　تاج و شمشیر و قلم سکّہ و دفتر ہمہ ہیچ

کثرتِ سیم و زر و مال و متاع و دولت　　وسعتِ ملک و جہانبانیِ کشور ہمہ ہیچ

سطوت و رفعت و اقبال و جلال و تمکین　　ثروت و حشمت و اجلالِ توانگر ہمہ ہیچ

دورِ جام و خُمِ بادہ ہمہ بے سود و عبث　　نشّہ و مستیِ مے شیشہ و ساغر ہمہ ہیچ

سیرِ نسرین و گل و لالہ و شبّو و سمن　　سوسن و نرگس و شمشاد و صنوبر ہمہ ہیچ

الفتِ ماہ وشان ساز بساز و مطرب　　صحبتِ آئنہ مانندِ سکندر ہمہ ہیچ

خنجر و تیغ و سنان گرز و سپر تیر و کمان　　خود و چار آئنہ و جوشن و بکتر ہمہ ہیچ

قاضی و ناظر و منشی ہمہ خطِ باطل　　شکلِ مفتی و سر دفتر و دفتر ہمہ ہیچ

تختِ اسکندر و اورنگِ سلاطینِ جہان　　بختِ دارا و صنمخانۂ آذر ہمہ ہیچ

ناز بر خال و خط و حسن ہمہ بیکار و خطا　　غمزۂ حسن و خمِ زلفِ معنبر ہمہ ہیچ

تکیہ بر مسند و آرایشِ بام و در و سقف　　زینتِ جامہ و آسایشِ بستر ہمہ ہیچ

فکرِ وصل و غمِ ہجر و المِ روزی و فقر　　کاہشِ فاقہ و حرصِ زر و گوہر ہمہ ہیچ

دعویِ دوستیِ اہلِ جہان ہیچ و غلط　　یاریِ یار و وفاداریِ دلبر ہمہ ہیچ

نقطۂ ہندسی و شکلِ ریاضی ہمہ لغو　　صورتِ منطقی و بحثِ جوہر ہمہ ہیچ

جاہ سب امر ہی بیکار ہیں کہتے ہیں اسیر

جز طلبگاریِ اللہ و پیمبر ہمہ ہیچ

پھرا ہے میرا مقدر جو آسمان کیطرح　　نظر بھی اُنکی پلٹنے لگی زبان کیطرح

تم اپنے تیر سے پہلو میں بیٹھنا سیکھو　　کھینچو بہت نہ خدا کے لیے کمان کیطرح

غمِ فراق کی دعوت مین جان تک دیدون — چلا نہ جائے یہ مفلس کے مہمان کیطرح

ریاضِ نظم مین دخلِ خزان کا خوف نہین — یہ ایک رنگ ہے گلشنِ جنان کیطرح

وہ گھر مین آئے تو آہین نکل گئین منھ سے — بہار آتے ہی جھونکے چلے خزان کیطرح

نہین جو سایہ فگن شامیانہ خیبر ہو — لحد یہ پاس تو چھائی ہے سائبان کیطرح

الٰہی بعدِ فنا بھی رہے یہ لذتِ درد — نکل نجائے کہین جانِ ناتوان کیطرح

کسی کو ہو نہ خبر یون چمن کی سیر کرون — ملین اگر پرِ پرواز مرغِ جان کیطرح

بہار آئی ہے دل سے لگی ہے بلبل کے — ہر ایک پھول پہ ہے آنکھ باغبان کیطرح

بہارِ نظم کی نیرنگیون سے حال کھلا — زمین بھی رنگ بدلتی ہے آسمان کیطرح

نگران ہے دیدۂ گلچین مین جسمِ زار اپنا — کھٹک رہا ہے یہ تنکا بھی آشیان کیطرح

گیا نہ دردِ دلِ قیس دشتِ غربت مین — قدم قدم پہ اٹھا گردِ کاروان کیطرح

نہ زور ڈالیے پیری مین حباؔہ دانتون پہ

گڑی اٹھیگی شہ گرتے ہوئے مکان کیطرح

خط ہو گیا عیان نہ رہا آفتاب رُخ　　اے جان کیا کرے دلِ خانہ خراب رُخ

گر دیکھ پائے بام پہ وہ بے نقاب رُخ　　بھولے سے پھر اُدھر نکرے آفتاب رُخ

اُس بُت کے چہرے پر کبھی ٹھہرتی نہین نگاہ　　اے آفتابِ حشر ترا ہے جواب رُخ

عارض عرق مین تر ہون گرمی سے حُسن کی　　اپنے گلون کا آپ نہ کھینچے گلاب رُخ

پردہ حجاب کا شبِ وصلت اُٹھایئے　　بوسون کا لطف تب ہے جو ہو بے نقاب رُخ

موسےٰ کی طرح طالبِ دیدار ہم نہین　　ہمسے چھپایئے گا کہان تک جناب رُخ

اے بُت بہت مجاز و حقیقت مین فرق ہے　　کہنے سے کیا بنے گا خدا کی کتاب رُخ

جی بھر کے اپنے دل کے مین ارمان نکال لوں　　دو دن کو بھی کرے جو اِدھر پھیر شباب رُخ

اچھی نہین ہے عاشقِ شیدا سے بے رُخی　　بوسے شبِ وصال تو دے بے حجاب رُخ

ہان عہدِ شیب مین بھی جوانی کی ہے اُمنگ　　پیری کے پردے مین ہے چھپائے شباب رُخ

ابرو ہلال ہے تو وہ عارض ہے آفتاب — بیجا نہین اگر ہے فلک انتساب رُخ

عالم مین تیرے رُخ کا مقابل نہین کوئی — ٹھہرا تمام فرد مین بس انتخاب رُخ

لاتا ہے رنگ بزم مین واعظ کی ذکر مے — ہوتا ہے سرخ غیظ سے مثلِ شراب رُخ

اے جاہ نیند آنکھون سے کافور ہو گئی
آیا کبھی جو یاد ہمین وقتِ خواب رُخ

بے ترے فرقت کی شب عاشق کو کب آتی ہے نیند — کالے کوسون یاد مین گیسو کی اُڑ جاتی ہے نیند

وصل کی شب شام ہی سے تمکو آجاتی ہے نیند — خوابِ نازِ ایجانِ جان ایسی ہی کہلاتی ہے نیند

تیوریان چڑھتی ہین اُنکو وصل مین چھیڑین اگر — لیجیے اب تو چھری کھینچے ہوئے آتی ہے نیند

تخلیے کے ہوتے ہین کیا کیا شبِ وصل اہتمام — دل سے غم جاتا ہے آنکھون سے نکل جاتی ہے نیند

راستے رُوکون شبِ وصل اُنکے خوابِ ناز کے — کچھ پتا ملتا نہین کس راہ سے آتی ہے نیند

خواب مین دیکھا اونہین غیرون کے گھر جاتے ہوئے — دیکھیے کیا کیا ابھی فرقت مین دکھلاتی ہے نیند

تا سحر گنتی ہے شب گن گن کے تارے ہجر مین — دیدۂ انجم کی صورت ہمکو کب آتی ہے نیند

وصل کی شب بھی وہ غافل ہین ہمارے حال سے — یان غش آتا ہے وہ کہتے ہین تجھے آتی ہے نیند

بے خبر زلفِ چلیپا کی محبت نے کیا — لوگ سچ کہتے ہین سولی پر بھی آجاتی ہے نیند

قتل گہ مین جب ہے شمشیر پہ کوئی گلا — ہاتھ رکھنے کے لیے آنکھون پہ آجاتی ہے نیند

قبر مین کیا آنکھ کھلتی قاعدے کی بات ہے — جب مسافر پہونچے منزل پر تو آجاتی ہے نیند

خلق کو راحت ہو جس سے ہے وہی ہر دلعزیز — دیکھیے ہر اِک کی آنکھون مین جگہ پاتی ہے نیند

داغِ دل مٹنا شبِ فرقت پیامِ مرگ ہے
شمع اُٹھ جاتی ہے جب جا کے تب آتی ہے نیند

دستِ رنگین مین تم جو لو کاغذ — تختۂ گل سے بنے پٹو کاغذ

جان دے گا ہر ایک جوبن پر — اُبھر آنے دو اور دو کاغذ

عشق ہی نے کیا سیاہ تمام — میرے اعمال کا پٹو کاغذ

صفحۂ دل پہ پڑ گئے یان داغ　　　اُس نے لکھا جو غیر کو کاغذ

ہرج کیا ہے جو حشر سے پہلے　　　مجھکو دکھلا دو کاتبو کاغذ

اُنکو شکوے اگر کرون تحریر　　　ساری دنیا کا صرف ہو کاغذ

غیر کو روز نامے جاتے ہین

کبھی لکھا نہ چاہ کو کاغذ

نشیمن کے بنانے کا ہے ڈالا ڈھنگ سینے پر　　　ترے محرم کی چڑیا لائی اچھا رنگ سینے پر

طبیعت منقبض ہو جائیگی تاثیر صحبت سے　　　نہ رکھ تو اے گلِ تر غنچۂ دلتنگ سینے پر

گلِ داغِ جگر کی تیرے کشتے سے جو بو پائین　　　ہزارون جمع ہون مرغانِ خوش آہنگ سینے پر

کھلی ہے تیرے جوبن پر یہ پھبتی بادہ خوارون مین　　　اُلٹ کر رکھدیے ہین ساغرِ گلرنگ سینے پر

بُھلا دون مین ترے دل سے اگر قابو چلے میرا　　　یہ دوہرے تہرے آنچل ڈالنے کا ڈھنگ سینے پر

حیا پردہ کیے ہے سر وہ زانو پر جھکائے ہین　　　پڑے گی کیا نگاہِ عاشقِ دلتنگ سینے پر

رنگی جاتی ہے محرم یار کی مہندی سے اے گلچین　　بندھیگا طائر رنگ حنا کا رنگ سینے پر

ادھر جوبن پہ دل آیا ادھر بسمل ہوا عاشق　　بنایا مرغ جان کو یار نے چورنگ سینے پر

برا ہو شرم کا کیا کوئی جوبن کے مزے لوٹے　　نظر پڑنے نہیں دیتا وہ شوخ و شنگ سینے پر

کہین گھبرا کے تربت سے نہ دیوانے نکل بھاگین　　رہے تعویذ کے حیلے سے اک اک سنگ سینے پر

جہان مین چاہ کے مانند ہر ایک تجھ پہ مفتون ہے
کوئی صورت پہ حیران ہے تو کوئی ڈنگ سینے پر

نظارۂ قاتل سے ہے میسر تہ خنجر　　روشن ہے مرے بخت کا اختر تہ خنجر

رک جاتا ہے قاتل کا مرے ہاتھ دم ذبح　　لڑتا ہے کبھی میرا مقدر تہ خنجر

عکس ابروئے قاتل کا ہے خنجر پہ نمایان　　قدرت ہے خدا کی کہ ہے خنجر تہ خنجر

شل بازوئے قاتل ہوئے منھ یار نے موڑا　　دل غم سے نہ دو ٹکڑے ہو کیونکر تہ خنجر

پلکین بھی ہین خونریز تری صورت ابرو　　مژگان تہ ابرو ہین کہ نشتر تہ خنجر

مقتل کی طرف گھر سے قدم تو وہ نکالیں ۲ ہم دوڑ کے رکھتے ہیں ابھی سر تہِ خنجر

ادنیٰ کو ضرر صاحبِ جوہر سے نہیں ہے ٹلتا نہیں آ جائے جو تھپیڑ تہِ خنجر

جی بھر کے میں پیاس اپنی دمِ ذبح بجھاؤں سب کھینچ لوں آب دمِ خنجر تہِ خنجر

ممکن نہیں تیور پہ ذرا میل بھی آئے آنکھیں نہ دکھائیں مجھے جوہر تہِ خنجر

ہنگامِ شہادت ہے اسے ناز وفا پر قاتل سے کھنچا ہے دلِ مضطر تہِ خنجر

جی بھر کے مزے لوٹنے دے صبر و وفا کے تڑپائے نہ دل مجھکو تڑپ کر تہِ خنجر

ہنگامِ شہادت نہیں زیبا گلۂ یار

شکووں کا کھلے جا د نہ دفتر تہِ خنجر

عیب پیدا نہ کرے میرے سخن کا گوہر جھوٹے موتی سے بھی کم قدر ہے گر جا گوہر

تشنہ ہوتا لبِ دریا جو وہ والا گوہر اپنے پانی کی صراحی لیے آتا گوہر

ٹھہرے کوئی ہوسِ حلقہ بگوشی ہے فضول مول لیتا ہے عبث عشق کا سودا گوہر

ہم یہ سمجھے کوئی مضمون جو نایاب ملا — ہمکو ہاتھ آگیا اِس بحر سے یکتا گوہر

لوگ مضمون مرے سُن سُن کے پڑھیں کیوں نہ درود — رکھتے ہیں دانۂ تسبیح سے رشتا گوہر

شرطِ انصاف و بصیرت ہے مبصر کیلیے — ورنہ سچا بھی اگر ہو تو ہے جھوٹا گوہر

اِسکو دعوے ہے کہ میں لوٹ ہوں اُن دانتوں پہ — ہم بھی دیتے ہیں گواہی کہ ہے سچا گوہر

آبرو کھوئے نہ آنکھوں سے نکلکر اشک — گر گیا جب تو نظر پہ نہیں چڑھتا گوہر

جو ہیں قانع اُنھیں کیا حاجتِ منعم پے رزق — آب و دانہ لیے ساتھ آتا ہے اپنا گوہر

یاد میں اُس دُرِ دندان کی جو رو دیا ہوں کبھی — ٹپکے ہیں چشمِ گہر ریز سے کیا کیا گوہر

تیرے دندانِ ضیا بار کا شہرہ جو سُنا — ڈوب کر آبِ ندامت سے نہ نکلا گوہر

تیری پیشانیِ انور سے کچھ ایسے چمکے — بنگئے جھمکے ہیں سب عقدِ ثریا گوہر

صحبتِ اہلِ کرم فیض سے خالی ہی نہیں — دامنِ بحر میں ہو جاتا ہے قطرا گوہر

وہ یمِ حسن جو آئے لبِ ساحل پئے غسل — لیکے دامن میں بڑھے نذر کو دریا گوہر

یادِ گیسو مین رہے اشک فشان کیا شبِ ہجر — تیرے بالون مین پروپا کیسے گویا گوہر

ملتی ہے حسبِ لیاقت ہی جہان مین ہر چیز — مُرغِ تصویر کو دیتے نہین دانا گوہر

گریۂ قیس کا مضمون کسی سے سُن لے — یہ بھی کانون مین پڑا رہنے دے لیلا گوہر

میرے اشکون کے مقابل اسے ہونا ہی تھا — سب کی نظرون مین ہوا اور بھی ہلکا گوہر

اُس یمِ حُسن نے جب کان مین پہنا موتی — پرتوِ رُخ سے بنا نور کا دریا گوہر

دعویِ ہمسریِ اشک سے بدنام نہو — اپنے ماتھے پہ لگائے نہ یہ ٹیکا گوہر

دیکھ منعم کہ قناعت سے غنی ہین فقرا — بنگیا ہے کفِ محتاج مین چھالا گوہر

بے طلب اہلِ قناعت کہین جاتے ہی نہین — آپ آتا نہین ہرگز لبِ دریا گوہر

خوب مضمون سُنئے تیری زبان سے اے جاہ

ابرِ شمشیر نے برسائے ہین کیا کیا گوہر

ٹیلین نہین ہین سونے کی دندانِ یار پر — پُکھراج جڑ دیے ہین دُرِ آبدار پر

کیا حسن پھیٹ پڑا ہے مرے گلعذار پر　　جوبن پہ ہے بہار تو جوبن بہار پر

مٹی غبار آپ کے دل کا نہ دے مجھے　　چادر پڑے نہ گرد کی میرے مزار پر

اُس گُل نے دی ہے دامنِ تر سے مرے مثال　　ایسی کہی کہ چھا گئی ابرِ بہار پر

آسان راہ ہے یہ پہونچنے کی بام تک　　چڑھیے کمندِ سایۂ دیوارِ یار پر

تو میری فصد فصلِ گُل آئی ہے باغ مین　　پچکاریان لگاؤ عروسِ بہار پر

وہ تیرہ بخت ہون کہ بجھانے کے واسطے　　پروانے ٹوٹے پڑتے ہین شمعِ مزار پر

رُخ آئینہ تمام بدن بلکہ آئنہ　　آئینہ کیون لگائیے تصویرِ یار پر

نالون نے کر دیا ہے مشبک سحاب کو　　جالی کڑھی ہے دامنِ ابرِ بہار پر

منظور ہے قیام اگر اسکا حشر تک　　میری وفا کا رنگ ہو تصویرِ یار پر

سب مہر و مہ فلک پہ ہین اے آسمانِ حُسن　　مُہرین تری ہین دفترِ لیل و نہار پر

تُربت پہ آکے یار نے اچھے چڑھائے پھول　　رُخسار رکھدیے مرے سنگِ مزار پر

پر کٹ گئے تو قوّتِ پرواز پھر کہان — ٹوٹے قفس مین مرغِ گلستان ہزار پہ

دم بھر رہا ہے عشق مین گیسو کے پھنس کے دل — منصور کی صدا ہے اَنَا الحق ہے دار پر

خوش ہو کے جان دینے لگے وہ مزا ملا — رگڑا لگا جو خنجرِ قاتل کی دھار پہ

اظہارِ شوق مین مجھے دین اُسنے گالیان — ٹھائی ہے مُنھ کی حسرتِ بوس و کنار پر

غیرون سے دیکھ دیکھ کے اُس بت کی گرمیان — کیا کیا جلی ہے شمع ہمارے مزار پہ

اللہ رے عشقِ حُسن کی تاثیر بعدِ مرگ — تیوری چڑھی حسینون کی میرے مزار پہ

رتبہ بڑھا ہے زلف کا قدِ بلند سے — معراج ہو گئی ہے اِسے چڑھ کے دار پر

دی ہمنے لیلیِ شبِ ظلمات سے مثال
چوٹی کی پھبتی چاہ کہی زلفِ یار پہ

افشان چھڑاتے ہین وہ ہمارے پلنگ پہ — گرتے ہین آسمان سے تارے پلنگ پہ

میری شبِ فراق بھی سا ہی سے کم نہین — کانٹے بچھا دیے مرے سارے پلنگ پہ

پہچانتے ہین تکیے بھی ظالم نگاہِ قہر
چپکے پڑے ہین خوف کے مارے پلنگ پر

قابل ہے دیکھنے کے ادا خوابِ ناز کی
آنکھین بچھاؤن کیون نہین سارے پلنگ پر

ہین وقتِ خوابِ ہجر یہ آہین شرر فشان
جگنو چمک رہے ہین ہمارے پلنگ پر

بیمارِ چشم آنکھین پھراتے ہین وقتِ نزع
بھرتے ہین اب غزال ترارے پلنگ پر

بیٹھے جو وہ تو سب گلِ قالین مہک اُٹھے
گویا بچھے ہین پھول ہمارے پلنگ پر

وہ زار ہون اجل شبِ فرقت نہ پا سکی
تھک تھک گئی ہے ڈھونڈھ کے سارے پلنگ پر

انکی وفا پہ تکیہ نہ الفت کا اعتبار
بیٹھین بھی ہم تو کسکے سہارے پلنگ پر

وہ حالِ ہجر سنکے ہین گریان شبِ وصال
ہے موتیون کا فرش ہمارے پلنگ پر

کیون جائین کیون اٹھین ہمین آتی ہے آئے نیند
ہم بھی پڑے رہینگے کنارے پلنگ پر

ہے وقتِ خواب خندۂ دندان نما وہ قہقہہ
بجلی تڑپ رہی ہے ہمارے پلنگ پر

شکوون مین رات کاٹ دی اللہ ری شوخیان
جب صبح ہو گئی تو سدھارے پلنگ پر

غیرون کا نام خواب مین بھی یاد آگیا ڈر کر ہمین کبھی نہ پکارے پلنگ پر
تم بھی سُنو گے خواب جو مجھ خفتہ بخت کا مارے ہنسی کے لوٹو گے سارے پلنگ پر
تڑپا کیے پڑے ہوئے بیمار کی طرح فرقت کے دن تمام گذارے پلنگ پر
لڑتی ہے زبان سے زبان تب ہے لطفِ وصل ٹھہرے نہ آج صلح کی پیارے پلنگ پر
ممکن ہوئی نہ خواب مین بھی دولتِ وصال سویا کیے نصیب ہمارے پلنگ پر

ہم دیکھتے ہین خواب مین اُس مہ وش کو جاہ
ہوتے ہین اب غضب کے نظارے پلنگ پر

جب مین کہتا ہون بہت آتا ہے پیار آنکھون پر ہاتھ رکھ لیتا ہے شرما کے وہ یار آنکھون پر
ڈھونڈھا یار مین دربان نے نہ دیکھا مجھکو پڑ گیا اُڑ کے مرے دل کا غبار آنکھون پر
رخصتِ عہدِ جوانی ہے کہان وہ مستی اب ہے نشے کی چڑھائی کا اُتار آنکھون پر
لالہ رنگ آنکھین ہین غصے مین خدا خیر کرے چشمِ بد دور غضب کی ہے بہار آنکھون پر

قبرِ احباب کے نقشے ہیں نگاہوں میں مری　　مردمِ دیدہ اُٹھائے ہیں مزار آنکھوں پر

سیکڑوں تارِ نظر لپٹے ہیں مشتاقوں کے　　تم جو نرگس کے ہو رکھے ہوئے ہار آنکھوں پر

غیر ممکن ہے کہ آنکھوں میں نہ آنسو بھر آئیں　　ہجرِ جاناں میں کریں جبر ہزار آنکھوں پر

شرمگیں چشم کے دو چار ہی بوسے دیدو　　ٹوٹ کر دل کی طرح آیا ہے پیار آنکھوں پر

کوئی کیا حالِ جہاں بعدِ فنا دیکھ سکے　　ہاتھ رکھے ہوئے ہے سنگِ مزار آنکھوں پر

ہجرِ جاناں میں یہ بیمار ہوئی ہیں آنکھیں　　بار ہوتے ہیں نگاہوں کے بھی تار آنکھوں پر

اپنے دلسوز کا اے **جاہ** یہ مُردوں کو ہے پاس
شمع سر پر ہے گُلِ شمعِ مزار آنکھوں پر

فرماتے ہیں وہ باغ کی تعمیر ہوا پر　　گلشن میں اُڑا کر گُلِ تصویر ہوا پر

اُڑ جائیگا آہوں سے خطِ شوق ہمارا　　بھیجیں گے ہم اُس شوخ کو تحریر ہوا پر

وہ دیکھتے آہوں کو جو غصّے کی نظر سے　　چلتی نگہِ قہر کی شمشیر ہوا پر

آہون سے شرر تا دردلدار نہ پہونچین — اِن جگنوؤن کی کیجیے تسخیر ہوا پر

جز منزلِ مقصود کہین رُک نہین سکتا — آتی ہے یہ آوازِ پرِ تیر ہوا پر

اُڑتے ہین تو قابو مین طیور آ نہین سکتے — چلتی نہین صیاد کی تدبیر ہوا پر

آہون سے شررِ کرمکِ شب تاب بنے ہین — روشن ہین چراغ اُوجِ بتِ پیر ہوا پر

پڑ جائے نہ اے مُرغِ چمن تیر کسیکا — اُڑتے ہین بگڑ جائے نہ تقدیر ہوا پر

بس ہو تو اُڑا لائیے ہمراہ گلون کو — مرغانِ چمن کی ہے یہ تقریر ہوا پر

بولے وہ جو دیکھا مِرے آہون کے دُھوین کو — یہ ابر ہے یا ابر کی تصویر ہوا پر

اُڑتی ہے مِری آہ سے وہ زلفِ پریشان — اب جھولتی ہے عرش کی زنجیر ہوا پر

آفات سے محفوظ ہین اربابِ صفا جاہ

پڑتا نہین ہرگز خطِ شمشیر ہوا پر

جان ہر ایک کی لیگی یہ تمہاری آواز — کھینچ کر رقص مین نکلی ہے کٹاری آواز

سُنکے وہ عہد کی آواز کو فرماتے ہین — دل ہلا دیتی ہے اِس بَونے کی بھاری آواز

شرم اَچھّی نہین اے جان دمِ رقص و سرود — کیون چھپی ساز کے پردے مین تمھاری آواز

جی مین آتا ہے مؤذّن کو کھلا دون سُرمہ — بیٹھ جائے کہین کمبخت یہ بھاری آواز

ٹکڑے کرتا ہے جگر کے یہ گلے کا کھٹکا — چُٹکیان لیتی ہے اے دل مین تمھاری آواز

دل کو اُس شوخ کے بیچین کرینگے نالے — عرشِ اعظم کو ہلائیگی تمھاری آواز

صورتِ شمع شبِ ہجر مین رُوواے چاہ

مُنھ سے نکلے نہ دمِ گریہ و زاری آواز

ہمصفیرو کیا کہون مین رفعت و شانِ قفس — چرخ کہتے ہین جسے ہے سقفِ ایوانِ قفس

دیکھ اے بلبل پھڑکنے کا مآل اچھا نہین — پھیر ہی دینگے چھُری اک دن نگہبانِ قفس

مژدۂ فصلِ بہاری جب کبھی لائی نسیم — رہگئے پر تول کر حسرت سے مرغانِ قفس

دیکھ آکر اشکِ خونین کی اسیرون کے بہار — سیر کے قابل ہے اے گلچین گلستانِ قفس

شکوہ کس سے کیجیے یہ اپنا اپنا ہے نصیب　　کوئی مہمانِ چمن ہے کوئی مہمانِ قفس

بات جو کرتا ہے چُبھ جاتی ہے کانٹے کی طرح　　چٹکیان لیتا ہے رہ رہ کر نگہبانِ قفس

کیا گذرتی ہے قفس مین حال کھُلتا ہی نہین　　کچھ عدم سے کم نہین شہرِ خموشانِ قفس

بدلے نغمون کے ہے ہنگامِ سحر نالون کا شور　　شامِ ماتم ہو گئی ہے صبحِ خندانِ قفس

بیگناہون کا لہو چھپتا نہین اے آسمان　　اُڑ کے بنتا ہے شفق خونِ شہیدانِ قفس

قید خانے مین جدھر دیکھو اُدھر چھائی ہے یاس　　روزنِ کُنجِ قفس ہے چشمِ حیرانِ قفس

رحم آئے یا نہ آئے اب یہ اپنا ہے نصیب　　کہہ چکے صیّاد سے حالِ پریشانِ قفس

سر کو ٹکرا کر نکلنے کی نکالی ہم نے راہ　　منّتِ صیّاد سے ہے ہم پہ نہ احسانِ قفس

زندگی کا رنج مرنے کی خوشی ہوتی ہے چاہ

سارے عالم سے جدا ہے رسمِ زندانِ قفس

اللہ اللہ رفعت و شانِ دکانِ میفروش　　چرخِ چارم سے ہے بالا آستانِ میفروش

دیکھ لینا ہم بھی وہ میخوار ہیں اے واعظو　　باغِ جنت میں بھی ڈھونڈ لینگے دکانِ میفروش

یادِ مے سے کوئی دم خالی نہیں رہتے ہیں ہم　　دل میں ذکرِ جام لب پر داستانِ میفروش

دل میں رہتی ہے سدا لعلِ لبِ میگون کی یاد　　سر میں عشقِ گیسوئے عنبر فشانِ میفروش

ترکِ مے منظور ہے لیکن قسم واعظ نہ لے　　زہر ہے کھانا مجھے سوگندِ جانِ میفروش

ان بتوں کے صدقے میں ہاتھ آگئی راہِ ثواب　　بتکدے سے مل گیا ہمکو مکانِ میفروش

خم کے خم خالی ہوں پر دینے سے نیت ہو نہ سیر　　منہ یہ کسکا ہے کوئی لے امتحانِ میفروش

لوگ سچ کہتے ہیں گھر والوں ہی سے کھلتا ہے بھید　　دخترِ انگور سے پایا نشانِ میفروش

ذکرِ ساقی میں بھی میخواروں کو ملتا ہے مزا　　شاہدِ شیرین سخن ہے داستانِ میفروش

بعدِ مردن چاہیے مٹی ٹھکانے سے لگے　　خاکِ راہِ میکدہ ہوں طالبانِ میفروش

وصفِ مے سے شور رنگ سے گلشن میں مچتے ہیں ادا　　دیکھ بلبل گل کترتی ہے زبانِ میفروش

اپنی بغلی میں گرہ اکثر مستا ابر رہنے لگے　　عام ہے عالم میں یہ فیضِ دکانِ میفروش

رات دن ہے مہ وشانِ حور طلعت کا جماؤ — گلشنِ فردوس ہے گویا دکانِ مے‌فروش

شیشہ ہے پنبہ دہن ہو راز چھپنے کا نہین — اب لبِ ساغر کھینگے داستانِ مے‌فروش

نشے مین بھی لب پہ آتا ہے مناسب ہی کلام — جام کو دیتا ہون مین سوگندِ جانِ مے‌فروش

بات ہی کیا تھی لبِ ساغر بھی بول اُٹھتے ابھی — اذن گر دیتے لبِ معجز بیانِ مے‌فروش

واعظو میخانے مین جا کر سنو حق حق سخن — قلقلِ مینا کو سمجھو داستانِ مے‌فروش

دخترِ رز کی محبت کھینچ لائی مجکو جاہ
ورنہ مجھ سا پارسا اور آستانِ مے‌فروش

دل کو تڑپاتا ہے آنکھون کا چرانا دمِ رقص — پھیر کر منھ وہ اڑاتے ہین نشانا دمِ رقص

ساز کے پردے مین آواز ستم کرتی ہے — لن ترانی کا سناتی ہے ترانا دمِ رقص

دھن سما جائے نہ صحرا کی کسیکے دل مین — دیکھو اچھا نہین جنگلے کا یہ گانا دمِ رقص

تیری ہر تان پہ نقدِ زرِ انجم ہے نثار — صدقے ہر توڑے پہ قارون کا خزانا دمِ رقص

ہان مین ہان سازِ ہلانے کیلیے بول اُٹھے — اُسنے چھیڑا جو محبت کا فسانا دمِ رقص

اُنکے نغمے دمِ عیسےٰ کا اثر رکھتے ہین — بولنے لگتا ہے ہر گھنگرو کا دانا دمِ رقص

سُرِ وہ روشن ہے کہ دن رات کو ہوجاتا ہے — کروٹین لیتا ہے اسے مہر زمانا دمِ رقص

جا ہ پہلو مین ذرا دل کو چھپائے رہنا
چٹکیون مین وہ اڑاتے ہین نشانا دمِ رقص

دشمنِ جانِ حزین ٹھہری غرض — اُنسے کہنی ہی نہ تھی اپنی غرض

میرے چہرے سے عیان ہے حالِ دل — سب پہ آئینہ ہے اب میری غرض

مہر و مہ شمع و چراغ و برق و نجم — آنکھ تم پر پڑتی ہے سب کی غرض

کہدیا نرگس تمھاری آنکھ کو — خوب ہی سوجھی ہمین پھبتی غرض

لب پہ آنے بھی نہ پائے ذکرِ وصل — چاہیے دل مین رہے دل کی غرض

دَیر و کعبہ مین ہون جو یا یار کا — مجھکو رسوا کرتی ہے میری غرض

دل دُکھا دیتے ہو جب کرتے ہو بات　　دل مین تم سے لیتے ہو چٹکی غرض

مدّعا بھولے جو دیکھی شکلِ یار　　طاقِ نسیان پر رہی اپنی غرض

الفتِ مژگان مین دیوانہ ہون مَین　　سنِ نکلے چبواتی ہے بلبل کی غرض

کوئی مرتا ہے مرے پوچھین وہ کیون　　بیوفا ہین اُنکو کیا ایسی غرض

کیا کہون طولِ شبِ ہجران کا حال　　مر کے جینے رات یہ کاٹی غرض

میکدے مین دیکھکر جامِ شراب

چاہ نیّت خوب ہی کھٹکی غرض

ہے میرے مقدّر کے مضمون مین سارا خط　　گویا خطِ قسمت ہے اے جان تمھارا خط

کچھ رنگ تو لایا ہے وان جاکے ہمارا خط　　تر خون مین قاصد ہے او سُرخ ہے سارا خط

لیکر جو گیا نامہ قاصد کی اجل آئی　　فرمانِ قضا ٹھہرا وان جاکے ہمارا خط

لیلیٰ کی جو آنکھون سے کچھ وصف رقم ہونگے　　لیجائیگا مجنون سے ہر ایک چکارا خط

لکھّا تھا جو داغون کی سوزش کا بیان مینے
کُھلایا حسینون مین دوزخ کا شرار خط

ٹکڑے بھی مرے دل کے ملفوف ہین کچھ اِسمین
اغیار کو بے دیکھے دینا نہ خدارا خط

وہ وصل پہ راضی ہون خط دیکھتے ہی یارب
چمکائے مقدّر کا میرے بھی ستارا خط

یا وہ مرے نامے کو تعویذ سمجھتے تھے
اب دل کی طرح ٹکڑے ہوتا ہے ہمارا خط

نظرون سے گراتا تھا ہرگز نہ تمھین نامہ
اِس غُصّے کے مَین صدقے سر سے نہ اتارا خط

وہ پھاڑ کے نامے کو فرماتے ہین قاصد سے
آنکھون سے دوائر کی کرتا تھا نظارا خط

نور آتا ہے آنکھون مین قاصد خطِ جانان سے
سرمہ ہے سوادِ اسکا آنکھون کا ہے تارا خط

کُھلتا ہی نہین مطلب تحریر ہے کیا اِسمین
کچھ خط سے مقدر کے ملتا ہے تمھارا خط

تعزیر اسیرون کی دیتا ہے اِسے ناحق
کیون باندھتا ہے قاصد کَس کَس کے ہمارا خط

در پردہ اشارے ہین اظہارِ محبت کے
کیسا مرے پیارے نے لکھا ہے یہ پیارا خط

اے جاہ محبّت کا رنگ اِس سے ٹپکتا ہے

ہے رنگِ محبت مین ڈوبا ہوا سارا خط

قتلِ شمشیر سے چلے گی جو زبانِ واعظ — لوگ کٹ جائینگے سن سن کے بیانِ واعظ

عرش و کرسی کے ہے ہمپایہ مکانِ واعظ — اللہ اللہ رے شوکت و شانِ واعظ

بلّے کرتے ہین بہت تیرِ فغانِ واعظ — عرش تک جاتی ہے آوازِ اذانِ واعظ

آگیا چھینٹون مین میخوارون کے آخر پی لی — ٹیسا بھولا ہے سلامت رہے جانِ واعظ

ہجوِ مَے کا اسے مل جائے مزا دنیا مین — پنبۂ شیشہ سے ہو بند دہانِ واعظ

ذکرِ حورانِ جنان ہے سرِ منبر ہر روز — آج کل اوج پہ ہے حسنِ بیانِ واعظ

چھیڑ دین ہم دہنِ تنگ کا بوسہ لیکر — توڑنی چاہیے اب مہرِ دہانِ واعظ

ہے وہی ریشِ سفید اور وہی قدِّ طویل — ملتی جلتی ہوئی قاضی سے ہے شانِ واعظ

رات بھر ہجو رہی ماہ وشون کی کیا کیا — صبح تک جلتی رہی شمعِ مکانِ واعظ

لب و لہجہ ہے نیا لفظ نئے حرف نئے — خاک سمجھے کوئی انسان زبانِ واعظ

ہے کہیں جبّہ و دستار کہیں کفش و عصا — ٹھوکریں کھاتی ہے میخانے میں شانِ واعظ

کبھی دنیا کی مذمّت کبھی جنّت کی صفت — گُل بازی ہے دوراہے میں زبانِ واعظ

لیجیے توبہ کی تاکید ہے میخواروں سے — چاہیے اب تو علاجِ خفقانِ واعظ

سبحہ و جبّہ و عمّامہ و داغِ سجدہ

چاہ پہچان لو تم ہے یہ نشانِ واعظ

سامنے اُنکے جو اُٹھّے پردۂ فانوسِ شمع — تیرگی اپنی دکھائے طالعِ منحوسِ شمع

غیر کا احسان نہیں لیتے جو ہیں روشن‌ضمیر — لائقِ مرہم نہیں داغِ دلِ مایوسِ شمع

صحبتِ روشن‌دلاں میں تیرگی کو دخل کیا — نور کا گنبد ہے دیکھو خانۂ فانوسِ شمع

آپ اپنے روے روشن کے اگر رکھیں قریب — حُسن کی گرمی سے ٹوٹے شیشۂ فانوسِ شمع

عمر بھر جلتی رہیگی سوزِ داغِ عشق سے — زائچے میں منقلب ہے طالعِ معکوسِ شمع

شمع کے آنسو دُرِ غلطاں تہیہ ستون کو ہیں — موتیوں سے اپنے بھر لے آستیں فانوسِ شمع

کہہ دو پروانوں سے رکھیں عشق میں اتنا خیال — ہے سوا شیشے سے بھی نازک دلِ فانوسِ شمع

تیرے رخ کو دیکھکر کھو جائینگے ہوش و حواس — گُل ابھی ہوگا چراغِ عقلِ بطلیموسِ شمع

صورتِ اثبات عنقا ہے نظر آتے نہیں

چاہ کس پہلو سے میں باندھوں پرِ طاؤسِ شمع

سر بکف ہیں جمع قاتل کیوں کرے کھول تیغ — دیر کیا ہے امتحاں لے عاشقوں کا تول تیغ

خال و ابرو دیکھکر اُس تُرک کے کہتا ہے دل — یہ سپر ہے فردِ عالم میں تو وہ انمول تیغ

جب کھنچی مقتل میں غیروں سے گلے ملنے لگی — گھٹتی ہے قد کی درازی عقل کی ہے گول تیغ

فکر کسکی جان لینے کی ہے اے تُرکِ فلک — ماہِ نو باندھے ہوئے پھرتا ہے ڈانواڈول تیغ

بعدِ خالق نام تیرا لیکے گردن پر چلے — پڑھے کلمے کے بھی وقتِ ذبح یہ بول تیغ

انتہا بس ہو چکی کب تک یہ ہوگا قتلِ عام — ہاتھ دھو دم لے ستمگر اب کمر سے کھول تیغ

سخت جانوں کے گلے کٹنے کا اللہ رے سرور — پھول کر فرطِ خوشی سے ہوگئی ہے ڈھول تیغ

قتل کو کافی اشارہ تھا نگاہِ ناز کا — وہ بُتِ سفاک کیون لیتا کسی سے مول تیغ

منتخب ہونے لگے جسوقت جانبازانِ عشق — چھانٹنے اُٹھی تیرے قربانیون کے غول تیغ

نعمتِ دنیا نہین ہوتی نصیبِ اہلِ ظلم — پیٹ کی خالی ہے دیکھو صورتِ کشکول تیغ

تیری تقریر کا شہرہ ہے اب شہرون مین جاہ
پونہچی ہے تا شام و چین و مصر و استنبول تیغ

پھرتی ہے بزم مین نگہِ یار ہر طرف — چو رنگ کاٹتی ہے یہ تلوار ہر طرف

پڑتی ہے چشمِ قہر ستمگار ہر طرف — ہے آج گرم موت کا بازار ہر طرف

نکلے تو قتل گاہ مین قاتل کی تیغِ تیز — عاشق ہین جان دینے کو طیار ہر طرف

نرگس یہ باغِ دہر مین موقوف کچھ نہین — اُس چشمِ سرمہ سا کے ہین بیمار ہر طرف

کٹتے ہین تیری تیزیِ تقریر سے گلے — چلتی ہے بات بات مین تلوار ہر طرف

ٹھہرو کہ دھوپ بھی کسی جانب پڑی رہے — رُوکے جگہ نہ سایۂ دیوار ہر طرف

صیّاد نے لگائی ہین چھریان قفس کے گرد — اُٹھی ہے آج لوہے کی دیوار ہر طرف

ہر اِک سے بزم مین تمھین زیبا نہین کلام — بانٹے نہ پھول شوخیِ گفتار ہر طرف

عاشق بہت ہین شہر ہے لیکن متاعِ حسن — یوسف جو ہو کوئی تو خریدار ہر طرف

کعبہ ہو یا ہو دیر حرم ہو کہ بُتکدہ — دل مین اگر ہے عشق تو دلدار ہر طرف

سرگشتگی ازل سے ہے میرے نصیب مین — پھرتا ہون مین بھی صورتِ پرکار ہر طرف

داغِ دل و جگر کی نہین عشق مین کمی — اس باغ مین ہین پھولون کے انبار ہر طرف

موقوف طور ہی پہ نہین اے جمالِ دوست — ہے تیرے دم سے گرمیِ بازار ہر طرف

اے جاہ لطف یہ ہے سنبھالو ردیف کو
ہونے نہ پائے شعر مین بیکار ہر طرف

اب کھلا ہم پر سنا کرتے تھے پہلے نامِ عشق — موت جسکا نام رکھا ہے وہ ہے انجامِ عشق

حسن آنکھون کا بڑھے گر چشمِ عاشق سے لڑین — ان چراغون کے لیے ہو روغنِ بادامِ عشق

چار آنکھیں ہوتے ہی دل کی خبر دل کو ہوئی — بے زبانون نے دیا جا کر انھین پیغامِ عشق

موت بھی ہوتی نہین پرسانِ حالِ عاشقان — آبِ حیوان ہو گیا آبِ دمِ صمصامِ عشق

مرتے مرتے شمع کی الفت کا دم بھرتے رہے — واہ پروانون نے کیا روشن کیا ہے نامِ عشق

عاشق و معشوق مین آزاد کوئی بھی نہین — تم اسیرِ حسن ہو ہم قیدیِ آلامِ عشق

کس طرح مملو ہے الفت سے چشم و دل نہون — ایک شیشہ عشق کا آئین ہے اک ہے جامِ عشق

جیتے جی مشکل ہے آلامِ محبت سے نجات — جان لیکر جائیگی یہ گردشِ ایامِ عشق

رات ہو یا دن ہو کٹنا دونو کا دشوار ہے — صبح و شامِ حشر سے بڑھکر ہین صبح و شامِ عشق

عید ہوتی ہے محبت مین جو آتی ہے قضا — شاہدِ شیرین ادا ہے تلخیِ انجامِ عشق

رفتہ رفتہ سختیان سہ سہ کے حاصل ہو گا اوج — سہل طے کرنا نہین ہے زینہائے بامِ عشق

نیم جان قاتل نہ چھوڑا اسکو بکھیڑا پاک کر — دوسری دنیا مین اب جا کر رہے بدنامِ عشق

جاہ کیون دل آنکو دیکر ہم اٹھاتے یہ ملال

سوجھتا ہمکو اگر آغاز مین انجام عشق

آخر اثر کریگی میری نہ آہ کب تک　　اُٹھتی نہین ہے دیکھین نیچی نگاہ کب تک

اغیار سے اشارے تڑپا رہے ہین دل کو　　بجلی گرائیگی یون تیری نگاہ کب تک

دیدار کی ہوس مین ناحق ہے زندگانی　　کیا جانے رنگ بدلے بختِ سیاہ کب تک

زلفِ بتان سے اکدن دل کو چھڑا ہی لینگے　　ہمسے کجی کریگا بختِ سیاہ کب تک

تو آؤ دل بھی جاؤ بس ہو چکی لڑائی　　مارینگی تیر دلپر ترچھی نگاہ کب تک

وہ شوخ ہی ہے سچا جھگڑا کہین جو چکے تو　　درد اُٹھکے دے گواہی اب یا الٰہ کب تک

گر دل مین ہے صفائی تا چند کج ادائی　　اُلٹی چھری بنے گی سیدھی نگاہ کب تک

لیلی کو دیکھ لینگی مجنون کی جا کے نظرین　　پردہ کرے گی اُٹھکر یہ گردِ راہ کب تک

غیرون کا خوف دل سے کس دن مٹیگا یارب　　کانٹون سے صاف ہوگی الفت کی راہ کب تک

اُٹھے پر اپنے آؤ اُلٹو نقاب رُخ سے　　ڈھونڈھے جلا کے مشعل گردون پہ ماہ کب تک

جلوہ کبھی تو رخ کا تیرے نصیب ہوگا — لینگے تعلّیون کی یہ مہر و ماہ کب تک

بس بس کھنچو نہ ہمسے تلوار کھینچ بھی تو — دل کا غبار ہوگا اب سدّ راہ کب تک

پیچھے پڑی ہوئی ہے چوٹی کی تیری الفت — ملتی ہے اس بلا سے دیکھین پناہ کب تک

ہر روز تو جتا ہے کس طرح کوئی جھیلے — نالون کی روکتا گئے یہ ضبط آہ کب تک

دن رات آہین کرنی موقوف کی ہین ہمنے — ہستی کے دونو صفحے کرتے سیاہ کب تک

تا چند درد دل کی یون ہی چمک رہیگی
اے برق حسن جانان تڑپے گا جاہ کب تک

پڑ گیا سب گلون کا پھیکا رنگ — رنگ لایا چمن مین تیرا رنگ

اڑکے انگیا کا وہ سنہرا رنگ — سونے کی بن گیا ہے چڑیا رنگ

میرے رنگ وفا سے ملتا ہے — تیری پوشاک کا یہ گہرا رنگ

وصل کے نام پر ہے چہرہ سرخ — پردۂ غیظ مین ہے نکلا رنگ

مے سے ڈاڑھی رنگی ہے واعظ نے　　آج لائے جناب اچھا رنگ

باغ میں سنکے آمد صیاد　　اڑ گیا ڈر کے بلبلوں کا رنگ

انکو نفرت ہے زیب و زینت سے　　ہے طبیعت کا انکی سادا رنگ

داغ دل بھی ہیں سیر کے قابل　　پھول ہیں اس چمن میں یکا رنگ

ضعف نے کیا کمال دکھلایا　　میری تصویر سے نہ اترا رنگ

گلرخوں کے جو وصف ہیں موزوں　　اس غزل نے دیا ہے کیسا رنگ

عاشقوں پر مرینگے خود معشوق　　اک ذرا بدلے تو زمانا رنگ

تو بھی رنگیں غزل سنا کر جاہ

باندھیے آج خوب اپنا رنگ

غضب کا شوخ ہے یہ چلبلا دل　　مزاج یار ہے گویا مرا دل

وہ سہمے جاتے ہیں لیکر مرا دل　　مثل سچ ہے کہ کتنا چور کا دل

بُتوں کو بے تکلف دے دیا دل | کوئی دیکھے مری ہمّت مرا دل

مرا دل لیتے ہی میری طرف سے | پھرا تیری نظر بنکر ترا دل

کہوں کیا غم جو الفت مین اُٹھائے | خدا بس جانتا ہے یا مرا دل

نہ کی اک آہ بدنامی کے ڈر سے | شب فرقت کیا دل نے بڑا دل

کسی کی جان بھی جائے تو جائے | اُنھین ہر روز لینا اک نیا دل

سمائے برق کیا اُنکی نگہ مین | نظر مین ہے کسی بیتاب کا دل

شب وصل اُس طرف کوسا کیے وہ | ادھر دیتا رہا اُنکو دعا دل

فلک پر برق ہے ماہی زمین پر | جدھر دیکھو تڑپتا ہے مرا دل

غضب تھا آنکھ کا لڑنا کسی سے | بہت روکا نہ مانا آگیا دل

ہمین چوکے ہماری ہی خطا ہے | نہ دینا تھا تجھے اے بیوفا دل

نہین کچھ کھیل نالے میرے سُننا | سنبھالے رہیے ہاتھون سے ذرا دل

مبارک ہو مجھے سہنا غم ہجر　　مبارک ہو تمھیں لینا مِرا دل
یہ عاشق بھی محبت کے ہیں بندے　　ملی آنکھ اور قابو سے گیا دل
وہ ہنسنے تھے مری بیتابیون پہ　　تڑپ کر دل نے تڑپا ہی دیا دل
مجھے کد ہے نہ دونگا دل کسیکو　　کسی کو ضد ہے لینگے ہم ترا دل

سوالِ وصل پر بولے وہ اے چاہ
اٹھو پہلو سے بس اب ہٹ گیا دل

ضعف مین در سے ترے اٹھ جائینگے اے یار ہم　　اٹھ سکے گر صورتِ دردِ دلِ بیمار ہم
عشقِ ابرو مین ہین ایسے جان سے بیزار ہم　　پھیر لینگے اک نہ اک دن حلق پر تلوار ہم
تیرے ہونٹھون کی مسیحائی سے پا جائین شفا　　تیری آنکھون کی محبت مین جو ہون بیمار ہم
گردشِ قسمت نے بھی کیا کیا ہمین چکر دیے　　آپ ہین اپنے تصدق صورتِ پرکار ہم
پانْون کی زنجیر کیا کہتی ہے کچھ کھلتا نہین　　ہے ابھی تازہ اسیری سمجھین کیا گفتار ہم

ہے کلام اُسکی خموشی کا نہیں گویا زبان　　　تیزیِ تقریر کہتی ہے کہ ہین تلوار ہم

ہوشیاری ہے قفس مین جس قدر غفلت رہے　　　اپنی آنکھین بند رکھین صورتِ منقار ہم

دیکھکر مستانہ چال اُس گُل سے کہتی ہے نسیم　　　بَس اگر ہوتا اُڑا لیتے تِری رفتار ہم

باغبانون کو سبکروحی کی دکھلائین بہا　　　صَوتِ بلبل سے نکلے پھاندین باغ کی دیوار ہم

بے لیے جانِ حزین تو آج جانا ہی نہین　　　لے قسم دیتے ہین لے دردِ فراقِ یار ہم

غنچہ کہتا ہے دہانِ تنگ کا کھلتا ہے حسن　　　بند اگر رکھتے گلستان مین لبِ گفتار ہم

ناز ہو جسکو جفا وُن پر اُٹھائے وہ لیے　　　دل کو رکھدیتے ہین یہ کہکر سرِ بازار ہم

مہر و مہ سے بھی نہ جھپکی آنکھ چلنے مین کبھی　　　اِن کواکب مین بھی ثابت ہو گئے سیار ہم

اُسنے رشتہ جان کر پھولون سے زینت دی ہمین　　　لاغری سے ہو گئے آخر گلے کا ہار ہم

اُنکے کوچے سے اُٹھایا ہمکو دربانون نے جاہ

دو گھڑی جا کر اگر بیٹھے پسِ دیوار ہم

کیا کھاؤ گے رحم اے بتو تم　　پتھر کے بنے ہوئے تو ہو تم

شعلہ ہو کہ برق اے بتو تم　　جو کچھ ہو غرض غضب کے ہو تم

بوسے کی طلب ہے کوئی گالی　　اس درجہ نہ بد مزاج ہو تم

مانندِ ستارہ واعظو ہون　　چھیڑو نہ مجھے تو کیون سنو تم

پیری مین جواب دو نہ دانتو　　بچپن کے ہمارے یار ہو تم

کعبہ ہے یہ دل نہ اسکو ڈھاؤ　　اللہ سے اے بتو ڈرو تم

آنکھون مین پھرا کریگی صورت　　عاشق کی نظر سے گو چھپو تم

بیٹھو تو ہو راحتِ دل و جان　　پہلو سے اٹھو تو درد ہو تم

اچھا نہ ہوا مریضِ الفت　　اچھے مری جان مسیح ہو تم

برباد کیا ہے خوب ہمکو　　آباد خدا کرے رہو تم

دیوانہ ہوا ہے واعظ اے جاہ

بکنے بھی دو میکدے سے چلو تم

نہ پوچھو انکی مژگان کو کہ مژگان کسکی شاخین ہین
گلِ نرگس ہین آنکھین اور یہ نرگس کی شاخین ہین

گمان آہو کا ہوتا ہے تری آنکھون پہ اے ظالم
یہ دنبالے نہین کاجل کے دونو اسکی شاخین ہین

تمھارے عشق مین داغِ دل و زخمِ جگر پائے
اسی ہمدم کے یہ گل ہین اسی مونس کی شاخین ہین

ادا کو اُسنے جب پوچھا کہا قتّالِ عالم ہے
جسے سب تیغ و خنجر کہتے ہین وہ اسکی شاخین ہین

جہان دیکھو ہے جلوہ انجمن آراے عالم کا
کلیسا دیر کعبہ سب اسی مجلس کی شاخین ہین

اثر الفت ہی کا ہے گرم نالے ہون کہ سرد آہین
اُسے پہچانتے ہین چاہ ہم یہ جسکی شاخین ہین

تلوارین مارتا ہے وہ جب بات بات مین
اُتّو بنا رہا ہے قبا سے حیات مین

آنکھین لڑا رہا ہے وہ پردے مین بیٹھکر
ڈوری بندھی ہے تارِ نظر کی قنات مین

رخسارِ گلرخون سے بھی قدرت خدا کی ہین
کیا کیا کھلے ہین گل چمنِ کائنات مین

شیرین زبان ہو تم نہین زیبا ہین گالیان　　کیون دو کسی کو زہر ملا کر نبات مین

بوسہ مرے سوا نہ رقیبون کو دیجیے　　کیون غیر مستحق کا ہو حصّہ زکات مین

پایا بہت قلیل زمانا شباب کا　　ارمان کیا نکالیے تھوڑی سی رات مین

حورون سے کم نہین ہین حسینانِ دہر بھی　　جنّت کے پھول ہین چمنِ کائنات مین

مین انکو بزمِ غیر مین کیا بے دہن کہون　　ڈر ہے نکال دین نہ کوئی بات بات مین

دلہاے داغدار کو دے زلف مین جگہ　　روشن چراغ ہون ترے گیسو کے رات مین

دزدیدہ وہ نگاہ ہے محفل مین ہر طرف　　اک چور پھر رہا ہے یہ چوری کی گھات مین

جنبش لبون مین آئی ہے فیضِ کلام سے　　موجِ سخن ہے چشمۂ آبِ حیات مین

خامہ ثناے زلفِ سیہ مین ہے مو شگاف　　چلنا پڑی ہے راہ قیامت کی رات مین

پیوند میری عمر مین دین عمرِ خضر کا　　بخیہ کرین مسیح لباسِ حیات مین

بے انتہا ہین گلشنِ ہستی مین عیب بھی　　لاکھون ہین داغ لالۂ رنگِ ثبات مین

زلفِ سیہ کے عشق مین روشن ہین داغِ دل — تارے چمک رہے ہین جوانی کی رات مین

روشن زمانہ ہوگا اُسے اُلٹتے ہین وہ نقاب — قلعی پھرے گی آئینۂ کائنات مین

اہلِ وطن کو جاہ مین لکھون سفر کا حال

گر ہو سوادِ شامِ غریبی دوات مین

سرگشتگی ازل سے جو ہے سرنوشت مین — کعبے مین ہون کبھی تو کبھی ہون کنشت مین

جنت مین جاکے پھر نہین آتے جو اہلِ خلد — شاید تری گلی کی زمین ہے بہشت مین

گذری تمام عمر نہ نکلا بتون سے کام — ناحق خدا بناکے بٹھایا کنشت مین

حورون پہ ہین مرے ہوئے کشتگانِ حسن — دھوکا یہ کھا گئے ترے عاشق بہشت مین

تیرے کرم سے میری بداعمالیان گئین — خط کھنچ گئے صحیفۂ اعمالِ زشت مین

دل کوے یار مین متفحّص ہے یار کا — پھرتا ہے ڈھونڈھتا ہوا انکو بہشت مین

اُلٹی ہے بتکدے مین جو اُسنے نقابِ رُخ — نکلا ہے آفتاب سوادِ کنشت مین

بن بن کے آبلے مرے دل مین عیان ہوئے　　نقطے جو رہ گئے تھے خطِ سرنوشت مین

یارب یہ بھڑکے حشر کے دن آتشِ جحیم　　لگ جائے آگ دفترِ اعمالِ زشت مین

موقوف آپ ہی کی خوشی پر ہے وصل و ہجر　　جو چاہین لکھدین آپ مری سرنوشت مین

پڑ کر مزا گیا نہ محبت کا بعدِ مرگ　　حورون سے اب ہے چھیڑ ریاضِ بہشت مین

پھیلائیے نہ بتکدے مین آہ کا دھوان　　چھت باندھیے نہ سقفِ حریمِ کنشت مین

ٹھٹا کیا نہ گلرخانِ حسینان کا ہوا ہجوم　　داغون کی ڈالیان جو دکھائین بہشت مین

دکھلاؤن وصفِ لب مین جو شیرین زبانیان　　نہرِ لبن بھی ہونٹھون کو چاٹے بہشت مین

کم مرتبہ ہین وہ جو تلوّن پسند ہین　　پایا کبھی نہ دخل خزان نے بہشت مین

جنت مین نالۂ شرر افشان کرون مین چاہ

ٹانکون ستارے دامنِ حورِ بہشت مین

جاری ہین اشک زلفِ سیہ کے خیال مین　　جگنو نکل پڑے ہین شبِ برشکال مین

اللہ رے رشک یہ بھی گوارا نہیں مجھے ‏ ‏ ارمان ہوں شریک تمھارے خیال میں

منہ پر نقاب ڈال کے بیٹھے تو ہیں حضور ‏ ‏ دھبا لگے نہ شہرۂ حسن و جمال میں

ٹیکا لگاؤ ماتھے پہ ابرو کے متصل ‏ ‏ قبضہ جڑاؤ چاہیے تیغ ہلال میں

میخوار رو رہے ہیں جو ٹوٹا ہے جام مے ‏ ‏ موتی پروئے جاتے ہیں شیشے کے بال میں

بیجا ہے اہل حرص کو ہر چیز کی طمع ‏ ‏ دامن بڑا ہے ایک ہی حرف سوال میں

سوئے وہ روٹھ کر تو ملی دولت وصال ‏ ‏ اکسیر تھی چھپی ہوئی گرد ملال میں

ہمپر نہ انقلاب فلک کا اثر پڑا ‏ ‏ مانند سرو عمر کٹی ایک حال میں

سینے سے لپٹو دل میں کدورت اگر ہے کچھ ‏ ‏ دفناؤ حسرتیں مری گرد ملال میں

زینت بڑھے عیاں ہو جو خط روئے یار پر ‏ ‏ جدول کھنچے صحیفۂ حسن و جمال میں

محفوظ اہل بخل ہیں آفات دہر سے ‏ ‏ چوری کبھی ہوئی نہیں قارون کے مال میں

پونچھے فلک پہ خون یہ ہو آج قتل عام ‏ ‏ مہندی لگاؤ ناخن تیغ ہلال میں

عرضی مین مدّ اگر دمِ تحریر رہ گئی　　ڈالی شکن جبین کی مرے عرضِ حال مین

نادم ہوا ہون بوسہ جو اُس گل کا لیکے جاہ

پھولون کی ہے مہک عرقِ انفعال مین

ملال اپنا ہو آئینہ کسی سے کر مکدر ہون　　مری روشندلی کہدے مکدر ہون تو کیونکر ہون

ہماری رُوح کہتی ہے جو وہ آئین عیادت کو　　یہ شادی مرگ ہو مجھکو کہ مین جامے سے باہر ہون

مری پستی سبب ہوتی ہے میری قدر و رفعت کا　　مین آنکھون مین ہون آنسو آنکھ سے گرتے ہی گوہر ہون

اگر سیدھا مقدر ہو مزاجِ سادہ ہون اُنکا　　پڑین گر پیچ قسمت مین خمِ زلفِ معنبر ہون

زمانے مین فقط نامِ محبت مجھسے روشن ہے　　وفا مین فرد ہون آئینۂ گیتی مین جوہر ہون

یہ دیکھو شوخیان آئینے مین وہ عکس سے بولے　　جو تم اعلےٰ سے اعلےٰ ہو تو مین بہتر سے بہتر ہون

چمک کر داغِ دل کہتا ہے اُس مہ رو کی فرقت مین　　نہ کم سمجھو مجھے مین روکشِ خورشیدِ محشر ہون

زمانے مین ہے شکلِ عکس کہنے کو وجود اپنا　　نہ آئینے کے اندر ہون نہ آئینے کے باہر ہون

رخ و گیسو کی الفت نے بھی کیا کیا رنگ دکھلائے
نثار شامِ غربت ہون فدائے صبحِ محشر ہون

اگر ارمان و حسرت کی نہین ہے انتہا کوئی
مرے دل کو بھی دعوی ہے کہ مین صحرائے محشر ہون

نکالے گا کوئی میکش مجھے کیا بزمِ ساقی سے
وفورِ لاغری سے مین بھی بشکلِ خطِ ساغر ہون

سخن مضمون کا ہے کہنے کو مضمون نام ہے میرا
حسینون کے اگر کانون مین پڑ جاؤن تو گوہر ہون

عبث کیون گوشۂ عزلت مین بیٹھون چھپ کے اے زاہد
بتون کے دل کا مطلب ہون مین حرفِ مقدر ہون

رجوعِ خلق میری سمت ہو لے بت تو کیونکر ہو
نہ سنگِ آستان تیرا نہ مین سے کعبے کا پتھر ہون

ترے یہ دونو ابرو گر کھنچی تلوارین ہین قاتل
مژہ کہتی ہے مین بھی کوچۂ شہرگ مین خنجر ہون

ادا سے کام لو قصہ چکے کیون چپکے بیٹھے ہو
گلے پر پھیر دو خنجر اگر مین تم کو دوبھر ہون

سیہ بختی تو دیکھو مجھ سے کہتی ہے شبِ فرقت
نہ ہوگی ختم تا محشر تری قسمت کا دفتر ہون

کسی کا داغِ الفت جاہ میرے دل سے کہتا ہے
شبِ فرقت کا کوکب ہون ترے طالع کا اختر ہون

نالۂ بلبل اثر سے باغبان خالی نہین — جو نہ سر اپنا دُھنے ایسی کوئی ڈالی نہین

لہرا جاتی ہے اکثر اُنکو قتلِ عام کی — آبِ شمشیرِ جفا بھی موج سے خالی نہین

رکھیے آہستہ نگاہِ شوق یان اپنا قدم — سبزۂ رُخسارِ جانان بہرِ پامالی نہین

نور کا حلقہ بنی ہے پرتوِ رُخسار سے — چاند کا ہالہ ہے تیرے کان مین بالی نہین

بیخودی نے دل کی لیٹا ہی دیا اُس شوخ سے — سچ ہے دیوانہ بھی کوئی عقل سے خالی نہین

قتلگہ مین میان سے اگلی ہی پڑتی ہے وہ تیغ — یہ دولھن پردے مین ہرگز بیٹھنے والی نہین

ہے جو ہنگامِ کتابت تیرے گانے کا خیال — جو صریرِ خامہ ہے تحریر سے خالی نہین

ہے جو ادنے اُسکو اعلےٰ کے ہون جوہر کیا نصیب — لائقِ پروازِ مرغِ گلشن قالی نہین

تو ہی تو ہر دل مین ہے ہر دل ہے تیرا ہی مقام — جلوۂ وحدت سے کوئی آئینہ خالی نہین

ہے عبث وسنک اگر اُس در پہ نالی ہون بلند — شورِ محشر پہ مقدم عاشقو نالی نہین

جس قدر دشنام دے معشوق ہنسکر کھائیے — مُنھ لگانے کا یہ پھل ہے یار کی گالی نہین

بعدِ مُردن بھی رہوں گھٹ گھٹ کے شوقِ دید میں　　اس لیے تُربت میں کوئی دَر نہیں جالی نہیں

چاہ پہ لطف و کرم کر اب ہمیشہ کے لیے

جُز ترے یارب کوئی حامی نہیں والی نہیں

یہ بُت بھی بڑے سخت ہیں پتھر ہیں کڑے ہیں　　دل لے ہی گئے سر کے ہیں یہ جس وقت اَڑے ہیں

رکھے ہوئے سر پاؤں پہ اُس بُت کے پڑے ہیں　　ہو جائیگی اب صلح نصیب اپنے لڑے ہیں

عشقِ خطِ نوخیز میں عشّاق لڑے ہیں　　اس سبزے پہ عالم میں بہت کھیت پڑے ہیں

جتنے ترے ابرو میں بل آئے ہیں ستمگر　　اُتنے ہی مقدّر میں مرے پیچ پڑے ہیں

ہر دم ہے ترے قامتِ موزوں کا تصوّر　　جب دیکھیے عاشق ترے سولی پہ کھڑے ہیں

اے غنچہ دہن نظم ہوئی ہیں تری باتیں　　یہ پھول ہی ہیں جو ترے مُنھ سے جھڑے ہیں

رونے ہیں کسی کو تو ضرور آپ کے دشمن　　اشکوں کے نشان عارضِ نازک پہ پڑے ہیں

[illegible] یہ تپشِ خورشیدِ قیامت　　یاں سایۂ رحمت میں گنہگار کھڑے ہیں

جانے وہی لذت نگہِ قہر و غضب کی | جسپر کبھی اس تیغ کے دو ہاتھ پڑے ہین

پھوٹی ہے انھین پھولون سے بو وصل عدو کی | یہ ہار گلے مین ترے لے گل جو پڑے ہین

ہو دیر مین ناقوس کہ کعبے مین موذن | تجھکو یہ پکارے کہ گلے سب کے پڑے ہین

ہے وصل مین بھی حکم مجھے مشقِ فغان کا | اب تو مرے نالے بھی گلے میرے پڑے ہین

شوخی نے بنایا ہے انھین آنکھ کی پتلی | گو پردہ نشین ہوکے وہ کھڑکی مین کھڑے ہین

کیون مِل کے گلے آپ سے ہر ایک نہ خوش ہو | عیدین کے چاند آپ کی ہیکل مین پڑے ہین

قاتل ہین ہمارے یہی اے داورِ محشر | گردن کو جھکائے ہوئے چپکے جو کھڑے ہین

کم قدر نہ سمجھین مرے اشعار کو دانا | موتی یہ حسینون کے بھی کانون مین پڑے ہین

اغیار سے پوچھو مرے نالون کے اثر کو | یہ ہین وہ نشان جو دلِ دشمن مین گڑے ہین

منت کے ترے طوق جو اترے تھے گلے سے | حلقے وہی بنکر مری آنکھون مین پڑے ہین

بال اُنکے جو ٹوٹے تو یہان ٹوٹ گیا دل | چوٹی کے تو بال آئنہ دل مین پڑے ہین

بیجا ہم پہنائے گئے زندان مین مجھے طوق   بیکار یہ کمبخت گلے میرے پڑے ہین
ممکن ہی نہین ہے کہ نکالے سے یہ نکلین   قسمت مین مری بل ترے گیسو کے پڑے ہین
اے قیس بگولون کو بگولے نہ سمجھنا   خیمے کسی وحشی کے بیابان مین گڑے ہین
زنجیر ہو یا طوق ہو ہمسے یہ ہی آپ چھٹے   گردن مین تری ہاتھ تو دونو کے پڑے ہین

مضمون سُلجھ کر کوئی کیا نظم ہو اے جاہ
ہم خود ہی غمِ زلف سے اُلجھن مین پڑے ہین

سب گوارا ہے یہ بُت غیر ہی کو شاد کرین   یارب آباد رہین جو ہمین برباد کرین
نالے کعبے مین نہ بُتخانے مین فریاد کرین   ہم کہین کے نہ رہین وہ جو نہ بیداد کرین
دل کا آنا بھی غلط جان کا جانا بھی غلط   خیر جو بات ہو سچ آپ وہ ارشاد کرین
مُنھ پھلائے رہے غنچے ہوئی بلبل جو اسیر   چھوٹے مُنھ یہ نہ کہا چھوڑ دین آزاد کرین
کہتے ہین سیکڑون ہین چاہنے والے اپنے   کِسکو ناشاد کرین اور کسے شاد کرین

دیر و کعبے کی ہوس سے مجھے ڈر ہے پسِ مرگ — یہ ہوائین نہ مری خاک کو برباد کرین

کہتے ہین گر دلِ عاشق مین بھی ارمان نہ رہین — پھر کہان جائین یہ کس گھر کو آباد کرین

سادگی غیر کے ماتم مین ستم کا ہے بناؤ — مجھ پہ وہ سوگ کے پردے مین نہ بیداد کرین

ایک دل ایک جگر داغ عزیزون کے بہت

اُسکو اے جاہ بھلا دین کسے ہم یاد کرین

شباب باغِ جہان مین بغیر شیب نہین — چمن مین پھول جو مرجھا گئے تو عیب نہین

بنے جو دشت مین مجنون کی قبر اچھا ہے — کہ اس غریب کے دامن مین کوئی جیب نہین

دہانِ یار کا پاتا نہین نشان کوئی — عیان کسی پہ زمانے مین حالِ غیب نہین

زبان دراز ہمیشہ سزا ہی پاتے ہین — قلم ہو گر سرِ خامہ تو کوئی عیب نہین

غنی تعلقِ دنیا سے عہدِ طفلی ہے — قبائے غنچہ کے دامن مین کوئی جیب نہین

بتون کو بتکدے مین ایک حال پہ دیکھا — کسیکے عہدِ جوانی مین دخلِ شیب نہین

ہر اک کے ساتھ ہر اک عیب خاص ہوتا ہے　　اگر ہو شاخ مین پیوند کوئی عیب نہین

چمن مین آکے لٹائے بھلا یہ زر کیونکر　　برنگِ غنچہ تو گلچین کو دستِ غیب نہین

سوال کرکے تونگر سے کھو نہ عزت کو　　خدا سے مانگ کہ اس مانگنے مین عیب نہین

ہنر حسین سمجھتے ہین بیوفائی کو　　جو ان مین حسنِ وفا نقص ہے تو عیب نہین

بتون کا عشق سے چھٹے تم سے چاہ مشکل ہے

ابھی شباب کا موسم ہے عہدِ شیب نہین

بتون کے گھر مین داخل غیر بے تاخیر ہوتے ہین　　خدا کی شان ہے ایسے بھی خوش تقدیر ہوتے ہین

بیانِ گریہ سے خالی نہین کوئی سخن اپنا　　مرے الفاظ سب شستہ دمِ تقریر ہوتے ہین

مجھے الزام دیتے ہین پریشان کیون کیا ہمکو　　مرے اشکون کے قطرے گہرِ دامنگیر ہوتے ہین

شبِ فرقت ہو شرکت اگر اے دردِ دل تیری　　وہ آہین بے اثر نالے وہ بے تاثیر ہوتے ہین

ذرا ہشیار رہنا ہم کہے دیتے ہین اے قاصد　　گلے وان بیگناہون کے تہِ شمشیر ہوتے ہین

گلون سے کوئی کہدے خونِ ناحق کا کرین دعوے   عبث دل قید ہو کر ذبح بے تقصیر ہوتے ہین

بتون کے دل بھی پھنس جاتے ہین تیری لٹ کے خم مین   اسیرِ دام مرغِ گلشنِ تصویر ہوتے ہین

ہمارے پاؤن کیا صحرا نوردی کا مزا جانین   بہار آتے ہی وقفِ خانۂ زنجیر ہوتے ہین

نکلتے ہین بدقت دل کی صورت لفظ سے معنی   تمھاری زلف کے مضمون اگر تحریر ہوتے ہین

جو ہین پابندِ وحشت انکو کیا حاجت ہے زینت کی   کہان محتاجِ شانہ گیسوِ زنجیر ہوتے ہین

انھین فرحت ہو کیا وابستگی ہے جنکی قسمت مین   شگفتہ شکلِ غنچہ کب لبِ تصویر ہوتے ہین

عجب چلتی ہوئی تیغین ہین تقریرین تری ظالم   انھین تلوارون سے عالم مین سب تسخیر ہوتے ہین

جو محرومِ ازل ہین جاہ سرسبزی وہ کیا جانین
ہرے کب فصلِ گل مین دانۂ زنجیر ہوتے ہین

شبِ وصل مین عاشق کے ارمان نکلتے ہین   ارمان بھرے دل سے مہمان نکلتے ہین

پہلو سے جو تیرون کے پیکان نکلتے ہین   مین جانتا ہون دل کے ارمان نکلتے ہین

تسکین نہ دے قاصد آتے تو وہ آجاتے | باتون سے تو فرقت کے عنوان نکلتے ہین

ہین وردِ زبان ہردم وصف اُس لبِ رنگین کے | دریاے طبیعت سے مرجان نکلتے ہین

آسودگیِ عالم خورشید و قمر سے ہے | گردون پہ یہ نعمت کے دو خوان نکلتے ہین

عالم کی تباہی کیا منظور ہے اب اُنکو | بَن ٹھَن کے وہ کیون گھر سے ہر آن نکلتے ہین

کچھ کھیل ہے قابو مین تم آکے نکل جاؤ | مدت مین تو اب دل کے ارمان نکلتے ہین

کس کس کو کوئی مانے کس کس کو بجا لائے | ہر روز نئے اُنکے فرمان نکلتے ہین

نالون سے ہلاتے ہین سینون مین کلیجون کو | عاشق ترے جس جانب لے جان نکلتے ہین

اللہ شبِ وصلت کیا پاسِ نزاکت ہے | تھم تھم کے مرے دل سے ارمان نکلتے ہین

آئینہ ہو یا شانہ مسّی ہو کہ سرمہ ہو | جانون کے یہ لینے کے سامان نکلتے ہین

بوسے ترے لیتی ہے چھپ چھپ کے نگہ میری | چورون کی طرح دل سے ارمان نکلتے ہین

گر بادیہ پیمائی لکھتے ہین مرے کاتب | قلمون مین قیامت کے میدان نکلتے ہین

تلوار تو پھیرے جا رکھ ہاتھ نہ آنکھون پہ   اِن راستون سے ظالم ارمان نکلتے ہین

لے جاہ محبّت کچھ آسان ہے حسینون کی

لی جاتی ہین وان قسمین قرآن نکلتے ہین

مین وہ دیارِ عشق مین وحشت رسیدہ ہون   سائے کو اپنے دیکھکے کوسون رمیدہ ہون

شبنم ہون یا مین قطرۂ اشکِ چکیدہ ہون   جو کچھ ہون الغرض ہمہ تن آبدیدہ ہون

روزِ ازل سے صورتِ اشکِ چکیدہ ہون   اپنی فنا پہ آپ ہی مین آبدیدہ ہون

دونو جہان کے غم کا ہے پتلا دلِ حزین   دیوانِ دردِ عشق کا مضمونِ چیدہ ہون

خالی نہین ہے شیب مین قوّت سے جسمِ زار   جھکنے کے بعد بھی مین کمانِ خمیدہ ہون

کیا روزِ حشر صور کے غل سے کھلے گی آنکھ   خوابِ گرانِ چشمِ شبِ ہجر دیدہ ہون

وحشت کا پردہ فاش ہو بو پھوٹے عشق کی   مین بھی برنگِ گل جو گریبان دریدہ ہون

تجھکو ہے یہ غرور کہ ہون آفریدگار   مجھکو یہ ناز ہے کہ ترا آفریدہ ہون

ایک روز [illegible] باغِ جہان مین صورتِ نخلِ بُریدہ ہون

دستِ [illegible] مانند آسیا کے جو عزلت گزیدہ ہون

چھوٹے [illegible] عالم مین شکلِ سایۂ مرغِ پریدہ ہون

ڈوبا [illegible] ترِ معصیت کا دفترِ باران رسیدہ ہون

وحدت [illegible] عالم ہے میرے ساتھ مگر مین جریدہ ہون

میری [illegible] فرمایا کہ اک فسانۂ عشقِ شنیدہ ہون

کیونکر [illegible] کچھ فردِ منتخب ہون نہ مضمونِ چیدہ ہون

[illegible] کہتی ہے خود غزل

[illegible] تو کہنے کو سب کے قصیدہ ہون

[illegible] ہرگز شریکِ سرمۂ اہلِ نظر نہو

[illegible] لغزش مین پاے موجِ نسیمِ سحر نہو

دیوان میں دیکھتا ہوں نشانی اگر کبھی   ہوتا ہے تنگ یہ طائرِ مضموں کا پَر نہو

ارمانِ دل نکلنے کو تہِ سینۂ عشق میں   اِس درجہ تنگ کوچۂ زخمِ جگر نہو

جُوڑے سے تیرے آتی ہیں عاشق پہ آفتیں   یہ بھی شبِ فراق کا پچھلا پہر نہو

یادِ رُخِ صبیح میں ہوں محو خوف ہے   خوابِ اجل مجھے کہیں خوابِ سحر نہو

بیچین ہو وہ شوخ گوارا نہیں مجھے   یارب یہ دودِ آہ کمندِ اثر نہو

گرمی پڑیگی مہر کی سُنتے ہیں حشر میں   اُنکے شباب کی وہ کہیں دوپہر نہو

سُنتے تو ہو رقیبوں میں تم میری داستان   قابو میں تو سہی جو کسیکا جگر نہو

تاثیرِ جذبِ کعبہ و بتخانہ ایک ہے   حیران ہے دل کدھر ہو الٰہی کدھر نہو

عاشق کو دل اداسے بچانا تو سہل ہے   پیچھے پڑی ہوئی تری چوٹی اگر نہو

ہوتے ہیں دستگیر سیہ بخت وقت پر   ممکن نہیں کہ تیغ کے آگے سپر نہو

آنکھیں لڑانے کے لیے جاتے ہیں اُنسے جاہ

لیکن لگا ہے ڈر کہین زخمی جگر نہو

آئی صدا مجھے مرے منہ پھٹ کی رات کو　　گلشن مین جب کلی بھی کوئی چٹکی رات کو
تا صبح منہ چھپائے رہے فرطِ شرم سے　　تقدیر جاگتی رہی گھونگھٹ کی رات کو
دل نے کہا نہ حال ذرا بھی شبِ وصال　　کیا ہو گئی زبان مرے منہ پھٹ کی رات کو
فرقت کی شب یہ مجھسے مخالف ہوئی ہوا　　خوشبو تری نہ لیکے ادھر بھٹکی رات کو
مژگان کی یاد نے مجھے بسمل بنا دیا　　یہ پھانس خوب دل مین مرے کھٹکی رات کو
تھی راہِ شوق وصل مین مانندِ زلف پیچ　　نیت ہزار بار یہان بھٹکی رات کو

فرقت مین چاہ داغون کی اللہ ری روشنی
شرماتی ہے یہ رات تو مرگھٹ کی رات کو

غش پہ غش آتے ہین سودا زدہ گیسو کو　　اے پری آکے سنگھا کاکلِ عنبر بو کو
ایک ہم ہین نگہ یاس سے منہ دیکھتے ہین　　آئینہ چومتا ہے روز ترے زانو کو

الفتِ چشم مین اچّھا تو ہے چلّے کھینچون | جا کے صحرا مین بھرون نقشِ سمِ آہو کو

بے سبب باغ مین چلتی نہین ہر روز نسیم | سونگھتی پھرتی ہے پھولون مین تری خوشبو کو

بزم مین چار طرف پڑتی ہے آج انکی نگاہ | ڈھونڈھتا پھرتا ہے یہ تیر کسی پہلو کو

تاب باقی نہ رہی دیکھکے ہیرون کی چمک | مار ڈالا تری جگنی نے ہر اک جگنو کو

گم نہین مشک کی خوشبو سے مہک جوڑے کی | لیا کرین لیکے حسین نافۂ بے آہو کو

اڑ گئے ہوش جو دیکھا قدِ رعنا تیرا | بھولی بیٹھی ہوئی ہے فاختہ بھی کوکو کو

سمجھے ہم پاؤن مین اسکے بھی پڑی ہے زنجیر | دیکھا صحرا مین اگر موجِ رمِ آہو کو

یہی محرابِ حرم ہے یہی شمشیرِ دو دم | خوب صانع نے بنایا ہے ترے ابرو کو

زلف کی یاد مین کھینچین جو دھوان دھار آہین | اور تاریک کیا ہمنے شبِ گیسو کو

دیکھ وہ ابرِ کرم جھوم کے قبلے سے اٹھا | ساقیا دوڑ کے تو بھر دے مرے چلّو کو

بیوفائی سے جلایا دلِ عاشق کیا کیا | سرد مہری نے تری گرم کیا پہلو کو

گردشِ چشم جو یاد آئے تو آہین کھینچون — پا بزنجیر کرون موجِ رمِ آہو کو
بات کرنے مین بھی چل جاتی ہین چھریان اُنکی — اب وہ تقریر مین بھی ڈھونڈھتے ہین پہلو کو
دلِ تاریک مین ظالم کے صفائی کیسی — دخل کب خانۂ زنجیر مین ہے جھاڑو کو
اُسنے بالون مین کئے ہین دلِ پُرداغ اسیر — خوب ہی چاند لگائے ہین شبِ گیسو کو
دستِ نازک ہے یہ تلوار نہین رکھی ہے — اے پری حور دباتی ہے ترے زانو کو
کھول دے آنکھ بس اب اُو مرے سونے والے — وصل کی شب ہے اِدھر دیکھ جگا جادو کو

گر گئی قدر ذرا اشک کی اُن آنکھون سے
روئیے بیٹھکے اب جاہ ہر اک آنسو کو

آنکھ دکھلائے کسے تیری ادا دیکھین تو — کِسکی اب زد مین آتی ہے قضا دیکھین تو
کھینچکر آپ ذرا تیغِ ادا دیکھین تو — رنگ کیا لاتا ہے خونِ شہدا دیکھین تو
اُس پہ چلتی ہے تری تیغِ ادا دیکھین تو — کِسکی آتی ہے سرِ بزم قضا دیکھین تو

دیکھنے والے ترے میری نظر سے دیکھیں ۔ دیکھکر میری نگاہوں سے ذرا دیکھیں تو

دل جو مٹھی میں نہیں ہے تو یہ کیا ہے ظالم ۔ کس طرف لیکے چلا ہے ادھر آ دیکھیں تو

کعبہ و دیر میں دیکھ آئے نہ پایا اُنکو ۔ اب دکھاتا ہے مقدر ہمیں کیا دیکھیں تو

کسکا جلوہ نظر آتا ہے آنکھیں سے پوچھوں ۔ چاک فرمائے مرے دل کو ذرا دیکھیں تو

خانۂ غیر میں جانے کا نشان دیتے ہیں ۔ آپ یہ شوخیِ نقشِ کفِ پا دیکھیں تو

اور دو ہاتھ ابھی خونِ تمنا بڑھجائے ۔ تجھپہ وہ کھینچکے شمشیرِ ادا دیکھیں تو

ٹکڑے ہونے پہ بھی دل یار کا دم بھرتا ہے ۔ جوہر اِس آئینے کا اہلِ صفا دیکھیں تو

بامِ دلدار بھی ہے عرش کے مانند رفیع ۔ سر کو ٹکرائے کہاں جاکے دعا دیکھیں تو

دل کی صورت ابھی لیتے ہیں حسین تصویریں ۔ کھینچکے نقاش مرا رنگِ وفا دیکھیں تو

لیٹ پڑتے ہیں ابھی کچھ تو ہوا آغازِ شباب ۔ سبزۂ تیغِ جوانی کو ہرا دیکھیں تو

کوچۂ یار میں جاتی نہیں آواز اپنی ۔ بیٹھ جاتی ہے کہاں تھک کے صدا دیکھیں تو

دم ٹھہر جائے ابھی وصل کا وعدہ تو کریں — رشتۂ جاں میں گرہ دے کے ذرا دیکھیں تو

کھو گئی باغ میں اتری ہوئی پوشاک انکی — گٹھری غنچے کی ہم اے بادِ صبا دیکھیں تو

چرخِ چارم سے اتر آئیں جنابِ عیسےٰ — اُٹھا کے دَور زمانے کی ہوا دیکھیں تو

اے جنوں وصل کی چال یقیں ہے چل جائے — بھر کے ہم دشت میں نقشِ کفِ پا دیکھیں تو

چاہنے والے کے دل سے ہے فقط حُسن کی قدر — عکس آئینے سے فرما کے جدا دیکھیں تو

آپ جس دل کو بہت پیار کیا کرتے تھے — یہ وہی دل ہے اِسے آپ ذرا دیکھیں تو

بوسے لینے میں اُس ابرو کے نہ بیمار ڈریں — آبِ شمشیر میں تر کر کے دوا دیکھیں تو

کسکی تقدیر میں لکھی ہے شہادت یارب — خطِ اجل کا کِسے دے تیغِ ادا دیکھیں تو

دستِ گستاخ نے کسکے یہ قرب لوٹے ہیں
چاک ٹوٹے ہوئے وہ بندِ قبا دیکھیں تو

جیسے ہے خالِ جبینِ بُتِ بے پیر سیاہ — ہے اسیطرح مرا کوکبِ تقدیر سیاہ

وحشیِ زلف ہوں میں ہے مری تقدیر سیاہ   ڈال حدّاد مرے پاؤں میں زنجیر سیاہ

تیغِ ابرو سے کیا کرتے ہیں عشاق کو قتل   ان حسینوں کو پسند آئی ہے شمشیر سیاہ

قتل کرتے تو ہو سودازدۂ گیسو کو   خون پی کر کہیں ہو جائے نہ شمشیر سیاہ

تیرہ و تار ہی زندان کا ہے رہنا بہتر   تیرہ بختوں کے لیے چاہیے تعمیر سیاہ

قید میں آبلہ پا نے جو پانی نہ دیا   خشک ہو ہو کے ہوئے دانۂ زنجیر سیاہ

ہمنشینی نے ذرا بھی نہ دکھائی تاثیر   صحبتِ زاغِ کمان سے نہ ہوا تیر سیاہ

انقلابِ فلکی رنگ جو بدلے اپنا   آہوؤں کو نہ کرے مہر کی تنویر سیاہ

قابلیت پہ ہر اک شے کا جہاں میں ہے مدار   کب ہوا دھوپ سے رنگِ رخِ تصویر سیاہ

باڑھ رکھتی ہے یہی تیغِ نظر پر اسے چاہ

چشمِ جاناں میں جو کاجل کی ہے تحریر سیاہ

قسمت جو شکلِ تیغِ سخن کی چمک گئی   نکلا زباں سے شعر کہ محفل پھڑک گئی

رکھا جو ہاتھ نزع مین سینے پہ یار نے / تڑپا کے دل کو درد جگر کی چمک گئی

دم لینے کو ٹھہر گئی عاشق کی حلق پر / مقتل مین چلتے چلتے جو وہ تیغ تھک گئی

ان گل رخون کے وصف کی تاثیر دیکھیے / مٹی زمینِ شعر و سخن کی مہک گئی

اللہ جانتا ہے جو سمجھے ہون حور ہم / دھوکے مین تیرے آکے طبیعت بھٹک گئی

غنچے ہنسے جو باغ مین تم مسکرا دیے / تڑپا جو مین تو بلبلِ شیدا پھڑک گئی

آنکھون سے چھپ سکی نہ گلِ داغِ دل کی بو / آنسو گرے کہ عطر کی شیشی لنڈھک گئی

مضمونِ اشک پڑ گئے کانون مین یار کے / ان موتیون کی آج سے رتی چمک گئی

آہون سے میری جب شبِ فرقت اٹھے شرر / افشان جبینِ چرخ پہ گویا چھڑک گئی

سورج بھی چاند بھی ترے جھمکے مین دیکھکر / کہتا ہے آسمان مری قسمت چمک گئی

اس مانگ نے جو چہرے کی جانب کو رخ کیا / کعبے کو شہرِ شام سے سیدھی سڑک گئی

شعلے اٹھے فراق مین برسات دیکھکر / پانی پڑا تو اور یہ آتش بھڑک گئی

کمبخت دل کے ہاتھ سے اُلجھن مین پڑگیا　　اپنی بلا وہ زلف مِرے سر پٹک گئی
ہم ہین وہ زار سب کو ہوا یال یہ گمان　　تصویر آئینے مین ہماری چپک گئی
آہِ رسا پونہچ ہی گئی بامِ یار پہ　　آخر یہ بیل اتنی بڑھی عرش تک گئی
بُو پھوٹی عشق کی مِرے رونے سے خلق مین　　تھا اشکِ خون وہ عطر کہ محفل مہک گئی
گلچین جدا اُداس ہے بلبل جدا اُداس　　دونون مین ایک غنچے کی خاطر چٹک گئی
نکلے غضب ہی کے ترے عشّاق سخت جان　　آخر قضا بھی آنکھ بچا کر کھسک گئی
تمنے جفائین کین تو نہ پوچھا کسی نے کچھ　　مینے اِک آہ کی تو خبر عرش تک گئی

کس قہر کی ادا ہے نکیلی بتون کی چاہ
آنکھون مین جب چبھی تو جگر مین کھٹک گئی

اے ترک تغافل کے یہ اطوار ہین کیسے　　پوچھا نہ کبھی عشق کے بیمار ہین کیسے
آئینے بھی حیرت سے ہین سب محوِ تماشا　　دیکھے تو کوئی پشت بدیوار ہین کیسے

مرتے بھی ہین مرتے بھی نہین ہین ترے عاشق — حیران ہین مسیحا کہ یہ بیمار ہین کیسے

رکھین تو گلا تیغ پہ عشاق تمھارے — دیکھین تو بھلا جان سے بیزار ہین کیسے

دل پھولون پہ آتے ہی پھٹ جاتا ہے اپنا — معلوم نہین گل اسے درکار ہین کیسے

کہتے ہین کہ بے چین ذرا دل نہین ہوتا — نالے یہ تمھارے پس دیوار ہین کیسے

دل سیکڑون پامال ہین اُس نقش قدم پہ — سرگرم ادا وہ دم رفتار ہین کیسے

گرم آہون کی کسکی یہ ہوا کھا گئی یارب — مرجھائے ہوئے وہ گل رخسار ہین کیسے

یہ کسکے مقدر کا پڑا پیچ اسے آکے — بل کھائے ہوئے گیسوے دلدار ہین کیسے

سر پھوڑ کے دین جان کہ حاصل ہو رہائی — معلوم نہین مرغ گرفتار ہین کیسے

دل غیر کا زخمی نہین کرتی ہین نگاہین — کیا جانیے تیر نگہ یار ہین کیسے

تکرار کے ہے ساتھ نہین غیر سے کیا خوب — انکار کے پردے مین یہ اقرار ہین کیسے

عشاق کے پہچانتے ہین نقش قدم کو — دربان در یار بھی ہشیار ہین کیسے

تم کہتے ہو پھیکی ہے غزل جاوؔ تمہاری
پوچھو کسی شاعر سے یہ اشعار ہیں کیسے

بسی ہوئی ہے مرے دل میں آرزو تیری — مشامِ جان کو معطر کیے ہے بو تیری

بہت گلوں میں بھی کی ہمنے جستجو تیری — ہزار رنگ سے سونگھا نہ آئی بو تیری

حرم سے دیر میں لائی ہے جستجو تیری — کہاں کہاں لیے پھرتی ہے آرزو تیری

وہ آنکھ دے کہ نظر آئے جلوہ وحدت کا — وہ کان دے کہ سنوں جس سے گفتگو تیری

ترا ہی جلوہ قدرت گلوں میں پایا ہوں — کسی میں رنگ ہے تیرا کسی میں بو تیری

تمام دن نظرِ شوق در پہ رہتی ہے — تمام رات جگاتی ہے آرزو تیری

ہنسی نہو ترے رونے پہ رونے والوں میں — خدا کے ہاتھ ہے اے چشمِ آبرو تیری

تجھے تو سامنے آنکھوں کے یار رہنا تھا — جگہ بھی ہے تو قریبِ رگِ گلو تیری

وہ آرزو ہوں کہ دل میں ترے جگہ پاؤں — وہ دل بنوں کہ رہے جسمیں آرزو تیری

ترا پتا نہ کہین شیخ و برہمن کو ملا — ہر اک کے پاؤن تھکے کر کے جستجو تیری

کلیم ہی کو مبارک ہو طور پر آنا — سنی نہ جائیگی مجھسے وہ گفتگو تیری

ہواے وصل مین دستِ ہوس دراز رہے — نہ شاخ قطع ہوا سے نخلِ آرزو تیری

نہ بھولے جاہ دمِ مرگ بھی تجھے یارب
زبان پہ نام رہے دل مین آرزو تیری

گو کڑے کوس ہین الفت کی کڑی منزل ہے — عشق جس دل مین ہو اے دل وہی دل تو دل ہے

دردِ دل کہیے تو سب الٹی ہی سمجھاتے ہین — ہاے کیا جان غضب مین ہے بڑی مشکل ہے

آپ کے ظلم سہین منھ سے گر اُف نہ کرین — یہ کلیجہ ہے ہمارا یہ ہمارا دل ہے

نچلے بیٹھے رہو کہتے ہین کوئی دیکھ نہ لے — اپنے بیگانے ہین سب جمع بھری محفل ہے

آپ ہی توڑتے ہین جوڑ کے فقرے دل کو — آپ ہی کہتے ہین شیشے سے بھی نازک دل ہے

عشق نے قیس کو دیوانہ بنا رکّھا ہے — ہر بگولے کو سمجھتا ہے یہی محمل ہے

سچ تو یہ ہے جو نظر ملتے ہی کھینچی تلوار دشمنِ جان ہے تو ہو پیار ہی کے قابل ہے

مجھکو انکار شبِ وصل ہے دل دینے پر انکو یہ ضد ہے کہ ہم لینگے ہمارا دل ہے

دُور گو ہے درِ محبوب پہ اللہ رے عشق شوق کہتا ہے کہ چل سامنے وہ منزل ہے

غیر کا دل تو بنایا ہے گلے کا تعویذ خاک میں ہائے ملانے کو ہمارا دل ہے

ڈر لگا ہے نہ خدا سے کوئی فریاد کرے سر جھکائے ہوئے محشر میں مرا قاتل ہے

دیکھ ناصح نہ بُرا بول کہیں پیش آئے ہم بھی کہتے تھے کہ قابو میں ہمارا دل ہے

پیار کی آنکھ سے دیکھیں وہ کسے دیکھتے ہیں سامنے آئنہ ہے ہاتھ میں میرا دل ہے

چاہ الفت کا مزا عہدِ جوانی تک تھا

اب وہ سن ہے نہ وہ دن ہیں نہ اب وہ دل ہے

ساقیا منھ پہ نہ شیشے کے کبھی کاگ لگے تیرے دل میں بھی مری طرح اگر آگ لگے

میری آنکھوں سے ہے دعویٰ اسے ہمچشمی کا شان اللہ کی نرگس کو بھی کیا بھاگ لگے

چار قطروں ہی میں شبنم کے ہوئے گُل ٹھنڈے ‏ یوں بُجھائے نہ بُجھے عشق کی گر آگ لگے

خوش ہے صیاد کہ طاقت نہ رہی نالوں کی ‏ مجھکو یہ ڈر ہے قفس میں نہ کہیں آگ لگے

کہتے ہیں نالوں سے ہوتا ہے پریشاں دماغ ‏ تم الاپو وہ جو کانوں کو بھلا راگ لگے

یا خدا میکدے میں کون فسوں ساز آیا ‏ بولنے قلقلِ مینا کی طرح کاگ لگے

جانبری گیسوؤں سے چاہ بہت مشکل ہے
دل کا آنا تھا کہ ڈسنے اُسے دو ناگ لگے

فصلِ شباب میل عناصر سے کر گئی ‏ جو منڈرے پہ دھوپ چڑھی اور اُتر گئی

نظروں پہ زلف چڑھتے ہی دل میں اُتر گئی ‏ بس پر بلا یہ آئی تھی اور کے سر گئی

کیا پوچھتے ہو حال شبِ ہجر کا تم ‏ اللہ جانتا ہے جو دل پر گذر گئی

بحرِ جہاں میں گوہرِ عرفاں کی ہے تلاش ‏ اچھی ہوا حباب کے سر میں یہ بھر گئی

کس نے کیا گلوں سے مری بے پری کا ذکر ‏ کچھ پر نہ تھے جو اُڑ کے چمن تک خبر گئی

دیوانگانِ عشق کی جانے اِسے بَلَا — کس راستے سے آئی قیامت کدھر گئی
راحت ہوئی جو سینے پہ رکھا خط آپ کا — پھاہا چڑھا تو سوزشِ داغِ جگر گئی
سَو سَو دل ایک ایک جگہ دفن ہو گئے — اُس کوچے کی زمین شہیدوں سے بھر گئی
شہروں میں کون روئیگا مجنوں کے حال پہ — آوارہ ہونے کے لیے ناحق خبر گئی
شکوے سے آشنا نہ ہوئی ایک دن زبان — صد آفریں اِسے کہ بڑی بات کر گئی
پھر تیغِ یار چل کے کرے صاف راستہ — ساری زمین زخم کے کوچے کی بھر گئی
ہوتا ہے رنج ذہن کے بھی انتقال سے — آنسو بھر آئے بات جو دل میں گذر گئی
پہنا کے بالیاں اُنھیں اندھیر ہی کیا — مشّاطہ آپ چھپے پردے میں کان اُنکے بھر گئی
ہونٹوں پہ دم رُکا دُرِ دندان کو دیکھکر — آبِ گُہر پہ عُمر کی کشتی ٹھہر گئی
کب تم نے آہ سرد بھری میرے حال پہ — کس دن ہوا یہ تا درِ چاکِ جگر گئی
گوہر کو خاک دامنِ دریا بچا سکا — صورت تمام گردِ یتیمی سے بھر گئی

آہون کے ساتھ دل کے بھی ٹکڑے نکل پڑے　　دامن مین بھر کے پھول نسیمِ سحر گئی

توأمِ حیات و موتِ بشر ہے جہان مین چاہ
قالب مین جانِ زار ادھر آئی ادھر گئی

پونچھے جو تمنے اشک طبیعت ٹھہر گئی　　کیسی چڑھی ہوئی تھی یہ ندی اتر گئی
غنچے ہین منہ پھلائے ہوئے بلبلون سے آج　　کیا جانے کیا نسیمِ سحر کان بھر گئی
بھولا نہ بعدِ مرگ بھی الفت کا ذائقہ　　مرنے پہ بھی نہ لذتِ زخمِ جگر گئی
بحرِ فنا کے پار ہوئے سب لڑا کے آنکھ　　تیغِ نظر کے گھاٹ سے دنیا اتر گئی
پونچھے جو تمنے اشک بر آئی امیدِ چشم　　جھولی صدف کی گوہرِ مقصد سے بھر گئی
جو صاف دل ہین گردِ علائق سے پاک ہین　　کب بہرِ شوب چادرِ آبِ گہر گئی
چوٹی کا ذکر کیا جو پڑا عکسِ موے زلف　　چلائی نازکی کہ خبر لو کمر گئی
بیدار کیا ہوئے کہ ہوئے صیدِ چشمِ خلق　　آنکھین کھلین کہ باز کی ٹوپی اتر گئی

مقتل مین چل کے حسن بڑھا تیغِ یار کا — دریا مین جب لہو کے نہائی نکھر گئی

میخانے ہی مین ہو گی کہین دیکھ ساقیا — توبہ ہماری ٹوٹ کے آخر کدھر گئی

ذکر کرنے آ کے دہن کا دیا ثبوت — اس فیصلے کے بیچ مین پڑنے کمر گئی

آئینہ دیکھکر ہوئی نیچی نگاہِ یار — جب سان پر یہ تیغ چڑھائی اُتر گئی

مجنون کی خاک اُڑانے سے افزون ہوا ملال — صحرا کی گرد سب دلِ لیلے مین بھر گئی

دی ہچکیون نے اُنکو خبر میری موت کی — اس ڈاک پر حضور مین عرضی گذر گئی

شہرہ ہے سادگی کا دعا عاشقون کو دو — صدقے مین اُنکی سوگ کی صورت سنور گئی

کاٹھی مین رکھ لی یار نے تیغِ شررفشان — تارون کی چھانون مین دُلھن اپنے گھر گئی

کیا کم تھی عاشقون کے لیے وہ نگاہِ شوخ
اے جاہ شرم اور چھری تیز کر گئی

بڑھتے ہی وحشت حواسون مین پریشانی ہوئی — میری بربادی سے آبادی کی ویرانی ہوئی

عشقِ رنگِ گندمی مین ہم جو روئے کھا کے زہر | چادرِ آبِ سرشکِ چشم بھی دھانی ہوئی

عاشقون ہی پہ ہے سارا زور تیرا اے جنون | قیس دیوانہ ہوا لیلیٰ نہ دیوانی ہوئی

قبر مین آیا جو اُنکے روے روشن کا خیال | شامِ غربت بھی وطن کی صبحِ نورانی ہوئی

شانہ آئینے سے کہتا ہے کہ مین جھٹکونگا کیا | گیسوے پیچان کی گلیان مین مری چھانی ہوئی

مجھکو دیوانہ سمجھکر دی نہ بوسے کی سزا | پردہ دارِ جرم میری چاک دامانی ہوئی

اور چمکا حسن وحشت کا تباہی سے مری | رنگِ حنائے جنون میری پریشانی ہوئی

مدتون مینے سکھائے اُنکو آئینِ جفا | کِسکو دون الزام خود مجھسے یہ نادانی ہوئی

یاس کیسی چھا گئی اُتری جو اُنکے ہاتھ سے | آرسی کی آنکھ رشکِ چشمِ قربانی ہوئی

شکر ہے منت کشِ سوزن نہ وحشت نے کیا | قابلِ بخیہ نہ میری چاک دامانی ہوئی

سچ تو یہ ہے عمر بھر دل کی لگی بجھتی نہین | سرد کس دن آتشِ لعلِ بدخشانی ہوئی

فصلِ گل مین ناخنِ وحشت جو بڑھے تو کیا بڑھے | لب مرے زخمون کی آنسے چاک دامانی ہوئی

دیر تک دیکھا کیے ہم زیرِ خنجرِ ابروے یار — بیکسی مین دستگیری بھی گران جانی ہوئی

تیرہ بختی سے نہ آئی جبہہ فرسائی بھی کام — داغِ سجدہ سے نہ روشن صبحِ پیشانی ہوئی

نالۂ موزون ہو ہمسرِ قامتِ جانان سے کیا — آہِ قمری کب شبیہِ سروِ بستانی ہوئی

معجزے سے کم نہین اے چارہ ارشادِ امیر
یہ زمین پتھر تھی اُنکے حکم سے پانی ہوئی

چشمِ میگون لال ڈورون سے نرالی ہو گئی — تھی کٹوری پہلے اب پھولون کی ڈالی ہو گئی

معجزہ اُس شوخ کی شیرین مقالی ہو گئی — قند کا ٹکڑا لبون پر آکے گالی ہو گئی

تیز نظرون سے نکالی جھانکنے کی تمنے راہ — لوحِ تربت کی مشبک ہو کے جالی ہو گئی

ہند مین چارون طرف اُنکی پرستش کا ہے شور — آپ کی زلفِ سیہ بھی اب تو کالی ہو گئی

پان کھا کر آپ نے اچھا جمایا رنگِ قتل — تشنۂ خونِ جہان ہونٹھون کی لالی ہو گئی

میکدے مین مست ہو ہو کر پھری جب چشمِ شوق — سبزۂ مینا سے مے کی پائمالی ہو گئی

فیضِ نقشِ پائے رنگیں سے دمِ گلگشتِ یار
نخلِ گُل ہر شاخِ تصویرِ نہالی ہوگئی

آنکھ بھی تر ہوگئی ایسا پسیجا اُنکا دل
آہِ سرد اپنی ہوائے برشکالی ہوگئی

آپ کے جاتے ہی پھر رخصت ہوا صبر و قرار
پھر شکستِ رنگ کی رُخ پر بحالی ہوگئی

دی جو دستِ شوق سے دستک درِ دولت کھُلا
قفلِ جنّت کی کلید آج اپنی تالی ہوگئی

وہ جو مہتابی پہ آئے ہٹ گیا شرما کے چاند
جو جگہ تھی صدر کی گردوں پہ خالی ہوگئی

مٹ گئی پیری میں دل سے سب جوانی کی اُمنگ
صبح کو گُل شمعِ فانوسِ خیالی ہوگئی

جب ہوئے گویا لبِ رنگیں بڑھا حُسنِ کلام
غازۂ روئے سخن ہونٹھوں کی لالی ہوگئی

سامنے اُس روئے روشن کے نہ پایا جب فروغ
ایسی سمٹی چاندنی چاندی کی تھالی ہوگئی

یاد نے اُس مہر وش کی سحر میں کیں گرمیاں
لیلیِ شب دھوپ کھا کر اور کالی ہوگئی

گر گیا ہالہ قمر کا چاہِ چشمِ چرخ سے
زیبِ گوشِ یار جب سونے کی بالی ہوگئی

اُفت کی سیف اُس بُتِ ناآشنا کی ہے
سیدھی سڑک یہ آمدِ پیکِ قضا کی ہے

دُنبالِ چشمِ یار کا ایما ہے سمتِ زلف
پلٹے یہ ایک تیر کے ظلمت بلا کی ہے

صانع کی صنعتوں پہ ہے شاہد ہر ایک شکل
بُت ہیں یہ بتکدے میں کہ قدرت خدا کی ہے

مٹتے ہیں رہروؤں کے قدم کے وہاں نشان
مٹی خراب آج ہر اک نقشِ پا کی ہے

کُھلتا نہیں ہے عقدۂ دل بھی کسی طرح
یہ بھی گرہ حضور کے بندِ قبا کی ہے

پتّا بھی باغ میں نہیں ہلتا بغیر حکم
ہر سو ہوا بندھی ہوئی بادِ صبا کی ہے

مارا ہوا نگاہوں کا بچتا نہیں کبھی
ان ناوکوں میں نوک خدنگِ قضا کی ہے

ہے اُنکے دل میں کشمکشِ آرزوئے ظلم
اب راہ بند آمدِ خوفِ خدا کی ہے

گھٹتے ہیں قدرِ اشک گھٹا نیکے واسطے
رتّی بھر آبرو گہرِ بے بہا کی ہے

جلوہ اُسی کا دل میں اُسی کا ہے آنکھ میں
ہر آئینے میں شکل اُسی خودنما کی ہے

عمرِ ابد جو ملتی ہے پیتے ہی آبِ تیغ
تلوار ہے کہ نہر یہ آبِ بقا کی ہے

جوہر کا جال آپ کی تلوار مین نہین — چوٹی کھلی ہوئی یہ عروسِ قضا کی ہے

انگوٹھین بھی اسکی جھلک کر رہی تھی مست — شوخ ابتدا سے بنتِ عنب انتہا کی ہے

تیجے کے پھول اٹھانے مین شرمائے جاتے ہین — کیونکر کہین کہ بوئے گل داغِ وفا کی ہے

بالِ ہما کو عنبر سیاہ مین دخل کیا — ان گیسوون مین جگہ پیچ پیچِ قضا کی ہے

ہے فکر دردِ دل کی تو کھا تیغِ آبدار — چھالا جو اسمین ہے وہ کٹوری دوا کی ہے

رستہ بتا دے دل کو نکل کر تمہاری مانگ — پیچیدہ راہ کوچۂ زلفِ رسا کی ہے

ڈوبے ہوئے ہین ہم ترے دندان کی چاہ مین — اب دل مین موج آبِ بے بہا کی ہے

دامانِ یار دامنِ بادِ بہار ہے — غنچے سے کم نہین ہے کلی جو قبا کی ہے

عاجز نہ سمجھو چاہ کو زلفون کے وصف مین
کچھ شعر بھی سنے ہین طبیعت بلا کی ہے

روزِ محشر منہ سے کیا ثابت پیشِ داور لیتے — تھے یہ مٹی کے کھلونے خاک پتھر بولتے

ناحق لاکھ وہ قاتل چھپاتا روزِ حشر　　صاف کھل جاتا زبان بن بنکے خنجر بولتے

ادیے قاتل نے میرے زخمِ تن اچھا کیا　　ورنہ منہ پھٹ تھے بہت کچھ روزِ محشر بولتے

رے شعروں میں جو ہوتے نظم مضمونِ دہن　　تنگ آکر صوتِ حرفِ مختصر بولتے

گر عنادل کو نشیمن میں نہ ہوتا خوفِ صید　　باغباں کے ہوش اڑتے اسقدر گر بولتے

یرے روئے صاف کا آئینہ گر ہوتا نصیب　　سبزۂ گلزار کے طوطی مکرر بولتے

شیشے خالی کرکے واعظ ہم پہ کرتے اتہام　　جھوٹ ہی گر بولنا تھا پیٹ بھر کر بولتے

نغمہ سنجی اور بھی ہوتی اسیری کا سبب　　کیا سمجھ کر ہم بھلا صیاد کے گھر بولتے

سنتی سرکارِ جنوں گر میری وحشت کے گواہ　　گونج اٹھتا دشت یہ حق حق کبوتر بولتے

جا پہونچتے گر نجف میں جاہ تو مثلِ اسیر

پاسباں بنکر وہاں ہم حکمِ حیدر بولتے

اس حسن سے کس لطف سے دل لیے سب کے　　کم سن ہو مگر یار ابھی سے ہو غضب کے

ہم اور رقیبوں سے سُنیں طنز کی باتیں — سارے یہ کرشمے ہیں ترے پاسِ ادب کے

رُخساروں پہ اب رہنے لگے یار کے گیسو — لیا شان ہے مالک ہوئے شامی بھی حلب کے

گو وصل کی شب تیری حیا آنکھ دکھائے — جوبن سے ہٹے کیلا نہ رہے گا کبھی دب کے

گر گر کے بجھا دینگے تجھے تا سحر اے شمع — پروانے نہیں ہیں یہ ہیں پروانے طلب کے

یہ بھی وہی کہتے ہیں جو کہتا ہے مغنّی — گھُل مل گئے ہیں ساز تری بزمِ طرب کے

اُبھرے ہوئے جوبن پہ نہ دل لوٹ ہو کیونکر — یہ گیند جوانی نے اُچھالے ہیں غضب کے

کہتے ہیں وہ میرے رُخِ روشن پہ نہیں خال — سمجھو اِنھیں تِل دیدۂ دیدار طلب کے

پیمانے جو میخانے میں خالی نظر آئے — توبہ کی طرح ٹوٹ کے دل رہ گئے سب کے

جوبن پہ دل آکر نہیں ممکن کہ پلٹ جائے — دو پہرے جوانی نے بٹھائے ہیں غضب کے

ساقی ترے میخانے میں اب یہ نہ رہینگے — شیشوں میں نہیں بال یہ سب خط ہیں طلب کے

تصویروں کو ہے آپ ہی نے آنکھ دکھائی — اُترے ہوئے چہرے نظر آتے ہیں جو سب کے

نازک ہو بہت اُسکے لبِ بام نہ بیٹھو گردِ نگہِ شوق مین رہ جاؤ گے دَب کے

مرہم نہ لگائین گے ہرے ہون تو کہین زخم ہم جانے نہ دینگے جو بہار آئیگی اَب کے

کیا خوف دمِ حشر و دمِ نشر ہمین جاہ
عشّاق مین ہم بھی ہین شہنشاہ ترب کے

چشمِ ساغر تر ہوئی کچھ دل پہ ایسی لگ گئی دیکھکر گریان مجھے شیشون کو ہچکی لگ گئی

رفتہ رفتہ ہو گئی اپنی رسائی بام تک سلسلہ آہون نے یہ باندھا کہ سیڑھی لگ گئی

جان لے لی کس ادا سے اِسکو لے تا صبح نہ پوچھ بات کچھ تو ایسی تھی دل کو جو اچھی لگ گئی

جب گرے قدمون پہ اُٹھ اُٹھکر بگولے دشت کے وحشیون کے پاؤن پر صحرا مین مٹی لگ گئی

ایڑیون تک آئی ہے چوٹی لٹک کر یار کی کیون نہ دنیا مین قیامت آئے سیڑھی لگ گئی

رات بھر میخانے مین جادو جگائے جاگ کر صبح کے ہوتے ہی لیکن چشمِ ساقی لگ گئی

کہتے ہین پا سے نظر کو راستہ ملتا نہین میرے کوچے مین الٰہی ٹھیس کیسی لگ گئی

بند ہے میخانہ تو کیا پُر اثر آہیں تو ہوں　　قفل کھل جائیگا جس دن کوئی کنجی لگ گئی

ہمکو بھی یاد آگئے اے جاہ ایامِ فراق
جب سنا بلبل کا نالہ دل پہ برچھی لگ گئی

مضمون سیکھے جو نظم تری آستان سے　　دکھلائے اس زمین نے رنگ آسمان کے

اک روز عشقبازوں مین چل جائیگی چھری　　لائینگے رنگ پان ترے خاصدان کے

فیضِ سرشکِ چشم سے محروم ہی رہے　　تنکے ہرے ہوے نہ مرے آشیان کے

جگنو بھی دودِ آہ سے گھٹ گھٹ کے مر گئے　　گُل کردیے ہوا نے چراغ آشیان کے

آتا ہے تشنہ کامیِ عاشق پہ سب کو رحم　　روتے ہین پھوٹ پھوٹ کے چھالے زبان کے

فصلِ بہار موسمِ سودائے عشق ہے　　اے بیخودی یہی تو ہین دن امتحان کے

کہنے دین تشنہ کامِ محبت کو مدعا　　منہ مین لگائین قفل نہ چھالے زبان کے

فرقت مین آہ و نالے کا شہرہ ہے عرش تک　　جھنڈے گڑے ہوئے ہین ترے ناتوان کے

دل سے نکل کے آہ نے پایا بہت عُروج — ثُریا کیا بلند نام ہوئے اس نشان کے

اعلیٰ جہان میں کرتے ہیں ادنیٰ سے کسبِ فیض — خنجر ہمیشہ رہتے ہیں محتاج سان کے

غیروں سے تم جو ہنستے ہو جلتے ہیں داغ دل — بجلی جلا رہی ہے چراغ اس مکان کے

مقصود کی طلب ہے تو گھر سے قدم نکال — موتی ملیگا خاک زمانے کی چھان کے

لکھے نہ وصف ابروِ جانان کے وقتِ نظم
اے جاہ آج رہ گئے مضمون کمان کے

جان اپنی عشق میں دُرِ دندان کے کھوئی ہے — موتی کی آب نے مری کشتی ڈبوئی ہے

اُس گُل کا باغِ دہر سے یارب ہوا ہے کُوچ — شبنم تمام رات گلستان میں روئی ہے

بن بن کے کام وصل میں بگڑا ہے رات بھر — تا صبح جاگ جاگ کے تقدیر سوئی ہے

فریاد تم اگر نہیں سُنتے نہیں سہی — اتنا مگر سمجھ لو ہمارا بھی کوئی ہے

چمکا ہے نورِ ماہ مرے فیضِ چشم سے — اشکوں نے چاندنی شبِ فرقت کی دھوئی ہے

جاتی ہے جان نزع مین لے کر جو ہچکیان   شاید سمندِ عمر کی یہ تیز پوئی ہے

محرم مین بوٹیان نہین انجم ہین جلوہ گر   کہتے ہین کہکشان جسے کرتی کی توئی ہے

اظہارِ شوق دیدنما سب نہ تھا کلیم   کیا جانتے نہ تھے کہ پسِ پردہ کوئی ہے

تا صبح کروٹ اسنے ہماری طرف نہ لی   تقدیرِ شب پھر ایک ہی پہلو سے سوئی ہے

بعدِ فنا بھی ساتھ دیا بیکسی نے جاہ
شمعِ لحد کے ساتھ مجھے یہ بھی رُوئی ہے

ناصح تو سے کا نہ تو انکی خوشی ہے تو یہ ہے   سب مزے عشق مین ہین بدمزگی ہے تو یہ ہے

سکۂ داغِ جنون دیکھ کے فرماتے ہین   دفترِ عشق مین مُہرِ سندی ہے تو یہ ہے

مانگ کا حسن ذرا دیکھ تو اے گیسوِ یار   تیرے کوچون مین جو سیدھی سی گلی ہے تو یہ ہے

ایک دل ہمکو ملا ہے چمنِ عالم مین   گُل اگر ہے تو یہ ہے اور کلی ہے تو یہ ہے

دیکھے دم وصل کا یہ سب کو جلا لیتے ہین   ان بتون مین جو مسیحا نفسی ہے تو یہ ہے

اک فقط وصل پہ موقوف ہے مرنا جینا — سچ اگر ہے تو یہ ہے اور خوشی ہے تو یہ ہے

سب حسینوں کی ادا تجھ میں ہے برقِ سرِ طور — دیکھ سکتا نہیں کوئی جو کمی ہے تو یہ ہے

روز دو چار کے دل چھین کے تڑپا دینا — دل لگی ہے تو یہ ہے انکی ہنسی ہے تو یہ ہے

خندۂ زخمِ جگر دیکھکے بولا جراح — سارے عالم سے نرالی جو ہنسی ہے تو یہ ہے

آگ الفت کی نہو جان سے کیوں مجھکو عزیز — بیکسی میں بھی مرے دل سے لگی ہے تو یہ ہے

چل سوئے دشت نکل گھر سے بس اب صحرا دیکھ — وحشتِ دل کا تقاضا جو کبھی ہے تو یہ ہے

جز مسی بوسہ لب اور کسے ہے ممکن — اک فقط منہ ترے اے شوخ لگی ہے تو یہ ہے

اپنے سودائیوں سے لیتی ہے بل کی لے جاہ

زلفِ خمدار صنم میں جو کجی ہے تو یہ ہے

گیا کہیں دنیا سے کیا کیا آگے دولت لیگئے — ایک دل پر ہم ہزاروں داغِ حسرت لیگئے

بال و پر کا ذکر کیسا شکر ہے اے ہمصفیر — چھٹ کے ہم کنجِ قفس سے دم سلامت لیگئے

ہوں وہ خوش طالع لڑکپن میں لکھیں جب تختیاں　　حرف حرف اُستاد کو خوش کر کے خلعت لیگئے

داغِ دل کی ہر طرف پھیلی ہوئی ہے روشنی　　قبر میں ہم ساتھ گویا شمعِ تربت لیگئے

ایک کانٹا بھی نہ کھینچا آبلوں سے دشت میں　　نوک کی خاروں کی میرے دستِ وحشت لیگئے

جذبۂ دل نے کوچۂ جاناں میں پہونچا ہی دیا　　زندگی میں بخت میرے مجھکو جنت لیگئے

داغِ الفت کا دیا مٹنے نہ روزِ حشر تک　　سامنے خالق کے ہم تیری امانت لیگئے

تھا جو ڈر کھلنے نہ پائے حال بزمِ غیر میں　　ہم چھپا کر نامہ شکلِ خطِ قسمت لیگئے

حشر میں اشکِ ندامت سے مٹی تردامنی　　خود مرے آنسو بہا کر مجھکو جنت لیگئے

ہم غریبوں کے ستانے سے بھلا کچھ فائدہ　　کوئی پوچھے کیا ملا دل کو جو حضرت لیگئے

راستے میں چلتے چلتے ہائے رک جاتی تھی لاش　　تیرے عاشق کو لحد تک سب بدقت لیگئے

میکدے سے شیخ جی کورے گئے افسوس جاہ

جبہ و دستار و توبہ سب سلامت لیگئے

تیرے آنے کی ہوا گر کبھی پا جاتی ہے — گل و بلبل کو نسیم آ کے سنا جاتی ہے

ناتواں وہ ہوں فغاں لب پہ جو آ جاتی ہے — سو جگہ بیٹھ کے تا عرش صدا جاتی ہے

تیری تلوار کا دنیا میں رہے دم قاتل — ہم غریبوں کو ٹھکانے سے لگا جاتی ہے

پوچھتا ہی نہیں کوئی ترے بیماروں کو — موت بھی آتے ہوئے جان چرا جاتی ہے

کیا بری شے ہے محبت بھی اسے کہئے تو یہ — دل پہ بنتی ہے جدا جان جدا جاتی ہے

قتل کا شوق انہیں ہوتا ہے متعدی دل کر — اور کبھی آگ حنا آ کے لگا جاتی ہے

شمع تربت کو خدا بادِ حوادث سے بچائے — قبر پہ آ کے یہ دو پھول چڑھا جاتی ہے

تیری رفتار سے جی اٹھتے ہیں کشتے تیرے — یہ کبھی سوتے ہوئے فتنوں کو جگا جاتی ہے

قتلِ عاشق کی عجب حسن سے ملتی ہے سزا — باندھنے کے لیے ہاتھوں کو حنا جاتی ہے

جان دیدیتے ہیں دم عشق کا بھرنے والے — نہیں معلوم یہ کیا دل میں سما جاتی ہے

روکیے عہدِ جوانی نہ گذرنے پائے — دل کے لینے کبھی ساتھ اسکی ادا جاتی ہے

سونپے آئینہ جو اُٹھی وہ نگہ بولی ادا ‏ سان پہ چڑھنے کو شمشیرِ قضا جاتی ہے

یار کے ظلم کی آئے نہ شکایت لب پہ

چاہ دیکھو روشِ صبر و رضا جاتی ہے

دل جرمِ محبت سے مُکرتا ہی نہیں ہے ‏ کمبخت کسی بات سے ڈرتا ہی نہیں ہے

ہو لاکھ جفا ترک وفا ہو نہیں سکتی ‏ دل درد کی لذت سے تو بھرتا ہی نہیں ہے

جوبن کی جوانی نے ہے کچھ کہکے ابھارا ‏ بے اسکے ابھارے تو اُبھرتا ہی نہیں ہے

کیا جلد گذرتی ہیں شبِ وصل کی گھڑیاں ‏ اک ہجر کا دن ہے کہ گذرتا ہی نہیں ہے

غیروں ہی کا دم تجھپہ نکلتا ہے مری جان ‏ ہاں سچ ہے کوئی اور تو مرتا ہی نہیں ہے

کیوں ہاتھ تھمے تیغ رُکے عام ہو قتل ‏ دل تو مرے سفاک کا بھرتا ہی نہیں ہے

جب سے انھیں عشاق نے دل گوندھ دیے چاہ

گہنا کبھی پھولوں کا اُترتا ہی نہیں ہے

کیا پڑی ہے کوئی واعظ سے جو ہر بار اُلجھے — کسکو سودا ہے کہ دیوانے سے بیکار اُلجھے

رات بھر شانہ و گیسو ہی کا جھگڑا نہ گیا — سلجھے دو چار اگر بال تو دو چار اُلجھے

لاغری سے صفتِ سایہ ہون اُٹھنے کا نہین — دل مین کچھ سوچ کے دربانِ دربار اُلجھے

آئین زلفون کے جو مضمون تو سلجھا کر آئین — دم اُلجھتا ہے اگر ہوتے ہین اشعار اُلجھے

ہون وہ لاغر کبھی آنکھون پہ جو رکھا دامن — میرے ہاتھون سے مرے آنسوؤن کے تار اُلجھے

مینے جانا کہ یہ ہے الفتِ مژگان کی کشش — دشت گردی مین جو دامن سے مرے خار اُلجھے

سخت جان ہون مدد لے شوقِ شہادت تہِ قتل — کہین اس رشتے سے قاتل کی نہ تلوار اُلجھے

قصۂ زلفِ پریشان جو مین کہنے بیٹھون — کیا عجب ہے کہ زبان بھی دمِ گفتار اُلجھے

کھول دون قبضے سے رومال کو دم لے سفاک — تا دمِ قتل ترا ہاتھ نہ تلوار اُلجھے

یون بہکتی ہوئی گرتی ہوئی چلتی ہے نسیم — جس طرح کوئی شرابی دمِ رفتار اُلجھے

پھر گیا سر نہ سنی ایک بھی دربان نے چاؤ

کوئی کمبخت سے کب تک پسِ دیوار اُٹھے

قربان سوزنِ مژۂ چشمِ یار کے — کانٹے نکالتی ہے دلِ بیقرار کے

شہرے بہت ہین خنجرِ قاتل کی دھار کے — جب جانین ہم کہ کاٹے دن ہجرِ یار کے

بعدِ فنا جہان کا نظر آئے حال کیا — پردے پڑے ہین ظلمتِ کُنجِ مزار کے

آنسو نکلنے پائین نہ قاتل کے سامنے — پانی چُرا لین چشمِ دلِ داغدار کے

دانتون کو تیرے دیکھکے اللہ رے سوزِ رشک — بھڑکی ہوئی ہے آگ جگر مین انار کے

دکھلاؤ آسمان کو بھی اپنا جلال و قہر — پھینکو فلک پہ کان سے بجلی اُتار کے

پہنو حنا لگا کے علی جبہ ہاتھ مین — پر باندھو آج طائرِ رنگِ بہار کے

ہنگامِ ذبحِ بسمل جو تیور پہ آگیا — لوٹے پڑینگے خونِ رگِ جان کی دھار کے

پیری مین گلگونِ خون سے رہین گرم صحبتین — ہمنے خزان مین لطف اُٹھائے بہار کے

گوہر سے کم نہین مرے مضمونِ آبدار — برسون پڑے رہینگے یہ کانون مین یار کے

بعدِ فنا لحد میں جو ملتا نہیں ہے چین — شاید ہے آسمان کوئی نیچے مزار کے

تصویر کی نہ آنکھوں سے آنکھیں لڑائیے — آہو یہ وہ نہیں جو ہوں قابل شکار کے

اے آسمان گذر گئی کیا جلد فصلِ گل — آنسو بھی چھپنے پائے نہ ابرِ بہار کے

دل صاف ہو تو آئے نظر صورتِ وصال — پہلے اٹھیں تو بیچ سے پردے غبار کے

بعدِ فنا بھی شانِ تعلّی وہی رہی — انجم بنے شرر مرے سنگِ مزار کے

شوخی تو دیکھو بولے وہ رویا جو اشکِ خون — دو دم کسی مریض کو دانے انار کے

بالوں میں پھنس کے بجھ گئے ہیں عاشقوں کے دل — گل ہیں چراغ کوچۂ گیسوئے یار کے

اے جاہ گل کھلائیے کیا وقتِ فکرِ نظم
قابل زمین ہے یہ نہیں لالہ زار کے

صورتِ برق مری جان ہے گریزپائی — چاہیے جائیے گھر لاکھ ہو کیچڑ پانی

گریۂ وآہ یہ کہتے ہیں کہ کوئی کیا آئے — کہیں موقوف بھی ہوتا ہے یہ جھکڑ پانی

وصل کی رات بھی رونے ہی مین کٹ جاتی ہے — اَب تو بے فصل برستا ہے وہ ڈھر ادھر پانی

غیظ کے جوش مین برسے ہین وہ کیا کیا چھپر — آج گرا کے پڑا خوب جھجڑا جھڑ پانی

ڈر ہے آہون سے کہ موقوف نہ آنسو ہو جائین — ٹھین لیجائے اُڑا کر نہ یہ جھکڑ پانی

چیختے ہین مرے رونے پہ تمھارے دربان — خوب چلاتے ہین کہاتے ہین جو گیدڑ پانی

تیری رحمت ہو جو اے ابرِ کرم گھر وہ بجائین — ٹوٹ کر خوب پڑے آج دھڑا دھڑ پانی

ابتدا ہی سے محبت مین ہے رونا بہتر — نخل رہتا ہے ہرا پائے اگر جڑ پانی

رحم کہاتے نہین تکلیف پہ بھی سخت مزاج — رہرون کو نہین دیتا کبھی بھڑ پانی

گریۂ قیس سے آیا ہے غضب کا سیلاب — جس طرف دیکھیے صحرا مین ہے کیچڑ پانی

چاہ سلکِ دُرِ دندان کی ثنا لکھی ہے

اِس غزل پر ہے ہمین موتیون کی لڑ پانی

وہی اپنی دل افگاری جو پہلے تھی سو اب بھی ہے — وہی الفت کی بیماری جو پہلے تھی سو اب بھی ہے

جو طفلی میں عناصر تھے وہی پیری میں باقی ہیں — وہی تو چار دیواری جو پہلے تھی سو اب بھی ہے

عدم میں حسن کا شہرہ یہاں بھی حسن کی شہرت — تمہاری گرم بازاری جو پہلے تھی سو اب بھی ہے

بس مُردوں کو بھی زلفوں کا تصوّر مجھکو رہتا ہے — مری آنکھوں میں اندھیاری جو پہلے تھی سو اب بھی ہے

ہی قسمت کا رونا ہے وہی جان اپنی کھونا ہے — وہی درد و بہر زاری جو پہلے تھی سو اب بھی ہے

رہے گریاں محبت میں ہمیشہ سبزہ رنگوں کے — جفائے چرخِ زنگاری جو پہلے تھی سو اب بھی ہے

اُدھر نفرت ہے بیزاری ہے رنجش ہے تکدّر ہے — مگر یاں ناز برداری جو پہلے تھی سو اب بھی ہے

انھیں کا جلوہ آنکھوں میں انھیں کا جلوہ ہے دل میں — نمایاں قدرتِ باری جو پہلے تھی سو اب بھی ہے

در و دیوارِ گلشن پر ہیں چھاپے خونِ بلبل کے — وہی ہر سمت گلکاری جو پہلے تھی سو اب بھی ہے

نہ بدلا رنگِ حسن و عشق عالم کے بدلنے سے — جفا کاری وفاداری جو پہلے تھی سو اب بھی ہے

زرِ داغِ محبت اہلِ دنیا کو کہاں ممکن — یہ زرداروں میں ناداری جو پہلے تھی سو اب بھی ہے

وصالِ دوست ہر دم چاہ دے کر جان ممکن ہے

ہین آسان یہ دشواری جو پہلے تھی سو اب بھی ہے

لینے کو جانِ زار قضا مجھ پہ شیر ہے
بس ہے اگر تو آپ کے کہنے کی دیر ہے

نکلیگا حشر تک بھی نہ خمِ زلفِ یار سے
جو پیچ ہے وہ میرے مقدر کا پھیر ہے

بیٹھا ہے دفن کرکے خزانے کو خود فقیر
حیلہ ہر اک سے ہے کہ یہ مرشد کا ڈھیر ہے

دامن تک آستین سے نہ آنا شبِ فراق
اے اشک ایک کوس کا رستے مین پھیر ہے

کوچے مین تیرے بیٹھکے دربان ہیچ ہے
اپنی گلی مین کہنے کو کتا بھی شیر ہے

ہنگامِ رقص آپکا ٹکتا نہین قدم
چکر بھی پیشواز کی قسمت کا پھیر ہے

مشاطہ گوندھتی ہے جسے کہکے مینڈھیان
ہم جانتے ہین بامِ فلک کی منڈیر ہے

حورون کے دیکھنے کی تمنا نہین مجھے
دل بھی نگہ بھی آنکھ بھی نیت بھی سیر ہے

اشکون کے پھول آہین بھرے ہین سفید و سرخ
عاشق کی آنکھ کیا ہے گلون کی چنگیر ہے

ہر اک ادا پہ کرتے ہین سب نقدِ دل نثار
آج اس پری کے رقص مین توڑون کا ڈھیر ہے

بنے ہین سرکشانِ جہان ہجر ہے وہ شئے — دیکھو زمین سے چرخِ ستمگار زیر ہے

لکھی غزل تو چھا گئی ہیبت ہر ایک پر — جو شعر ہے وہ کلک کے جنگل مین شیر ہے

مژگان کی چھیڑ کاوشِ غمِ ہجر کی خلش

اے چاہ باغِ عشق مین کانٹون کا ڈھیر ہے

شبِ وصل کب اُن سے خلوت رہی — گئی شرم بھی تو نزاکت رہی

تری چال کی ایسی شہرت رہی — چھپائے ہوئے منہ قیامت رہی

زمانے کا نقشہ رہا دل پہ نقش — ہر آئینے مین سب کی صورت رہی

ہوئے ناتوان ایسے بیمارِ ہجر — نہ دم توڑنے کی بھی طاقت رہی

اُٹھا لینگے ہم تیری الفت سے ہاتھ — جو غیرون سے صاحب سلامت رہی

بندھین ہچکیان جب وہ جانے لگے — نہ قابو مین اختر طبیعت رہی

حسینون کا آئینہ تھا دل مرا — اسی سے نہ ان مین کدورت رہی

بسی آکے زلفون مین اُس شوخ کی — اِنھین کوچون مین شامِ غربت رہی

اسیری ہے دو دن وہی پھر چمن — اگر جانِ بلبل سلامت رہی

پہونچ جائینگے کعبے سے دَیر مین — خدا کی جو ہمپر عنایت رہی

حسینون سے نبھتی نہین رسمِ عشق — بہت ہے جو دو دن محبت رہی

ہوئی قید بلبل گئی فصلِ گل — گلستان کی باقی حکایت رہی

نہ یان آسکے جوشِ باران سے وہ — ہمین عینِ رحمت مین زحمت رہی

برائی بھی کی تو بھلائی کے ساتھ — شکایت کے پردے مین الفت رہی

بتون کو دیا پھیر کر پھر نہ دل — جوانی کی توبہ سلامت رہی

مٹا رفتہ رفتہ گلِ داغِ دل — نہ خوشبو رہی وہ نہ رنگت رہی

ترے رُخ سے مانوس آئینہ تھا — اسی وجہ سے اِسکی شہرت رہی

رہی سینہ کوبی کی فرقت مین مشق — درِ دل پہ دن رات نوبت رہی

مجاورِ کسان بیکسون کا کوئی   مزارِ غمزدگان پہ حسرت رہی

کھلا عشق کا حال تصویر سے   اُتری ہوئی میری صورت رہی

ہوا تو جو اسے شوخ گرم خرام   دبے پاؤن پیچھے قیامت رہی

مزے کا جو دردِ الفت تھا آہ

پسِ مرگ بھی جسکی لذت رہی

وحشت میں دل کا حال پریشان بغل میں ہے   یہ بھی جنون سے دست و گریبان بغل میں ہے

فرقت کی شب جو یہ دلِ ناداں بغل میں ہے   ہم جانتے ہیں جان کا خواہان بغل میں ہے

حد سے زیادہ بڑھ نہ چل اسے خطِ روئے یار   کافر جگہ ادب کی ہے قرآن بغل میں ہے

سوزِ غمِ فراق کی اللہ ری گرمیان   طبقہ جحیم کا دلِ سوزان بغل میں ہے

نالے بھرے ہوئے ہیں دلِ بیقرار میں   ہنگامہ حشر کا شبِ ہجران بغل میں ہے

الفت میں ان بتون کی خدا کا بھی ڈر نہیں   ہر وقت عاشقون کا تو ایمان بغل میں ہے

دل کو بٹھائے دیتا ہے اٹھ اٹھ کے درد دل　　بیٹھا ہوا جو یار کا پیکان بغل مین ہے

دل مین غم فراق تو مدت سے تھا مکین　　اب کچھ دنون سے درد بھی مہمان بغل مین ہے

دل کو مین کیا کہون کہ ہے محو جمال رخ　　ایمان کی تو یہ ہے کہ قرآن بغل مین ہے

سیر چمن نہ کیجیے دل دیکھیے مرا　　داغون کے پھول ہین کہ گلستان بغل مین ہے

تصویر یار سینے سے لپٹا کے سو رہے　　تسکین ہوئی کہ وہ مہ تابان بغل مین ہے

ظاہر مرے لباس ہی سے ہے جنون مرا　　دامن گلے مین ہے تو گریبان بغل مین ہے

لاکھون شکایتین ہین ہزارون حکایتین　　دل کیا ہے دفتر ایک پریشان بغل مین ہے

کہتے ہین جسکو دل کا سویدا جہان مین لوگ　　اک نقطۂ صحیفۂ امکان بغل مین ہے

روتے ہین دل کے آبلے تپ تپ کے پھوٹ کے　　اے چشم دیکھ نوح کا طوفان بغل مین ہے

جاتے ہو کیا مشاعرے مین کچھ کہو تو جاہ
جن جن کے گھر سے نکلے ہو دیوان بغل مین ہے

چاہ ننھو یار تو یہ ٹوٹی ہے — مے نہ چھوٹے گی اور نہ چھوٹی ہے

تھیں منہ لگ کے مے بھی چھوٹی ہے — کہتے دو دخترِ رز کو جھوٹی ہے

دید کی دوستانہ عاشق کو — یہ تو لذت نگہ نے لوٹی ہے

قیس کو آدمی نہ دشت میں جان — یہ بھی جنگل کی کوئی بوٹی ہے

عشقِ صادق دلِ عدو میں نہیں — اس نگینے کی ڈانک جھوٹی ہے

دشمنِ جان ہے رشتہ داری بھی — چشمِ سوزن اسی سے پھوٹی ہے

دلِ بلبل بھی ساتھ ہی ٹوٹا — جب کبھی گل کی شاخ ٹوٹی ہے

پان اس شوخ نے جو کھایا ہے
چاہ سرخی گلے سے پھوٹی ہے

کھینچنے دے صورت نہ حیرانی مری — شکل ہی تکتا رہے مانی مری

ہے لہو جاری جبین کے زخم سے — روتی ہے قسمت کو پیشانی مری

غیر کے دل میں نہ گھر کر کے رہو — ہے یہ جمعیت پریشانی مری

اپنے بچپن کے بھی صدقے جائیے — عین دانائی تھی نادانی مری

چاہیے اے چشم ضبط سیل اشک — آبرو کھوتا ہے یہ پانی مری

پردہ دار خلق ہوں مانند دشت — سب کی ہے پوشاک عریانی مری

عشق میں قسمت کا لکھا ہے عیاں — آشنا ہے لوح پیشانی مری

دشت پر اپنا ہے قبضہ اے جنون — آب تو ہے جاگیر ویرانی مری

انکی چوکھٹ کو یہ مجھ سے انس ہے — چومتی ہے دوڑ پیشانی مری

ذبح کیونکر ہوں کہ نازک ہیں وہ ہاتھ — اور پھر اس سے گران جانی مری

دیکھکر مجنوں کی وحشت دشت میں — ہنس رہی ہے چاک دامانی مری

مٹ نہ جائے داغ سجدہ حشر میں — ہو نہ کاذب صبح پیشانی مری

چاہ شرمندہ کریگی خلق میں

ناز کی اُٹھی گران جانی مری

جان لیکر تیز تقریر آپ تمھاری ہوگئی
اور یہ تلوار کچھ مُنھ کی کراری ہوگئی

جس قدر قوت گھٹی بڑھتا گیا وحشت کا زور
جس قدر لاغر ہوا زنجیر بھاری ہوگئی

گرد آئینے کے گویا جو کھنچا سبزے کا ہے
سبزہ کیا نکلا کہ صورت اور پیاری ہوگئی

باغ مین جب پھول توڑے منھ پہ شبنم نے رات کو
چاندنی کا کھیت ہر پھولون کی کیاری ہوگئی

آئنہ دیکھو ذرا گو ہے ابھی آغازِ عشق
چار دن مین کیا سے کیا صورت تمھاری ہوگئی

اُنکو ہے اب سادگی سے شوقِ زیور بڑھ گیا
آرسی کی چار دن آئینہ داری ہوگئی

اور چمکا حُسن جب آنکھون مین اُسنے گھر کیا
چوکھٹے مین لگ کے تصویر اور پیاری ہوگئی

دل کو تسکین ہوگئی جاتا رہا سب اضطراب
آپکے آتے ہی رخصت بیقراری ہوگئی

مُنھ جو پھولون نے لگایا ہے ہوا پر ہے دماغ
نکہتِ گُل باغ مین بادِ بہاری ہوگئی

داغہاے دل نے لاکر رنگ دکھلائی بہار
غیرتِ گلزارِ جنت اب یہ کیاری ہوگئی

جب طلائی رنگ کا اُترا کبھی اے مہرِ عکس   سونے کی مورت تری تصویر ساری ہوگئی

وصل کی شب آتے ہی دفتر کے دفتر کھل گئے   اُنسے شکوون مین بسر وہ رات ساری ہوگئی

صورتِ عُشاق معشوقون پہ تم مرتے نہین

اِس قدر اے جاہ تم کو جان پیاری ہوگئی

کہتے ہین دیکھکے اُتری ہوئی صورت میری   اِسی صورت پہ چھپاؤ گے محبت میری

وصل کی رات نکل جائیگی حسرت میری   پاکے غافل اُنھین جاگ اُٹھیگی قسمت میری

قید رکھے نہ مجھے رنج مین قسمت میری   ۱۳ مشکین باندھے نہ رگِ خامۂ قدرت میری

پھیر دو حلق پہ شمشیر کہ حاصل ہو وصال   اِسی آئینے سے نکلے کوئی صورت میری

کہتے ہین دل مین ترے کشمکشِ ارمان ہے   اُنھین تکلیف مین رہتی نہ ہو الفت میری

جب سنکتی ہے ہوا دشت مین آتا ہے خیال   کہ اُڑا لیگئی تھوڑی سی یہ وحشت میری

دَیر سے اُنس ہے تو کعبے سے مطلب کیا ہے   دو گھرون کی نہ رہے ہو کے طبیعت میری

مجھکو محرومیِ قسمت کا گلہ اب نہ رہا — لُٹ گیا ہون مین رہی یار کی حسرت میری

پھوڑتے ہین مری آنکھین یہ وہ دیکر الزام — کہ بُری نظرون سے تکتے ہین یہ صورت میری

قتلِ عُشّاق کو فرماکے وہ فرماتے ہین — رنگ لائی ہے شہیدون مین محبت میری

تیرے کوچے مین اُٹھانے سے بھی اُٹھنے کی نہین — پانون پھیلائے ہوئے بیٹھی ہے تربت میری

باوفا ہون کہ نہین آپ ہی انصاف کرین — اپنے ہی دل سے ذرا پوچھیے الفت میری

منّتین کرکے دمِ حشر وہ فرماتے ہین — دیکھ اللہ سے کرنا نہ شکایت میری

کس قیامت کی سحر ہوتی ہے صبحِ شبِ وصل — بجھ گئی شمع کے اُٹھتے ہی طبیعت میری

غیر کے ہنسنے کی آتی ہے برابر آواز — سُرمہ تھوڑا سا کھلا دے شبِ فرقت میری

اُنسے مرکر کے جو شکوے کیے مَینے تو کہا — لب پہ کس ناز سے آئی ہے شکایت میری

کہتے ہین کھلیے چہرے سے اُلٹ دون مین نقاب — کوئی کعبے کی زیارت ہے زیارت میری

یادِ گیسو نہ گئی بعدِ فنا سب چھوٹے — اک مرے ساتھ رہی شامِ مصیبت میری

کہتے ہیں شعر جو کہنے کا تجھے شوق ہے چاہ

چاہیے حسنِ مضامین میں نزاکت میری

اگر فصلِ بہاری بھی جبا دُن پر کمر باندھے　　پر بلبل چمن میں ہر رگِ گلہا سے تر باندھے

سمجھکر ناز فرمائیے ذرا گریہ غریبان پہ　　رہے وہ شہسوارِ حسن اس توسن کا سر باندھے

نگہ تیری جو اُٹھنے دے کسیکی آنکھ محفل میں　　یہ تلوار اپنے ڈورے سے پرِ مرغِ نظر باندھے

مقابل اُس دُرِ دندان سے ہو کر ہو نہ بے قیمت　　ہے اپنی گرہ میں آبرو سلکِ گہر باندھے

ہمارا نام گرستن لیں ابھی تو ریدلیجائیں　　جو ابرو دیکھے باندھیں چھری اُنکی نظر باندھے

سدا ہمکو امید و یاس میں صیّاد نے رکھا　　کبھی دو چار پر کھولے کبھی دو چار پر باندھے

ہوائے شوق کو بھی راہ دشواری سے ملتی ہے　　گر اُس کوچے میں جانے پہ کیا پیکِ نظر باندھے

تجھے صیّاد رحم آیا اسیروں پر تو کیا آیا　　جو پر کھولے تو کیا کھولے اِدھر کھولے اُدھر باندھے

تپیدہ ستوں سے کوئی فیض پائے ہو نہیں سکتا　　جھڑی برسات کی ممکن نہیں ابرِ بہیر باندھے

گلا کٹنا کوئی مشکل نہین ہم سخت جانون کا — ارادہ اپنے دل مین گرہ مانندِ کمر باندھے

نگاہِ یاس بھی ہوتی ہے قابل دیکھ لینے کے — نہ پٹی میری آنکھون پر کبھو وہ بیخبر باندھے

اسی نے دل چُرایا ہے نہ مانونگا نہ مانونگا — ترا جوڑا ہے مُٹھی کیون لیے بیدادگر باندھے

بھلاوے گرمیِ خورشیدِ محشر اہلِ محشر کو — یہان بھی رنگ اپنا آتشِ داغِ جگر باندھے

یہ ہے شوقِ شہادت قتل فرمائین جو وہ ہمکو — ہماری عمرِ رفتہ پھر پلٹنے پر کمر باندھے

اگر چلتا ہوا جادو ہے چشمِ سامری فن کا — زبان دربان کی باندھے قیدیونکی نظر باندھے

گلستانِ جہان کی بے ثباتی جاہ ظاہر ہے

کوئی شیرازۂ اوراقِ گل کیا سوچ کر باندھے

کانون پہ ہاتھ رکھتے ہین فریاد و آہ سے — دیکھے یہ شوخیان کوئی میری نگاہ سے

سہمی لڑا کے آنکھ یہ اُس خوش نگاہ سے — نرگس کا دم نکل گیا آنکھون کی راہ سے

آئی ہنسی اُنھین مری فریاد و آہ سے — بجلی گلے ملی مرے بختِ سیاہ سے

طے ہو سکے نہ وادیِ وحشت کے دو قدم
چھوڑا ہمارا ساتھ بگولوں نے راہ سے

ڈوبی نہیں ہے خون میں وہ تیغِ آبدار
نکلی ہے بن سنور کے پری قتل گاہ سے

تجھ پر ہزار دل سے نثار اے شبِ فراق
کچھ تیری شکل ملتی ہے زلفِ سیاہ سے

ظاہر ہوئیں کدورتِ دل سے شکایتیں
پایا ہے کاروان کا نشان گردِ راہ سے

اغیار کی طرف سے نظر کھینچ لیجیے
کانٹے نکال ڈالیے پائے نگاہ سے

فرقت میں چاندنی سے اٹھی زخمِ دل میں ٹیس
سوزش بڑھی ہے مرہمِ کافورِ ماہ سے

صد شکر دیدِ زلف کا لپکا نہیں رہا
زنجیر اتر گئی مرے پائے نگاہ سے

بڑھ جائے کچھ بھی اور جو اہلِ ہوس کی حرص
پانی بھرائیں چشمۂ خورشید و ماہ سے

تر ہو سکا نہ تشنۂ دیدار کا گلا
پانی ملا نہ آپ کی تیغِ نگاہ سے

زیور کا حسن دیکھتے ہیں آئینے میں وہ
لڑتی ہے اب تو کان کی بجلی نگاہ سے

وحشت میں خار چھیڑتے ہیں تیرے زار کو
پیتے ہیں خون لیکے رگِ برگِ کاہ سے

آئے جو دل کسی پہ تو فوراً ہی پھر بھی جائے
سیکھے یہ چال آپ کے پیکِ نگاہ سے

دنیا میں اِن بتوں سے عبث دل لگا لیا
غربت میں سر نہ پھوڑنا تھا سنگِ راہ سے

دل عاشقوں کے کھینچ بھی تو تم لڑا کے آنکھ
باندھو گلا ہر ایک کا تارِ نگاہ سے

آنکھیں لڑا کے اور بھی کرتے ہیں دل دونیم
شیشہ تراشتے ہیں وہ تارِ نگاہ سے

بیخوف راہِ عشق میں ہیں کھا کے دل پہ داغ
پروانہ مل گیا ہے ہمیں بادشاہ سے

مُنھ پھیر لیے نہ دیکھیے داغوں کی میرے سیر
چھلّے اُتار ڈالیے پاے نگاہ سے

لے جاہ رسمِ عشق سے ہم بھی تھے بے نیاز
برسوں چلے ہیں بچکے محبت کی راہ سے

وصل کی شب واہ کیسا نور پیراہن میں ہے
قدِ جاناں ہے کہ شمعِ طور پیراہن میں ہے

نیش زن ہر وقت ہے چاکِ گریباں کا رفو
تارِ بخیہ صورتِ زنبور پیراہن میں ہے

اُسکا دل باندھینگے وہ یا رب یہ کچھ کھلتا نہیں
ایک انڈ بند بے دستور پیراہن میں ہے

جامۂ ہستی ہو دامنگیر کیونکر روح کا — باغ مین کب بوے گل مجبور پیراہن مین ہے

دستِ وحشت سے ترے دیوانے کے ٹکڑے نہو — اے پری یہ بھی بھلا مقدور پیراہن مین ہے

بود و نا بودِ بشر یکسان ہے باغِ دہر مین — عطرِ گُل ہے آج کل کافور پیراہن مین ہے

اُنکے آتے ہی چمن مین کھل گئے غنچون کے دل — دیکھیے جس پھول کو مسرور پیراہن مین ہے

دامنِ تر سے ٹپکتی ہین جو بوندین خون کی — صورتِ دل کیا کوئی ناسور پیراہن مین ہے

اُٹھ کے جا محرم تک اے دستِ ہوس دامن کو چھوڑ — منزلِ مقصد نہایت دُور پیراہن مین ہے

چھاپتے ہین اب جو وہ خونِ شہیدان سے لباس — سیرِ گلشن کی اُنھین منظور پیراہن مین ہے

کہتے ہین وہ دیکھکر چاکِ گریبان کا رفو — خوشنما کیا زخم کا انگور پیراہن مین ہے

ساقیا تُو دل تصدّق لاکھ جانین ہون نثار — شیشے مین تیرے نہین اک حُور پیراہن مین ہے

دل کو دیکھون جیب مین یا آستینِ یار مین — ہو کہین یہ گم شدہ مشہور پیراہن مین ہے

مصرعِ رقّت کو پڑھیے جاہِ آتش کی طرح

ہے قبا مین عقرب اور زنبور پیراہن مین ہے

زلفِ پُرپیچ پریشان نہ ماتم مین رہے — مرنیوالے ترے مرکر بھی اسی غم مین رہے

کیا کہین ہجر مین ہم کون سے عالم مین رہے — آپ کی جان سے دُور آپ ہی کے غم مین رہے

میرے ناموں کا وہان جاکے مقدر چمکا — کبھی تکیے مین رہے اور کبھی مُحرّم مین رہے

مجمعِ حشر مین ہر اِک کو پڑی تھی اپنی — تیرے دیوانے مگر اور ہی عالم مین رہے

اِسطرف سینۂ سوزان مین پڑے سیکڑون داغ — اُسطرف رات کو جگنو تری مُحرم مین رہے

بیخودی منزلِ مقصود دکھا دیتی ہے — پھر کہین کے نہ رہین ہم جو خودی ہم مین رہے

بال کنگھی سے جو مشاطہ نے سُلجھائے تو کیا — دل تو اُلجھے ہی ہوئے گیسوئے پُرخم مین رہے

چارہ گر سینے کے چھلّون سے یہ گُل کھائے ہین — ہے مناسب پرِ طاؤس بھی مرہم مین رہے

بارِ خاطر نہ کسی پر ہوئے اِس دہر مین ہم — نکہتِ گُل کی طرح گلشنِ عالم مین رہے

اُسکو ہنسنے کی شکایت تو اِسے رونے کی — یہی قصے یہی جھگڑے گل و شبنم مین رہے

مجھکو یہ غم کہ نہ اک روز ہوا وصل نصیب　　اور انکو یہ خوشی ہے کہ اسی غم مین رہے

نام الفت کا ڈبونے کے لیے کافی ہے　　ایک آنسو بھی اگر دیدۂ پرنم مین رہے

اُس زنخدان کے پسینے کو بھی یہ دعویٰ ہے　　آبرو بنکے سدا ہم چہِ زمزم مین رہے

نہین معلوم کہ کس بات پہ بگڑے یارب　　رات بھر پھولون کے دامن کفِ شبنم مین رہے

صدقے اس بیخودیِ وصل کے اے شوقِ وصال　　یہ بھی معلوم نہین کون سے عالم مین رہے

تھے وہ جوہر نہ ملی دیدۂ بدبین سے نجات　　قید ہم مثلِ نگین حلقۂ خاتم مین رہے

بھیگے بالون کا تصوّر تھا کبھی چہرے کی یاد　　دھوپ مین دن کو رہے رات کو شبنم مین رہے

ہمسے وہ سیدھی طرح کرتے ہین باتین اے چاہ
پیچ تقدیر کا اب گیسوئے پرخم مین رہے

گل سے کیا نسبت تجھے گل اور ہے تو اور ہے　　رنگ و بو یہ اور ہے وہ رنگ و بو اور ہے

آسمان کے بھی بہت دیکھے ہین اندازِ ستم　　تجھ مین لیکن بات اے ترکِ جفا جو اور ہے

ہون مَین دیوانہ ترا روزِ ازل سے اے صنم　　شرم ہے بیکار اب مَین اور یا تو اور ہے

وصل مین تڑپا رہا ہے غیر سے ملنے کا رشک　　تیر یہ اک میرے سینے مین ترازو اور ہے

باغ مین سنبل کو پیچا ہے خمِ کاکل پہ ناز　　پیچ سے جسکے نہ نکلے دل وہ گیسو اور ہے

رنگ جو اپنا جمائے گر کے شکلِ اشک زخم　　خونِ دل کی جسمین شرکت ہو وہ آنسو اور ہے

عشق مین گر ایک ہوتے روح و قالب لطف تھا　　رشک اِسکا ہے مجھے مَین اور رہون تو اور ہے

تیری خوشبو لائی ہے جس دن سے گلشن مین نسیم　　کچھ اُسی دن سے دماغِ گل مین بھی بو اور ہے

بیٹھکر پہلو مین چھیڑے ہین آپ ذکرِ وصلِ غیر　　دل پہ چھُریون کے لگانے کا یہ پہلو اور ہے

چھیڑ کی باتون سے دل ایجان ملنے کا نہین　　یاد رکھو تم کہ دل لینے کا پہلو اور ہے

سُن لے گر تیرے لبِ معجز نما سے کوئی بات　　سامری بھی بول اُٹھے الحق یہ جادو اور ہے

ہنس رہا ہے غیر کے پہلو مین کیا وہ برق وش　　آج کچھ تجھ مین چمک اے دردِ پہلو اور ہے

دیکھکر سکتہ عبث بالین پہ آئے ہین مسیح　　آئنہ دکھلائے جو مجھکو وہ زانو اور ہے

کس سے پوچھون چاہ سینے مین چھپانیکے سوا

دل بچانے کا نگہ سے کوئی پہلو اور ہے

مخمس بر غزل نعتیہ علامی فہامی حضرت استادی منشی مفتی امیر احمد صاحب امیر مینائی انجہانی

مالکِ عرش و سموات و زمین پیدا ہوا　　تاجدارِ آیتِ فتحِ مبین پیدا ہوا

نورِ حق استادِ جبریلِ امین پیدا ہوا　　مژدہ اے امت کہ فخر المرسلین پیدا ہوا

انتخابِ صنعِ عالم آفرین پیدا ہوا

آپ ہی ہین مقصدِ توریت و انجیل و زبور　　قامعِ کفر و ضلال و قاطعِ فسق و فجور

عرش سے تا فرش ہو کیونکر نہ ہر اک کو سرور　　نور جسکا قبلِ خلقت تھا ہوا اُسکا ظہور

رحمت آئی رحمۃ للعالمین پیدا ہوا

تو مبارک جلوہ افگن ہے جہان مین حق کا نور　　عرش سے تا فرش ہے جوشِ طرب جوشِ سرور

جاگ اُٹھی تقدیرِ عالم کی ہوئے پیدا حضور
کانِ رحمت سے ہوا یا قوتِ ربّانی کا ظہور

قلزمِ توحید سے دُرِّ ثمین پیدا ہوا

کوئی واقف ہی نہ تھا کیا چیز ہے شرعِ نبی
کفر کی ظلمت سے تھی سارے جہان مین تیرگی

اب ہوا ہے ہم سیہ بختون پہ فضلِ ایزدی
اب زمین و آسمان مین ہوگی رونق دین کی

باعثِ ایجادِ افلاک و زمین پیدا ہوا

آپ ہی ہین مایۂ اعزاز و فخرِ کائنات
رحمۃ للعالمین ہے آپ ہی کی ایک ذات

قیدِ غم سے اب رہائی پائیگا ہر ذیحیات
اب گنہگارانِ اُمّت کی ہوئی مشکل نجات

دافعِ عصیان شفیع المذنبین پیدا ہوا

عدلِ حضرت سے رہینگے ایکجا شیر و غزال
سرکشانِ دہر کا اب سر اُٹھانا ہے محال

ہو نہ پابندِ شریعت یہ بھلا کسکی مجال
اب کہان آفاق مین تاریکیِ کفر و ضلال

نورِ حق خورشیدِ رب العالمین پیدا ہوا

بیخبر تھے کنہ سے اہلِ زمین اہلِ فلک — تھا معمّا ہی معمّا از ثریّا تا سمک
یون نہ تھا اظہارِ اسرارِ الٰہی آج تک — اب باعلانِ تمام احکام لائینگے ملک
مہبطِ قرآن و جبرئیلِ امین پیدا ہوا

باعثِ تنزیلِ وحی و مالکِ ارض و سما — عالمِ علمِ لدُنّی کاشفِ سرِّ خدا
ہادیِ راہِ نجات و ناہجِ نہجِ رضا — پیشوائے انبیا و مقتدائے اولیا
رہنمائے اوّلین و آخرین پیدا ہوا

دینِ حق نے آپ ہی کی وجہ سے پایا وضوح — آپ ہی کے فیض سے عالم کو حاصل ہے فتوح
آپ کے آنے سے کیون شادان نہو ہر اک کی روح — یاورِ ایوبؑ و یونسؑ ہمدمِ یعقوبؑ و نوحؑ
دستگیرِ عیسیِٰ گردون نشین پیدا ہوا

باعثِ تنزیلِ فرقان قامعِ آئینِ کفر — مبطلِ ادیانِ باطل قاطعِ آئینِ کفر
ماحیِ عصیانِ عدوے تابعِ آئینِ کفر — رائجِ حکمِ شریعت دافعِ آئینِ کفر

قبلۂ ایمان رئیس المسلمین پیدا ہوا

معدنِ الطاف و ہمت منبعِ حلم و عطا　　سالکِ راہِ حقیقت تابعِ حکمِ خدا
رہبرِ اہلِ ضلالت شافعِ روزِ جزا　　مصقلِ آئینۂ دلہائے اربابِ صفا

نور بخشِ چشمِ اربابِ یقین پیدا ہوا

باعثِ آرامِ روح و دافعِ رنج و محن　　قاسمِ نار و جنان محبوبِ ربِّ ذوالمنن
یکہ تازِ روزِ ہیجا صفدر و شمشیر زن　　جوہرِ تیغِ شجاعت لشکرِ اعدا شکن

مردِ میدان صاحبِ فتحِ مبین پیدا ہوا

صاحبِ فیض و سخا و اشجعِ میدانِ رزم　　افتخارِ انبیا و اشجعِ میدانِ رزم
افسرِ اہلِ وغا و اشجعِ میدانِ رزم　　خسروِ تیغ آزما و اشجعِ میدانِ رزم

لشکر آرا صاحبِ تاج و نگین پیدا ہوا

آپ ہی کی وجہ سے پُرنور ہے ساری زمین　　آپ ہی کا بھرتے ہیں دم عیسیٔ گردون نشین

آپ ہی ہین موردِ الطافِ عالم آفرین   چاہیے تعظیم کو اُٹھین جو ہین محفل نشین

نائبِ خاصِ خدا سے ماہ وطین پیدا ہوا

بادشاہِ ہفت کشور ہے اِسی در کا فقیر   آپ کو محبوب رکھتا ہے خداوندِ قدیر

چاہ پر موقوف کیا عاشق ہین سب برنا و پیر   ہا لہ آسا کیون ہمارا دل نہ قربان ہو امیر

ہے جو محبوبِ خدا وہ مہ جبین پیدا ہوا

اشعارِ متفرقہ

اُس شوخ کی گلی مین یہ ہے جوشِ نقشِ پا   ہر نقشِ پا ہوا ہے ہم آغوشِ نقشِ پا

نظر سے اپنی ہو سیکھے کہ آہِ عاشق سے   تمھین تو پہلے نہ آتا تھا دل مین گھر کرنا

عاشقون کو ترے کوچے سے نکلنے نہ دیا   ضعف نے پانْون یہ پھیلائے کہ چلنے نہ دیا

آج سنتا ہون رہا غیر انھین کے گھر مین   گیا وہ ارمان مرا سمجھے جو نکلنے نہ دیا

کیون بھلا شمعِ سرِ قبر بجھا دی تمنے   یہ بھی کیا غیر کا دل تھا جسے جلنے نہ دیا

بے دہن ہمنے کہا ہے تمھین رہنا خاموش   منھ ہمارا ہے تو یہ بات ہماری رکھنا

رنج غیرون سے نہ آرام قریبون سے ملا   جس سے جو مجھکو ملا میرے نصیبون سے ملا

لگا کے آنکھون مین کا جل بنا وُ دُنبالے   علیل ڈھونڈھتے ہین آسرا جریون کا

یہ تنگ ہے اب تو لاغری کا کہ ٹھیک نقشہ نہین اُترتا   قلم نے تنگ آ کے ہاتھ کھینچا تھکے مصور بنا بنا کر

اُمیدِ مہر ہے بیکار دل لگانے مین   رواج ہی نہین الفت کا اس زمانے مین

بتون کے ہاتھ تھے ہاتھون مین سب راہین تھین   کبھی ہین بھی محبت مین رستگاہین تھین

جو رازِ عشق چھپانے پہ آتے تم اے جاہ   ہزار اسکے طریقے ہزار راہین تھین

اُٹھکے اس شوخ نے پچھلے کو جو باندھا جوڑا   کھل گیا ہمپہ کہ اب وصل کی شب آخر ہے

بیٹھے ہین وہم باز لپیٹین رِدائے شب   منھ پھیرے ہین پروانے چراغ سحری سے

انگشتِ حنائی مین انگوٹھی یہ نہین جاہ   نکلی ہے نئی شاخ عقیقِ شجری سے

آہین جو تھمین اشک ہمارے نکل آئے   اس ابر کا چھٹنا تھا کہ تارے نکل آئے

وہ سوتے سوتے شب وصل ہو گئے بیدار — غضب ہے کھل گئیں راہیں حیا کے آنے کی

اُنکے گھر پر خلد کی پھبتی کہی — دُور کی سوجھی ٹھکانے کی کہی

ضبط گریہ سے پڑے اور بھی دل میں سوراخ — بنگئے ہیرے کی کنیاں مرے آنسوؤں میں

پیار کی آنکھ نے محشر میں قیامت ڈھائی — ایک شکوہ مجھے اللہ سے کرنے نہ دیا

راہ میخانے کی کیوں روکتے ہو دیر ہے کچھ — واعظو توبہ کرو توبہ کرو خیر ہے کچھ

رُکتی نہیں زبان دم گفتار آپ کی — کاٹھی سے اُگلی پڑتی ہے تلوار آپ کی

تلوار کھینچے پھرتی ہے چاروں طرف نگاہ — دل گدگدا رہا ہے مرے تیز دست کا

وہ چھیڑ کے سنتے ہیں کہانی مرے دل کی — پھر اُس پہ مزا یہ کہ زبانی مرے دل کی

اے جنوں لاکھ ہو دل بندۂ فرمان تیرا — ہاتھ میرا ہے دم حشر گریبان تیرا

داغوں سے میرے کیجیے اندازۂ بہار — ہر داغ دل ہے رشک گل تازۂ بہار

حضرت اُستادی امیر مینائی این رباعی در نامہ گرامی خود نزد این حقیر

فرستادند و هو ہذا

ہمت کا تری ہے نور تیرے گھر مین	کلفت کا مری ظہور میرے گھر مین
اے شمع فروغِ بزم الطاف و کرم	پھر حاجتِ شمع ہے اندھیرے گھر مین

پس تعمیلِ امر کردم و بجواب‌ش رباعی نظم نمودہ برای اصلاح ارسال کردم و بجاے صلاح دادِ سخن یافتم و ہو ہذا

تم بدر ہو اور سب ہین تارے گھر مین	چہرے کی ضیا سے دن ہے سارے گھر مین
روشن کنِ ہشش جہت ہے روے انور	کیا حاجتِ شمع ہے تمھارے گھر مین

قطعاتِ تواریخ

قطعۂ تاریخِ انتقالِ فردوس آرام گاہ جنابِ والدِ مغفور طاب ثراہ المتخلص بہ سالک

جنابِ والدم چون از جہان رفت	گریبان چاک شد تا بہ توان رفت

ندا آمد چو کردم فکرِ تاریخ　　سلیمان جاہ سالک در جنان رفت
سنہ ۱۲۹۹ ہجری

تاریخِ انتقال جنت مکان جناب والدۂ مغفورہ بہ تعمیۂ یک عدد

اشکِ غم جاریست چون نہر وان از عینِ من　　در غمِ ما در قیامت زاست شور و شینِ من
جاہ قلبِ خویشتن راندر تاریخش کنم　　جلوہ آرای جنان مخدومۂ کونینِ من
سنہ ۱۲۸۲ ہجری

تاریخِ انتقالِ پرملال اہلخانۂ فقیر غفرہا اللہ الحمد والہ الامجاد

رنج و غم کی ہے اب فراوانی　　جاہ آفت ہے خانہ ویرانی
گر کوئی پوچھے کیون ہو تم محزون　　کہدو۔ پایا ہے داغِ روحانی
سنہ ۱۳۰۹ ہجری

ایضاً تاریخِ دوم

خانہ ویرانی کی آفت جو سہی　　تاب طاقت نہ ذرا دل مین رہی
پوچھی ہاتف سے جو تاریخِ وفات　　غمکدہ گھر ہے۔ یہ تاریخ کہی
سنہ ۱۳۰۹ ہجری

تاریخِ کشکول مسمیٰ بہ اقتباس الانوار از تالیفِ حقیر

چھپا جب یہ کشکول سب نے کہا — ہے واللہ کشکول مقبولِ خلق

دمِ فکرِ تاریخ آئی ندا — ہوا جاہ کشکول مقبولِ خلق

سنہ ۱۳۰۵ ہجری

تاریخ درِ ثمین در ادعیہ از تالیفاتِ حقیر

چھپ کے طیار ہوئی جب دعاؤں میں کتاب — فکرِ تاریخ میں اے جاہ ہوا دل بے چین

آئی ہاتف کی یہ آواز دمِ فکر مجھے — اسکو زیبا ہے کہو تم جو۔ ریاض الدارین

سنہ ۱۳۰۶ ہجری

تاریخ تعمیرِ باغِ حضورِ فیضان معمور جناب عم سلمہ معظم گوالٹولی دام اقبالہ العالی

جنابِ عمِ معظم نے جب بنایا باغ — ہوئی یہ فکر کہ کیا اس چمن کو کہتے ہیں

صدائے ہاتفِ غیبی یہ صاف آئی جاہ — ریاضِ اہلِ صفا اس چمن کو کہتے ہیں

سنہ ۱۳۱۶ ہجری

تاریخ بنائے دو منزلہ در بازار حسبِ ایمائے اخوی المکرم عالیشان

نواب سید سلطان حسین خان صاحب زادت عطوفتکم

یہ منزل ہے مقامِ کامرانی — زمیں پہ آسمان کی ہے نشانی

بے مجھے تاریخ کی تھی فکرا سے جاہ — کہا ہاتف سے نے۔ قصرِ خسروانی
۱۳۱۷ھ

ایضاً

عجب یہ عمارت ہے دلچسپ واہ — کہ جا کر پلٹتی نہین پھر نگاہ

رہے اِسمین جو اُسکو فرحت رہے — فرح بخش منزل ہے تاریخ جاہ
۱۳۱۷ھ

قطعۂ تاریخ طبع دفتر تواریخ از تالیفات عالیجناب ذوی المحامد والالقاب نواب سید محمد جعفر صاحب نزاد مجدکم المعروف بہ نواب پیارے صاحب المتخلص بہ جعفر ساکن شمس آباد

جعفر عہد در زمینِ سخن — تخمِ تاریخہائے رنگین کشت

جاہ بشنید و سالِ تالیفش — مخزنِ نورِ جعفری بنوشت
۱۳۱۶ ہجری

قطعۂ تاریخ ارتحالِ جناب سید آغا علی صاحب المعروف بہ بڑے آغا صاحب شمس آبادی

آغا علی کہ بود ز ساداتِ نامور — صد حیف زین جہان سفرِ آخرت نمود

جاہ این خبر شنیدہ پئے سالِ رحلتش — اِغْفِرْ لَہٗ بگفت و خدا مغفرت نمود

سنہ ۱۳۱۶ہجری

تاریخِ انتقالِ حضرت اُستادی جناب مفتی امیر احمد صاحب امیر مینائی بہ تعمیۂ یک عدد

چو اُستادِ من سوئے باغِ جنان رفت — ز دل صبر و آرام و تاب و توان رفت

شد از روئے افسوس تاریخ اے جاہ — امیرِ زباندان ز دارِ جہان رفت

سنہ ۱۳۱۸ہجری

قطعۂ تاریخ طبع واسوخت جناب سید مختار احمد صاحب مختار شاہجہانپوری من تلمیذ حضرت اُستادی امیر مینائی حسبِ فرمایشِ مؤلفِ واسوخت

واہ کیا مختار کا واسوخت ہے — عشق کا جس سے عیاں ہے سازِ سوز

لفظ سب روشن مثالِ آئینہ — جن سے شرماتا ہے مہرِ نیم روز

تم سے گر پوچھے کوئی تاریخِ طبع — صاف کہدو جاہ نظمِ دل فروز

۱۳۱۷ھ

قطعۂ تاریخِ طبع دیوانِ نعتیۂ جناب محمود علی صاحب خوشدل شاگردِ

جناب منشی محمد فصیح اللہ خانصاحب نیّر بنارسی

طبع دیوان ہوا جو نعتیہ — دل ہوا خوش جناب خوشدل کا

ہمسے جب سالِ طبع پوچھا جب — ہمنے مرغوبِ اہلِ دل لکھا

سنہ ۱۳۱۰ ہجری

قطعاتِ تواریخ دیوانِ ھذا

قطعۂ تاریخ از رشحاتِ کلکِ گہر سلکِ اُستادالسلطان مقرب الخاقان بلبلِ ہندوستان فصیح الملک جناب نواب مرزا خانصاحب داغِ دہلوی دبیر الدولہ ناظم یار جنگ بہادر

یہ وہ دیوان ہے سُننے جو اِسکے شعر — آہ نکلے یا زبان سے اُسکی واہ

طبعِ روشن کا نتیجہ دیکھیے — اِسکا ہر نقطہ ہے رشکِ مہر و ماہ

لفظ و معنی دونوں ہیں سے سرفراز — فخر حاصل نظم کو بے اشتباہ

داغ پر فرمائشِ تاریخ تھی — لکھدیا اُسنے۔ مذاقِ عشق جاہ

سنہ ۱۳۲۰ھ

از نتیجۂ افکارِ گہر بارِ جناب افضل الدولہ مظفر الملک سید افضل علی خان بہادر شوکت جنگ خلفِ اصغر جناب تدبیر الدولہ مدبر الملک منشی سید مظفر علی خان بہادر بہادر جنگ متخلص بہ آسیر برّد اللہ مضجعہ

وہ دیوان ہو اطبع جو در حقیقت ہے لاکھون مین یکتا ہزارون مین بہتر
ہے ہر ایک صفحہ کہ صحنِ گلستان ہین اوراق رنگین کہ برگِ گلِ تر
صفائی عبارت کی کہتی ہے سب سے ہین آئینۂ طبعِ مصنف کے جوہر
لڑا جسکے مضمون سے مضمون وہ بولا کہ قسمت سے لڑتا ہے دیکھو مقدر
کرے لاکھ کوئی بشر جہد لیکن ثنائے مصنف ہے امکان سے باہر
نہین کوئی ہمسر زمانے مین ایسا سخن مین سخن دان سخن گو سخن ور
تخلص سے ہے اہلِ عزت پہ ظاہر کہ ہر اک سے ہین جاہ و عزت مین بڑھکر
مضامین ہین سب آبدار اور روشن ہر اک سطر ہے سلکِ گوہر مقرر

ہوئی سالِ تاریخ کی فکر افضل　　کیا غور خامے نے اسمین مکرر

صدا جو ہری طبیعت نے یہ دی　　ہے ہر شعر دیوان کا دُرجِ گوہر

سنہ ۱۳۲۰ ہجری

ایضاً ولہ

ہو جو دیوانِ جاہ کی تعریف　　لائے کوئی کہان سے ایسی زبان

کوئی ایسا نہین زمانے مین　　شاعرِ نکتہ سنج و سحر بیان

صدف الفاظ ہین گہر معنی　　بحرِ زخار ہے کہ طبعِ روان

فارسِ عرصۂ سخن یہ ہین　　دائرہ گو ہے سطر ہے چوگان

کیا فصاحت ہے کیا بلاغت ہے　　کہ خجل ہین فرزدق و حسان

یان ہے تکرار مین زیادہ لطف　　اسپہ تکرار کیا کرے سحبان

لفظ مین یون ہین معنیِ رنگین　　جسطرح بوی گل ہو گل مین نہان

کس طرح سے بیان کرے کوئی　　وصف لاکھون ہین اور ایک زبان

ماہرِ فن رئیسِ ذی ہمت　　صاحبِ علم شاعرِ ہمہ دان

کل ہو جو بات وہ خدا جانے　　آج یہ فرد ہیں میانِ جہان

ہے یہ تاریخِ طبع اے افضل　　واہ کُل بے نظیر ہے دیوان
سنہ ۱۳۲۰ ہجری

قطعاتِ تواریخِ طبع این دیوان از نتائجِ افکارِ گہربارِ عالمِ المعی فاضل لوذعی جناب مولوی سید علی صاحب الشہیر بہ مولوی علی میاں صاحب متخلص بہ کامل زادت افاداتکم

ایک ہمفن نے یہ دیوان دیکھکر　　مجھسے پوچھا اے نبیہِ نکتہ دان

کس سخنگو کا ہے یہ بستانِ نظم　　ہر غزل سے رنگِ جودت ہے عیان

حبذا طلعت کہ اِک اِک لفظ پر　　نجمِ تابندہ کا ہوتا ہے گمان

سُنکے یہ کامل دیا مینے جواب　　کیا نہیں آگاہ تو اے ہمزبان

نامِ ایزد ہے یہ دیوانِ لطیف　　دوسرا دیوانِ جاہِ خوش بیان
سنہ ۱۳۲۰ ہجری

وله ایضاً

تعالے اللہ یہ دیوان آئنہ ہے حُسنِ معنی کا
مرصّع ہر غزل ہر صفحہ گویا اک خیابان ہے

مصنّف جاہِ عالیجاہ ہین اِس نظمِ دلکش کے
کلامِ بیمثال اُنکا جواہر خیزِ عمّان ہے

محیطِ علم ہین نامِ خدا عرشِ فضائل ہین
مقرِ عالم مین یکتائی کا اُنکی ہر سخندان ہے

یہ دیوانِ دوم ممدوح کا ہے جسکا ہر نقطہ
رُخِ لیلیٰ کا خالِ دلستان یا نجمِ تابان ہے

رقم کامل نے کی ترتیب کی تاریخ آخر مین
گلستانِ فصاحت جاہ کا نایاب دیوان ہے
سنہ ۱۳۲۰ ہجری

وله ایضاً

جاہِ ذیجاہ کا دیوان دوم ہے یہ کلام
جسپہ نظم کہ ہے مطلعِ انوارِ سخن

غیرتِ آئنہ ہر صفحہ ہے اِس دیوان کا
ایک اِک بیت ہے گلدستۂ ازہارِ سخن

کیون مرصّع نہ ہو ہر اِک شعر ہو ماشاءاللہ
فکرِ عالی ہے رگِ ابرِ گہر بارِ سخن

آتشِ وادیِ ایمن ہے تجلّی مین یہ نظم
کیون نہ اِس نظم سے ہو گرمیِ بازارِ سخن

سالِ ترتیب اِن الفاظ مین کامل نے لکھا — صدفِ حُسن ہے یہ جاہ کا گلزارِ سخن
سنہ ۱۳۲۰ ہجری

ولہ ایضاً

جاہِ ذیجاہ کا دیوانِ دوم ہے یہ کلام — اوجِ رفعت مین کہین بامِ فلک سے بالا
کس زبان سے ہو ثنا فکرِ مصنف کی بیان — قالبِ نور مین ہر شعر ہے اِسکا ڈھالا
کہکشان صفتِ تجلی مین ہین ساری کشتین — قمرِ حُسن کا ہر دائرہ ہے اِک ہالا
ہیکلین سینۂ معشوق کی ہین سب سطرین — وصل ترکیبون کا ہے گوشِ بتان کا جھالا
عیسوی مین سنۂ طبع لکھا کامل نے — جاہ کا باغِ سخن ہے یہ کلامِ والا
سنہ ۱۹۰۲ء

ولہ ایضاً

یہ دیوان وہ گلستانِ مسرت خیزِ معنی ہے — کہ مردم کی زبانون پر ہے چرچا جسکی نزہت کا
مشامِ جان کو عنبر بیز یہ اشعار کرتے ہین — یہان کیا ذکر اے بادِ صبا پھولون کی نکہت کا
مصنف کی ثنا جو کچھ کرین اہلِ سخن کم ہے — کہ یہ والا گہر سر حلقہ ہے اہلِ مہارت کا

روانی آجتک ایسی طبیعت کی نہین دیکھی — بہایا ہے سر قرطاس کیا دریا فصاحت کا

رقم کی طبع کی تاریخ کامل نے مسیحی مین — یہ دیوان آئنہ ہے ہمزبان وصف بلاغت کا

سنہ ۱۹۰۲ع

قطعۂ تاریخ از طبع وقاد و ذہن نقاد نخبۃ الشعراء جناب مولوی لطیف احمد صاحب آختر مینائی خلف الرشید حضرت اُستادی آمیر مینائی آنجہانی

چھپ گیا دیوان ثانی جاہ عالیجاہ کا — شاعرون کے واسطے یہ بیبہا سوغات ہے

مینے اے آختر نکالا ایک مصرع سال کا — آفرین اے جاہ معنی آفرین کیا بات ہے

سنہ ۱۳۲۰ ہجری

قطعۂ تاریخ از ریختۂ خامۂ عنبر شمامہ جناب حافظ جلیل حسن صاحب سکرٹری امیر اللغات تلمیذ رشید حضرت امیر مینائی مرحوم

اللہ رے کلام حضرت جاہ — مرزا کا ہے ڈھنگ میر کا رنگ

دیوان دوم چھپا تو چمکا — پھر مصحفی و آسیر کا رنگ

کہتا ہے کوئی کلام سنکر — یہ رنگ تو ہے وزیر کا رنگ

لٹتا ہے کوئی روشِ صبا کی — لٹتا ہے کوئی عبیر کا رنگ

بولا یہ جلیل سُن کے سب کی — واللہ ہے خاص آپکا رنگ

سنہ ۱۳۲۰ ہجری

قطعۂ تاریخ طبع از نتیجۂ افکار نجم الشعرا شمس الحکما جناب حکیم محمد حامد حسین خان صاحب متخلص بہ سخن شاگرد رشید حضرت حکیم مغفور

طبع ہو کر ہو گیا مطبوعِ خلق — اے زہے دیوانِ حامدِ باکمال

سُن لیا شہرہ جو اسکا ایک دن — ہو گئی پیدا سخن کو فکرِ سال

مثل جب اُسکا نہ پایا لکھدیا — ہے یہ دیوانِ دُرافشان بےمثال

سنہ ۱۳۲۰ ہجری

قطعۂ تاریخ چکیدۂ قلم اعجاز رقم جناب فدا حسین خان صاحب متخلص بہ سعید برادرِ حضرت سخن و شاگرد حضرت حکیم مرحوم علاقہ دار وسینہ وغیرہ

چو شد مطبوع این دیوانِ ثانی — کہ تصنیفش نمودہ حامدِ ذیشان

سعید این سالِ طبعِ او رقم زد — پسندِ طبع لاثانی ست دیوان

سنہ ۱۳۲۰ ہجری

قطعۂ تاریخ نتیجۂ طبع نقّاد المعی زمان لوذعی دوران جناب شیخ وزیر علی صاحب المتخلص بہ وزیر شاگرد رشید حضرت حکیم مرحوم

بعد اول یون چھپا دیوانِ ثانی جاہ کا — جیسے گردون پہ ہو بعد مہر جلوہ ماہ کا

ہین نئے مضمون اسمین اور نرالی بندشین — واہ کیا کہنا ہے اس دیوانِ عالیجاہ کا

داستانِ عشق پڑھکر کیون نہ سمجھے ہر حسین — ہے کہین نالے کا مضمون اور کہین پر آہ کا

وہ بنائے جاہ ہین اسکے مصنّف وزیر — مرتبہ جنکا ہے اقلیمِ سخن مین شاہ کا

دی صدا ہاتف نے یون ہنگامِ فکرِ سالِ طبع — گیا ہی ہے بے مثل یہ دیوانِ ثانی جاہ کا

سنہ ۱۳۲۰ ہجری

قطعۂ تاریخ از افکار گہربار جناب قاری میر محمد رضا صاحب متخلص بہ نیسان

ثریا پایگہ نواب اعظم جاہِ عالیجاہ — دوم دیوان مرتب کردہ رشکِ کاملینِ شعر

شدم نیسان بنظمِ سالِ این ترتیب گوہر بار — بروئیدہ نہالِ بس پُر از گل از زمینِ شعر

سنہ ۱۳۲۰ ہجری

تمام

اعلان

بسبب کثرتِ کاروافکار نوبتِ تصحیح وتحقیق وتصرفات و حسنِ ترتیبِ تواریخ ودرستی غلطنامہ
ومقابلۂ متروکات وتواردات کی نہین آئی مستعجلاً باصرارِ احباب طبع ہوا ہے
اور جمیع اہلِ مطابع کو اجازت دیجاتی ہے کہ جو صاحب جس قدر چاہین
اپنے لیے چھپوائین مگر تصحیح کا خیال مقدم رکھین فقط

حررہٗ

بمناہ الدائرۃ الوازرہ

سیّد بنیاد حسین جاہ

عفی عنہ